| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا ئِ ہِم | ان پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | وَلِلْكٰفِرِيْنَ | وَ لِلْ کَا فِ رِ يْنَ | اور کافروں کے لئے | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّارِ مَکّہ، کُفرانِ نعمت |
| | اَمْثَالُهَا ⑩ | اَمْ ثَا لُ ہَا | اس جیسی (سزائیں) ہیں | م ث ل | مِثال، مِثل، اَمثِلہ، تَمثِيل، مِثالیں |
| ١١ | ذٰلِكَ | ذَا لِ كَ | یہ | | |
| | بِاَنَّ | بِ اَن نَ | اس لئے کہ بے شک | | |
| | اللّٰهَ | ل لَا ہَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِين |
| | مَوْلَى | مَا وْ لَ | مددگار ہے | و ل ی | وَلی، مَولیٰ، وَلیُ اللہ، اَولیاءِ کرام |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ ىْ نَ | ان لوگوں کا جو | | |
| | اٰمَنُوْا | آ مَ نُوْ | ایمان لائے | ء م ن | اَمن و اَمان، مُومِن، اِیمان |

دَمَّرَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلِلْكٰفِرِيْنَ اَمْثَالُهَا ⑩ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

ہلاک کر دیا اور کافروں کے لئے اسی طرح کی سزائیں ہیں ⑩ وہ اس لئے کہ ایمان والوں کا کارساز خود اللہ تعالیٰ ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاَنَّ | وَ اَن نَ | اور (اس لئے کہ) بے شک | | قَول و قَرار، حُزن و مَلال، غم و حُزن |
| | الْكٰفِرِيْنَ | لْ كَا فِ رِ یْ نَ | کافر لوگ | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّارِ مَکّہ، کُفرانِ نعمت |
| | لَا | لَا | نہیں ہے | | لاتعداد، لاعِلاج، لاعِلم، لاجواب |
| | مَوْلٰى | مَا وْ لَا | کوئی مددگار | و ل ی | وَلی، مَولیٰ، وَلیُ اللہ، اَولیاءِ کرام |
| | لَهُمْ ⑪ | لَ ہُم | ان کا | | |
| ١٢ | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | اللّٰهَ | ل لَا ہَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِين |
| | يُدْخِلُ | یُ دْ خِ لُ | داخل کرے گا | د خ ل | داخِل، دُخُول، وَزارتِ داخِلہ |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | ان لوگوں کو جو | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اٰمَنُوْا | آ مَ نُوْ | ایمان لائے | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، ایمان |
| | وَعَمِلُوا | وَ عَ مِ لُ | اور انہوں نے عمل کئے | ع م ل | عَمل، اَعمال، عامِل، مَعمول |
| | الصّٰلِحٰتِ | ص صَا لِ حَا تِ | نیک | ص ل ح | صالحین، صُلحاء، اَعمالِ صالح |

ع ١١ ٥

وَاَنَّ الْكٰفِرِيْنَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ ﴿١١﴾ ع اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اور اس لئے کہ کافروں کا کوئی کارساز نہیں ⑪ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک اعمال کئے انہیں اللہ تعالیٰ یقیناً ایسے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | جَنّٰتٍ | جَن نَا تِنْ | ایسے باغات میں | ج ن ن | جنّتِ فِردوس، جنّتُ المُعلّٰی، جنّتُ البقیع |
| | تَجْرِيْ | تَ جْ رِیْ | (کہ) چلتی ہیں | ج ر ی | جاری وساری، اِجراء، جریان |
| | مِنْ تَحْتِهَا | مِنْ تَ حْ تِ هَ | ان کے نیچے | ت ح ت | تحتَ الشُّعور، ماتحت، تحتَ الارض |
| | الْاَنْهٰرُ ؕ | لْ اَنْ هَا رُ | نہریں | ن ه ر | نَہرِ جاری، نَہرِ زُبیدہ، محکمہ اَنہار |
| | وَالَّذِيْنَ | وَلْ لَ ذِیْ نَ | اور وہ لوگ جنہوں نے | | شان وشوکت، صبر وتحمُّل، ذِکر واَذکار |
| | كَفَرُوْا | كَ فَ رُوْ | کفر کیا | ك ف ر | کُفر، کافر، کُفّارِ مکّہ، کُفرانِ نعمت |
| | يَتَمَتَّعُوْنَ | یَ تَ مَت تَ عُوْنَ | وہ (دنیا ہی کا) فائدہ اٹھاتے ہیں | م ت ع | مَتاعِ کارواں، مَتاعِ عزیز، مَتاعِ دُنیا، مَتاعِ آخرت |
| | وَيَاْكُلُوْنَ | وَ یَ x كُ لُوْنَ | اور وہ کھاتے ہیں | ء ك ل | اَکلِ حلال، ماکول، ماکولات |

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَتَمَتَّعُوْنَ وَيَاْكُلُوْنَ

باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں جاری ہیں اور جو لوگ کافر ہوئے وہ (دنیا ہی کا) فائدہ اٹھا رہے ہیں اور مثل چوپایوں کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَمَا | كَ مَا | جس طرح | | کالعدم، کالعدم جماعت، کماحقّہٗ |
| | تَاْكُلُ | تَ x كُ لُ | کھاتے ہیں | ء ك ل | اَکلِ حلال، ماکول، ماکولات |
| | الْاَنْعَامُ | لْ اَنْ عَا مُ | چوپائے | ن ع م | سورت اَنعام، عوام کالانعام |
| | وَالنَّارُ | وَن نَا رُ | اور آگ ہی | ن و ر | نارِ نمرود، نارِ جہنم، نارِ سَموم |
| | مَثْوًى | مَ ثْ وَ | ٹھکانا ہے | ث و ی | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَّهُمْ ۝١٢ | ل لَ ہُمْ | ان کا | | |
| ١٣ | وَكَاَيِّنْ | وَ کَ آ ئِ يِ | اور کتنی ہی | | شان وشوکت، صبروتحمّل، ذِکرواذکار |
| | مِّنْ قَرْيَةٍ | م مِنْ قَ رْ يَ تِنْ | بستیاں | ق ر ی | قریہ قریہ بستی بستی، اُمّ القریٰ (مکہ) |
| | هِيَ | ہِ يَ | (کہ) وہ | | |
| | اَشَدُّ | اَ شَ دْ دُ | شدید ترتھیں | ش د د | شَدِید، شِدّت، اَشد ضُروری |

كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ ۝١٢ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ هِيَ اَشَدُّ

کھا رہے ہیں، ان کا (اصل) ٹھکانہ جہنم ہے ⑫ ہم نے کتنی بستیوں کو جو طاقت میں تیری اس بستی سے زیادہ تھیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قُوَّةً | قُ وْ وَ تَ | قوت میں | ق و ی | قُوّت، قَوِی، مُقوّی غذا |
| | مِّنْ قَرْيَتِكَ | م مِنْ قَ رْ يَ تِ كَ | آپ کی بستی (مکہ) سے | ق ر ی | قریہ قریہ بستی بستی، اُمّ القریٰ (مکہ) |
| | الَّتِيْٓ | ل لَ تِيْ.. | وہ جو | | |
| | اَخْرَجَتْكَ ۚ | اَ خْ رَ جَتْ كَ | اس (کے رہنے والوں) نے آپ کو نکالا ہے | خ ر ج | خارج، وَزارتِ خارجہ مَخرَج، خُروج |
| | اَهْلَكْنٰهُمْ | اَ هْ لَ كْ نَا هُمْ | ہم نے انہیں ہلاک کر دیا | ه ل ك | ہَلاک ہونا، مُہلِک، ہَلاکت |
| | فَلَا نَاصِرَ | فَ لَا نَا صِ رَ | پھر کوئی (بھی) مدد کرنے والا نہیں تھا | ن ص ر | نُصرت، نَاصِر، مَنصُور، نَصِیر |
| | لَهُمْ ۝١٣ | لَ هُمْ | ان کی | | |
| ١٤ | اَفَمَنْ | اَ فَ مَنْ | کیا پھر جو شخص کہ | | |

قُوَّةً مِّنْ قَرْيَتِكَ الَّتِيْٓ اَخْرَجَتْكَ ۚ اَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ۝١٣ اَفَمَنْ

جس سے تجھے نکالا ہم نے انہیں ہلاک کر دیا ہے، جن کا مدد گار کوئی نہ اٹھا⑬ کیا ”پس وہ شخص جو اپنے پروردگار کی طرف سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَانَ | كَ ا نَ | وہ ہے | ك و ن | |
| | عَلٰى بَيِّنَةٍ | عَ لَا بَ ائِ يِ نَ ةِ | واضح دلیل پر | ب ی ن | بَیان، مُبَیَّنہ طَور پر، دَلیلِ بَیّن |
| | مِّنْ رَّبِّهٖ | م مِرْ رَ بْ بِ ہِیْ | اپنے ربّ کی طرف سے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد ﷺ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَمَنْ | کَ مَنْ | اس شخص کی طرح ہے کہ | | کالعدم، کالعدم جماعت، کَمَا حَقُّہٗ |
| | زُيِّنَ لَهٗ | زُوْئِ یِ نَ لَ ہُوْ | مزین کر دیا گیا اس کے لئے | ز ی ن | تزئین و آرائش، مُزَیَّن کرنا، زین (نام) |
| | سُوْٓءُ | سُوْ...ءُ | بُرا | س و ء | عُلَماءِ سُوء، اَخلاقِ سُوء، سُوءِ ظن |
| | عَمَلِهٖ | عَ مَ لِ ہِیْ | اس کا عمل؟ | ع م ل | عَمَل، اَعمال، عَامِل، مَعمول |
| | وَاتَّبَعُوْٓا | وَتْ تَ بَ عُوْ.. | اور انہوں نے پیروی کی | ت ب ع | تابعدار، تابعِ فرماں، اِتّباعِ سُنّت |
| | اَهْوَآءَهُمْ ⑭ | اَہْ وَا...ءَ ہُمْ | اپنی خواہشات کی | ھ و ی | ہَوائے نَفس، ہَوا و ہَوَس |

كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ كَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ⑭

دلیل پر ہو اس شخص جیسا ہو سکتا ہے؟ جس کے لئے اس کا برا کام مزین کر دیا گیا ہو اور وہ اپنی نفسانی خواہشوں کا پیرو ہو؟ ⑭

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۵ | مَثَلُ | مَ ثَ لُ | مثال | م ث ل | مِثال، مِثل، اَمثِلہ، تَمثِیل، مِثالیں |
| | الْجَنَّةِ الَّتِیْ | لْ جَن نَ ةِ لْ لَ تِیْ | اس جنت کی جس کا | ج ن ن | جنّتِ فردوس، جنّتُ المُعلّٰی، جنّتُ البقیع |
| | وُعِدَ | وُ عِ دَ | وعدہ کیا گیا | و ع د | وَعدہ وفائی، وَعدہ وعِید، وَعدہ کرنا |
| | الْمُتَّقُوْنَ ط | لْ مُت تَ قُوْنَ | متقی لوگوں سے (یہ ہے) | و ق ی | مُتَّقی لوگ، تقویٰ و پرہیزگاری |
| | فِيْهَآ | فِیْ ہَا.. | اس میں | | فِی الْحَال، فِی الْفَور، فِی الْوَقت |
| | اَنْهٰرٌ | اَنْ ہَا رُ | نہریں ہیں | ن ھ ر | نَہرِ جاری، نَہرِ زُبیدہ، محکمۂ اَنہار |
| | مِّنْ مَّآءٍ | م مِم مَا...ءِنْ | ایسے پانی کی | م و ہ | مَاءِ زمزم، مَاءِ شیریں، مَاءِ بَارِد |
| | غَيْرِ | غَا ئِ رِ | نہیں | غ ی ر | غیر مُلکی، غیر مشروط، غیرُ اللہ |
| | اٰسِنٍ ج | آ سِ نِ | جو خراب ہونے والا | ء س ن | |
| | وَاَنْهٰرٌ | وَ اَنْ ہَا رُ | اور نہریں ہیں | ن ھ ر | نَہرِ جاری، نَہرِ زُبیدہ، محکمۂ اَنہار |

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِیْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ط فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ج وَاَنْهٰرٌ

اس جنت کی صفت جس کا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے، یہ ہے کہ اس میں پانی کی نہریں ہیں جو بدبو کرنے والا نہیں، اور دودھ کی نہریں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنْ لَّبَنٍ | م یل لَ بَ نِ | ایسے دودھ کی (کہ) | ل ب ن | لَبَن خَالِص (خالص دودھ)، لُبنیٰ (نام) |
| | لَّمْ يَتَغَيَّرْ | ل لَمْ یَ تَ غَائِیْ یَرْ | (کبھی) تبدیل نہیں ہوا | غ ی ر | تَغَیُّرات، مُتَغَیِّر، تَغَیُّر وتبدُّل |
| | طَعْمُهٗ ج | طَ عْ مُ ہٗ | اس کا ذائقہ | ط ع م | طَعَام اَما حضر، قَبل از طعام، قِیام وطعَام |
| | وَاَنْهٰرٌ | وَ اَنْ ہَا رٌ | اور نہریں ہیں | ن ھ ر | نَہر جاری، نَہر زُبیدہ، مَحکمہ اَنہار |
| | مِّنْ خَمْرٍ | م یمن خَ مْ رِ | ایسی شراب کی جو | خ م ر | خُماری ہونا، خُمار، خُمَر (اوڑھنی) |
| | لَّذَّةٍ | ل لَذ ذَ ةِ | لذیذ ہے | ل ذ ذ | لَذّتِ آشنائی، لَذِیذ کھانا |
| | لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ ۵ | ل لِش شَا رِ بِیْ ن | پینے والوں کے لئے | ش ر ب | شَربت، مَشرُوب، شَراب |
| | وَاَنْهٰرٌ | وَ اَنْ ہَا رٌ | اور نہریں ہیں | ن ھ ر | نَہر جاری، نَہر زُبیدہ، مَحکمہ اَنہار |

مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ ۵ وَاَنْهٰرٌ

ہیں جن کا مزہ نہیں بدلا، اور شراب کی نہریں ہیں جن میں پینے والوں کے لئے بڑی لذت ہے اور نہریں ہیں شہد کی جو بہت صاف ہیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنْ عَسَلٍ | م یمن عَ سَ لِ | ایسے شہد کی | ع س ل | عَسَل (شہد کو کہتے ہیں) |
| | مُّصَفًّى ط | م مُ صَف فَا | جو خوب صاف شدہ ہے | ص ف و | مُصَفّٰی خُون، صَاف شَفاف، صَافِی |
| | وَلَهُمْ | وَ لَ ہُمْ | اور ان (پرہیزگاروں) کیلئے | | عَدل واِنصاف، قَول وقَرار، مَکر وفَریب |
| | فِيْهَا | فِیْ ہَا | اس میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | مِنْ كُلِّ | مِنْ کُل لِ | ہر قسم کے | ك ل ل | کُل کَائِنات، کُل جَہان، کُل عَالَم |
| | الثَّمَرٰتِ | ث ثَ مَ رَا تِ | پھل ہوں گے | ث م ر | ثَمر بَار، مُثمِر، ثَمرہ، شَربتِ ثَمر |
| | وَمَغْفِرَةٌ | وَ مَ غْ فِ رَ ةٌ | اور عظیم بخشش ہوگی | غ ف ر | غَفّار، عَبدُ الغَفور، غَافِر، اِستِغفار |
| | مِّنْ رَّبِّهِمْ ط | م یمر رَب بِ ہِمْ | ان کے ربّ کی طرف سے | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العَالَمِین، رَبّ کعبہ، رَبِّ مُحَمَّد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |

مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ط وَلَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ط

اور ان کے لئے وہاں ہر قسم کے میوے ہیں اور ان کے ربّ کی طرف سے مغفرت ہے، کیا یہ مثل اس کے ہیں جو ہمیشہ آگ میں رہنے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَمَنْ هُوَ | کَ مَنْ ہُ وَ | (کیا یہ متقی لوگ) ان لوگوں جیسے ہو سکتے ہیں جو | | |
| | خَالِدٌ | خَا لِ دُنْ | ہمیشہ رہنے والے ہیں | خ ل د | خُلدِ بریں، خُلُود (ہیشگی)، خالِدہ (نام) |
| | فِي النَّارِ | فِنْ نَا رِ | آگ میں | ن و ر | نارِ نمرود، نارِ جہنم، نارِ سَموم |
| | وَسُقُوا | وَ سُ قُوْ | اور انہیں پلایا جائے گا | س ق ی | سَاقی، نمازِ استِسقاء، مَرضِ استِسقاء |
| | مَآءً | مَا...ءَ نْ | پانی | م و ہ | مَاءِ زمزم، مَاءِ شیریں، مَاءِ بَارِد |
| | حَمِيمًا | حَ مِیْ مَنْ | سخت گرم کھولتا ہوا؟ | ح م م | حَمیم (گرم)، حُمّٰی (بخار)، گرم حمام |
| | فَقَطَّعَ | فَ قَط طَ عَ | تو وہ ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا | ق ط ع | قطع کرنا، قاطعِ شرک و بدعت |
| | أَمْعَآءَهُمْ ⑮ | اَمْ عَا...ءَ ہُمْ | ان کی آنتیں | | |
| ١٦ | وَمِنْهُمْ | وَ مِنْ ہُمْ | اور ان میں سے بعض | | شیر و شکر، شب و روز، اُمید و رجا<br>مِنْ وعَنْ، مِنْ جُملہ، مِنْ حَیثُ القَوم |

كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ وَسُقُوا مَآءً حَمِيمًا فَقَطَّعَ أَمْعَآءَهُمْ ⑮ وَمِنْهُمْ

والا ہے؟ اور جنہیں گرم کھولتا ہوا پانی پلایا جائے گا جو ان کی آنتوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا ⑮ اور ان میں بعض (ایسے بھی ہیں کہ)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَّنْ يَّسْتَمِعُ | مَ ئیں یَسْ تَ مِ عُ | وہ ہیں جو کان لگاتے ہیں | س م ع | سَامع، قوتِ سَماعت، آلۂ سَماعت |
| | إِلَيْكَ ج | اِ لَا یْ کَ | آپ کی طرف | | رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | حَتّٰى | حَت تَا.. | یہاں تک کہ | | حَتَّی الاِمکان، حَتّٰی کہ |
| | إِذَا خَرَجُوا | اِ ذَا خَ رَ جُوْ | جب وہ نکلتے ہیں | خ ر ج | خارِج، وزارتِ خارِجہ<br>مَخرج، خُروج |
| | مِنْ عِنْدِكَ | مِنْ عِنْ دِ کَ | آپ کے پاس سے | ع ن د | عِندَاللہ مَاجُور ہوں<br>(اللہ کے پاس سے اجر ملے گا) |
| | قَالُوا | قَا لُوْ | تو کہتے ہیں | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | لِلَّذِيْنَ | لِل لَ ذِ یْ نَ | ان لوگوں سے کہ | | |
| | أُوتُوا | اُوْ تُوْ | انہیں دیا گیا | ء ت ی | |
| | الْعِلْمَ | لْ عِلْ مَ | علم | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلّم، معلوم، علّامہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ حَتّٰٓى اِذَا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ | | | | |
| | تیری طرف کان لگاتے ہیں، یہاں تک کہ جب تیرے پاس سے جاتے ہیں تو اہلِ علم سے (بوجہ کند ذہنی ولا پرواہی کے) پوچھتے ہیں کہ | | | | |
| | مَاذَا | مَا ذَا | کہ کیا | | |
| | قَالَ | قَا لَ | کہا اس (پیغمبر) نے | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | اٰنِفًا ۚ قف | آ نِ فَا | ابھی؟ | ء ن ف | |
| | اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ | اُلَا...ءِ کَ لْ لَ ذِیْنَ | یہ وہ لوگ جنہوں نے | | |
| | طَبَعَ | طَ بَ عَ | مُہر لگادی | ط ب ع | طَبع، طَباعت، مَطبع خانہ، مَطبُوعات |
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | عَلٰى قُلُوْبِهِمْ | عَ لَا قُ لُوْ بِ ہِمْ | ان کے دلوں پر | ق ل ب | قلب، قلوب، قلبی تعلق، قلبِ اَطہر |
| | وَاتَّبَعُوْٓا | وَ تْ تَ بَ عُوْ.. | اور انہوں نے پیروی کی | ت ب ع | تابعدار، تابعِ فرماں، اتّباعِ سُنّت |
| | اَهْوَآءَهُمْ ⑯ | اَہْ وَا...ءَ ہُمْ | اپنی خواہشات کی | ھ و ی | ہوائے نفس، ہَوا و ہَوس |
| | مَاذَا قَالَ اٰنِفًا ۚ قف اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ⑯ | | | | |
| | اس نے ابھی کیا کہا تھا؟ یہی لوگ ہیں جن کے دلوں پر اللہ تعالیٰ نے مہر کر دی ہے اور وہ اپنی خواہشوں کی پیروی کرتے ہیں ⑯ | | | | |
| ۱۷ | وَالَّذِيْنَ | وَل لَ ذِ یْ نَ | اور وہ لوگ جنہوں نے | | شان وشوکت، صبر وتحمّل، ذکر واذکار |
| | اهْتَدَوْا | ہْ تَ دَ وْ | ہدایت پائی | ھ د ی | ہدایت، ہادیٔ عالَم، ہادیٔ کائنات |
| | زَادَهُمْ | زَا دَ ہُمْ | اس (اللہ) نے انہیں زیادہ کیا | ز و د | زیادہ، زائد، مزید، زیادات |
| | هُدًى | ہُ دَا ئْ ں | ہدایت میں | ھ د ی | ہدایت، ہادیٔ عالَم، ہادیٔ کائنات |
| | وَّاٰتٰهُمْ | وَ آ تَا ہُمْ | اور اس نے انہیں دیا | ء ت ی | سَحَر وافطار، نماز وروزہ، صبح وشام |
| | تَقْوٰىهُمْ ⑰ | تَقْ وَا ہُمْ | ان کا تقویٰ | و ق ی | مُتّقی لوگ، تقویٰ وپرہیزگاری |
| ۱۸ | فَهَلْ | فَ ہَ لْ | سو نہیں | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَنْظُرُوْنَ | یَنْ ظُ رُ وْ نَ | وہ انتظار کرتے | ن ظ ر | اِنتِظَار گاہ، اِنتِظَار کرنا، مُنتَظِر |
| | اِلَّا | اِل لَ | مگر | | اِلَّا مَاشَاءَاللہ، اِلَّا یہ کہ، اِلَّا قَلِیل |

وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَّاٰتٰىهُمْ تَقْوٰىهُمْ ﴿۱۷﴾ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا

اور جو لوگ ہدایت یافتہ ہیں اللہ تعالیٰ نے انہیں ہدایت میں اور بڑھا دیا ہے اور انہیں ان کی پرہیز گاری عطا فرمائی ہے ﴿۱۷﴾ تو کیا یہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | السَّاعَةَ | س سَا عَ ةَ | قیامت کا | س و ع | یَومُ السَّاعَۃ (قیامت کا دن)، سَاعَتِ کُبریٰ، سَاعَات |
| | اَنْ | اَنْ | یہ کہ | | |
| | تَاْتِيَهُمْ | تَ x تِ یَ ہُمْ | وہ ان کے پاس آئے | ء ت ی | |
| | بَغْتَةً ج | بَ غْ تَ ةً | اچانک | ب غ ت | |
| | فَقَدْ | فَ قَ دْ | اور تحقیق | | |
| | جَآءَ | جَا...ءَ | آ چکی ہیں | ج ی ء | |
| | اَشْرَاطُهَا ج | اَشْ رَا طُ ہَا | اس کی نشانیاں | ش ر ط | شَرط (نشانی)، اَشرَاطِ السَّاعَۃ (قیامت کی نشانیاں) |
| | فَاَنّٰى | فَ اَن نَا | پھر کہاں ہوگا | | |
| | لَهُمْ | لَ ہُمْ | ان کے لئے | | |
| | اِذَا | اِ ذَا | جب | | |

السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ج فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ج فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا

قیامت کا انتظار کر رہے ہیں کہ وہ ان کے پاس اچانک آ جائے یقیناً اس کی علامتیں تو آ چکی ہیں، پھر جبکہ ان کے پاس قیامت آ جائے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | جَآءَتْهُمْ | جَا...ءَ تْ ہُمْ | وہ (قیامت) ان کے پاس آجائے گی | ج ی ء | |
| | ذِكْرٰىهُمْ ﴿۱۸﴾ | ذِکْ رَا ہُمْ | ان کا نصیحت حاصل کرنا؟ | ذ ك ر | تذکیر و نصیحت، ذِکر و اذکار، ذاکر |
| ۱۹ | فَاعْلَمْ | فَ عْ لَ مْ | سو آپ جان لیجئے | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعَلِّم، معلوم، علّامہ |
| | اَنَّهٗ | اَن نَ ہُوْ | کہ بلاشبہ شان یہ ہے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَآ | لَا.. | (کہ) نہیں | | لاتعداد، لاَعِلاج، لاَعلم، لاَ جواب |
| | اِلٰهَ | اِ لَا هَ | کوئی معبودِ برحق | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | اِلَّا اللّٰهُ | اِل لَل لَا هُ | مگر اللہ ہی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | وَاسْتَغْفِرْ | وَ سْ تَ غْ فِ رْ | اور آپ بخشش مانگیے | غ ف ر | غفّار، عَبدُالغفور، غافِر، اِستِغفار |
| | لِذَنْۢبِكَ | لِ ذَ مْ بِ كَ | اپنے گناہ کی | ذ ن ب | ذَنبِ صَغِیر (چھوٹے گناہ)<br>ذَنبِ کَبِیر (بڑے گناہ) |

جَآءَتْهُمْ ذِكْرٰىهُمْ ﴿١٨﴾ فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ

انہیں نصیحت کرنا کہاں ہوگا؟ ﴿١٨﴾ سو (اے نبی ﷺ!) آپ یقین کرلیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اپنے گناہوں کی بخشش مانگا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ | وَلِلْ مُ x مِ نِيْ نَ | اور مؤمن مردوں | ء م ن | مُؤمن لوگ، ایمان، مُؤمن مرد |
| | وَالْمُؤْمِنٰتِ ط | وَلْ مُ x مِ نَات | اور مؤمن عورتوں کیلئے (بھی) | ء م ن | مُؤمن لوگ، ایمان، مُؤمن عورتیں |
| | وَاللّٰهُ | وَل لَا هُ | اور اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | يَعْلَمُ | يَ عْ لَ مُ | جانتا ہے | ع ل م | عِلم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، علاّمہ |
| | مُتَقَلَّبَكُمْ | مُ تَ قَلْ لَ بَ كُ مْ | تمہارا چلنا پھرنا | ق ل ب | قلب، اِنقِلاب، اِنقِلابی اَقدام |
| | وَمَثْوٰكُمْ ع ﴿١٩﴾ | وَ مَثْ وَا كُ مْ | اور تمہارا ٹھکانا | ث و ی | شان وشوکت، صبر وتحمّل، کون ومکان |
| ٢٠ | وَيَقُوْلُ | وَ يَ قُوْ لُ | اور کہتے ہیں | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |

وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ط وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰكُمْ ع ﴿١٩﴾ وَيَقُوْلُ ع ٨ ٢

کریں اور مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں کے حق میں بھی، اللہ تم لوگوں کی آمد ورفت کی اور رہنے سہنے کی جگہ کو خوب جانتا ہے ﴿١٩﴾ اور جو لوگ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ يْ نَ | وہ لوگ جو | | |
| | اٰمَنُوْا | آ مَ نُوْ | ایمان لائے: | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمن، ایمان |
| | لَوْلَا | لَوْ لَا | کیوں نہیں | | لاتعداد، لاَعلاج، لاَعلم، لاَ جواب |
| | نُزِّلَتْ | نُزْ زِ لَتْ | نازل کی جاتی | ن ز ل | نازِل، نُزُولِ قُرآن، نازِلہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | سُوْرَةٌ ۚ | سُوْ رَ ہ | کوئی سورت؟ | س و ر | سُورۃُ الفاتحہ، سُورۃُ المَائِدہ، سُورۃُ النِّساء، سُورۃُ النَّاس |
| | فَاِذَآ | فَ اِ ذَا .. | پھر جب | | |
| | اُنْزِلَتْ | اُن زِ لَت | نازل کی جاتی ہے | ن ز ل | نازِل، نُزُول قرآن، نازِلَہ |
| | سُوْرَةٌ | سُوْ رَ ةٌ | کوئی سورت | س و ر | سُورۃُ الفاتحہ، سُورۃُ المَائِدہ، سُورۃُ النِّساء، سُورۃُ النَّاس |
| | مُّحْكَمَةٌ | م مُ ح کَ مَ تُن | مُحکَم (صاف مطلب والی) | ح ك م | مُحکَم، یقینِ مُحکَم، اَحکَام، مُتحکَّم |
| | وَّذُكِرَ | وَ ذُ کِ رَ | اور ذکر کیا جاتا ہے | ذ ك ر | ذِکر، اَذکار، ذاکر، مَذکُور، ذِکرِ الٰہی |

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ ۚ فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ

ایمان لائے وہ کہتے ہیں کوئی سورت کیوں نازل نہیں کی گئی؟ پھر جب کوئی صاف مطلب والی سورت نازل کی جاتی ہے اور اس میں قتال کا ذکر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيْهَا | فِیْ ہَ | اس میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | الْقِتَالُ ۙ | لْ قِ تَا لُ | قتال (جہاد) کا | ق ت ل | قَتل، قَاتِل، مَقتُول، قَتلِ عَام |
| | رَاَيْتَ | رَ اَ یْ تَ | تو آپ دیکھتے ہیں | ر ء ی | رِیَا، رُوْیَا، رُوْیتِ ہِلَال، غَیرمَرئی |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | ان لوگوں کو | | |
| | فِيْ قُلُوْبِهِمْ | فِیْ قُ لُوْ بِ ہِمْ | جن کے دلوں میں | ق ل ب | قَلب، قُلُوب، قَلبی تَعلّق، قَلبِ اَطہر |
| | مَّرَضٌ | مَ رَ ضُنْ | روگ ہے | م ر ض | مَرِیض، مَرَضُ المَوت، اَمرَاض |
| | يَّنْظُرُوْنَ | یَنْ ظُ رُوْ نَ | وہ دیکھ رہے ہوتے ہیں | ن ظ ر | نَظر، نَظارہ، مَنظر، ناظِرین |
| | اِلَيْكَ | اِ لَیْ کَ | آپ کی طرف | | رُجوع اِلیَ اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | نَظَرَ | نَ ظَ رَ | مانند دیکھنے | ن ظ ر | نظر، نَظارہ، مَنظر، ناظِرین |
| | الْمَغْشِيِّ | لْ مَ غْ شِ یِ | اس شخص کے کہ غشی طاری ہوگئی ہو | غ ش ی | غَاشِیَہ، غَشی طَاری ہونا |

فِيْهَا الْقِتَالُ ۙ رَاَيْتَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ

کیا جاتا ہے تو آپ (ﷺ) دیکھتے ہیں کہ جن لوگوں کے دلوں میں بیماری ہے وہ آپ (ﷺ) کی طرف اس طرح دیکھتے ہیں جیسے اس

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَيْهِ | عَ لَا ئِ ہِ | اس پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | مِنَ الْمَوْتِ ط | مِ نَل مَا وْ ت | موت کی وجہ سے | م و ت | مَوت، اَموَات، حَیَات وممَات |
| | فَاَوْلٰى | فَ آ وْ لَا | چنانچہ ہلاکت ہے | ء و ل | |
| | لَهُمْ ۚ ⑳ | لَ ہُم | ان کے لئے | | |
| ۲۱ | طَاعَةٌ | طَا عَ تُوْں | اطاعت کرنا | ط و ع | اِطاعَتِ رَسُول، اِطاعَت گُزار، مُطِیع |
| | وَّقَوْلٌ | وَ قَا وْ لُ | اور بات | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوَالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | مَّعْرُوْفٌ قف | م مَ عْ رُوْ ف | بھلی کہنا (بہتر ہے) | ع ر ف | عُرف، عَارِف، تَعرِیف، تَعارُف |
| | فَاِذَا | فَ اِ ذَا | پھر جب | | |
| | عَزَمَ | عَ زَ مَ | پختہ ہو جائے | ع ز م | عَزم کرنا، عَزمِ صَمِیم، عَزمِ مُصَمَّم |

عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ط فَاَوْلٰى لَهُمْ ۚ ⑳ طَاعَةٌ وَّ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ قف فَاِذَا عَزَمَ

شخص کی نظر ہوتی ہے جس پر موت کی بیہوشی طاری ہو، پس بہت بہتر تھا ان کے لئے ⑳ فرمان کا بجالانا اور اچھی بات کا کہنا، پھر جب

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْاَمْرُ قف | لْ اَ مْ ر | حکم (جہاد کا) | ء م ر | اَمرِ رَبِّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| | فَلَوْ | فَ لَا وْ | تو اگر | | |
| | صَدَقُوا | صَ دَ قُ | وہ سچے رہیں | ص د ق | صَادِق، صَدِیق، مُصَدِّق، صِدق |
| | اللّٰهَ | ل لَا ہَ | اللہ سے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | لَكَانَ | لَ کَا نَ | تو یقیناً (یہ سچ) ہوگا | ك و ن | |
| | خَيْرًا | خَا ئِ رَ | بہت بہتر | خ ی ر | خَیر خواہی، خَیر و شَر، خَیر و بَرَکت |
| | لَّهُمْ ۚ ㉑ | ل لَ ہُم | ان کے لئے | | |
| ۲۲ | فَهَلْ | فَ ہَ لْ | پھر تحقیق | | |
| | عَسَيْتُمْ | عَ سَا ئِ تُم | تم سے توقع ہے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنْ تَوَلَّيْتُمْ | اِنْ تَ وَل لَا يْ تُمْ | اگر تم حکمران بن جاؤ | و ل ی | وَالی، مُتَوَلّی، مُتَوَالِی، وَلی، مَولیٰ |

**الْاَمْرُ ۚ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ﴿٢١﴾ فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ**

کام مقرر ہو جائے، تو اگر اللہ تعالیٰ کے ساتھ سچے رہیں تو ان کے لئے بہتری ہے ﴿٢١﴾ اور تم سے یہ بھی بعید نہیں کہ اگر تم کو حکومت مل جائے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَنْ | اَنْ | یہ کہ | | |
| | تُفْسِدُوْا | تُفْ سِ دُوْ | تم فساد کرو گے | ف س د | فَساد، فَسادات، فاسِد مادہ، مُفسِد |
| | فِي الْاَرْضِ | فِلْ اَرْضِ | زمین میں | ء ر ض | اَرض و سَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | وَتُقَطِّعُوْٓا | وَ تُ قَطْ طِ عُوْ.. | اور تم کاٹ ڈالو گے | ق ط ع | قَطَع کرنا، قاطِع شِرک و بِدعت |
| | اَرْحَامَكُمْ ﴿٢٢﴾ | اَرْ حَا مَ كُ مْ | اپنی رشتے داریاں | ر ح م | رَحم، اَرحام، رَحم مادِر |
| ٢٣ | اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ | اُلَآ...ءِكَ ل لَ ذِيْنَ | یہی وہ لوگ ہیں کہ | | |
| | لَعَنَهُمُ | لَ عَ نَ هُمُ | ان پر لعنت کی ہے | ل ع ن | لَعنت کرنا، لَعین، مَلعُون، لَعن طَعن |
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |

**اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْٓا اَرْحَامَكُمْ ﴿٢٢﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ**

تو تم زمین میں فساد برپا کر دو اور رشتے ناتے توڑ ڈالو ﴿٢٢﴾ یہ وہی لوگ ہیں جن پر اللہ تعالیٰ کی پھٹکار ہے اور جن کی سماعت

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَاَصَمَّهُمْ | فَ اَ صَمْ مَ هُمْ | پھر اس نے انہیں بہرا کر دیا | ص م م | اَصَمّ (بہرہ، واحد) |
| | وَاَعْمٰٓى | وَ اَ عْ مَا.. | اور اس نے اندھی کر دیں | ع م ی | اَعمیٰ (اندھا آدمی)، عُمّیٰ (اندھے) |
| | اَبْصَارَهُمْ ﴿٢٣﴾ | اَبْ صَا رَ هُمْ | ان کی آنکھیں | ب ص ر | بَصارت، بَصیرت، اَبصار |
| ٢٤ | اَفَلَا | اَ فَ لَا | کیا پھر نہیں | | لاتعداد، لاعلاج، لاعلم، لاجواب |
| | يَتَدَبَّرُوْنَ | يَ تَ دَبْ بَ رُوْنَ | وہ غور و فکر کرتے | د ب ر | تَدَبُّر، تَدبیر کرنے والا، مُدَبّر آدمی |
| | الْقُرْاٰنَ | لْ قُرْ آ نَ | قرآن میں | ق ر ء | قُرآن عَظیم، قِراءَت، قاری |
| | اَمْ | اَ مْ | یا | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلٰى قُلُوْبٍ | عَ لَا قُ لُوْ بِنْ | ان کے دلوں پر | ق ل ب | قَلب، قُلُوب، قَلبی تعلّق، قَلبِ اَطہر |

فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ ﴿٢٣﴾ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ

اور آنکھوں کی روشنی چھین لی ہے ﴿٢٣﴾ کیا یہ قرآن میں غور و فکر نہیں کرتے؟ یا ان کے دلوں پر ان کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَقْفَالُهَا ﴿٢٤﴾ | اَ قْ فَا لُ هَا | تالے لگے ہیں؟ | ق ف ل | قُفل بندی، قُفل (تالا)، اَقفال (جمع) |
| ٢٥ | اِنَّ | اِ نْ نَ | بلاشبہ | | |
| | الَّذِيْنَ | لْ لَ ذِ یْ نَ | وہ لوگ جو | | |
| | ارْتَدُّوْا | رْ تَ دْ دُوْ | پھر گئے | ر د د | رَدّ کرنا، رَدِّ کفر، اِرتِداد، فِتنۂ اِرتِداد |
| | عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ | عَ لَا.. اَدْ بَا رِ هِمْ | اپنی پیٹھوں پر | د ب ر | دُبُرِ صلوٰۃ، مُدبِر، اَدبارِ زمانہ |
| | مِّنْۢ بَعْدِ مَا | مِمْ بَ عْ دِ مَا | اس کے بعد کہ | ب ع د | بعد از نماز، بعد ازاں، بعد از ظہر |
| | تَبَيَّنَ | تَ بَا یْ یَ نَ | واضح ہوگئی | ب ی ن | بَیان، مُبَیِّنہ طور پر، دَلیلِ بَیِّن |
| | لَهُمُ | لَ هُمْ | ان کے لئے | | |

اَقْفَالُهَا ﴿٢٤﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ

تالے لگ گئے ہیں ﴿٢٤﴾ جو لوگ اپنی پیٹھ کے بل اُلٹے پھر گئے اس کے بعد کہ ان کے لئے ہدایت واضح ہو چکی یقیناً شیطان نے ان

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْهُدَى ۙ | لْ هُ دَ | ہدایت | ھ د ی | ہِدایت، ہادیِ عالَم، ہادیِ کائنات |
| | الشَّيْطٰنُ | شْ شَا یْ طَا نُ | شیطان نے | ش ط ن | شیطانی خیال، شیطانی وسوسے |
| | سَوَّلَ | سَا وْ وَ لَ | مُزیّن کر دیے | س و ل | |
| | لَهُمْ ۭ | لَ هُمْ | ان کے لئے (ان کے عمل) | | |
| | وَاَمْلٰى | وَ اَ مْ لَا | اور (اللہ نے) ڈھیل دی | م ل ی | لَیل و نَہار، رَحیم و کَریم، رَنج و اَلَم |
| | لَهُمْ ﴿٢٥﴾ | لَ هُمْ | ان کو | | |
| ٢٦ | ذٰلِكَ | ذَا لِ كَ | یہ (پھرنا) | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِاَنَّهُمْ | بِ اَن نَ هُمْ | اس وجہ سے کہ بے شک | | |
| | قَالُوْا | قَا لُوْ | انہوں نے کہا | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | لِلَّذِيْنَ | لِل لَ ذِ ىْ نَ | ان لوگوں (یہود) سے جنہوں نے | | |

الْهُدَى ۙ الشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ ۗ وَاَمْلٰى لَهُمْ ﴿٢٥﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ

کیلئے (ان کے فعل کو) مزّین کر دیا ہے اور انہیں ڈھیل دے رکھی ہے ﴿٢٥﴾ یہ اس لئے کہ انہوں نے ان لوگوں سے جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَرِهُوْا | کَ رِ هُوْ | ناپسند کیا | ك ر ه | کراہت، مکروہ، مکروہ تحریمی |
| | مَا | مَا | اس چیز (قرآن) کو جو | | ماحول، مافوق الفطرت، ماجرہ |
| | نَزَّلَ | نَ ز زَ لَ | نازل کی: | ن ز ل | نازل، اِنزال، قنوتِ نازلہ |
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | سَنُطِيْعُكُمْ | سَ نُ طِىْ عُ كُ مْ | ہم ضرور تمہاری اطاعت کریں گے | ط و ع | اِطاعتِ رسول، اِطاعت گزار، مُطیع |
| | فِيْ بَعْضِ | فِىْ بَ عْ ضِ | میں بعض | ب ع ض | بعض لوگ، بَعضُ النّاس، بَعضِ اَشیاء |
| | الْاَمْرِ ۚ | لْ اَمْ رِ | کاموں (میں) | ء م ر | اَمرِ ربّی، اَمر، آمِر، مامور |
| | وَاللّٰهُ | وَل لَا هُ | اور اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | يَعْلَمُ | يَ عْ لَ مُ | جانتا ہے | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلّم، معلوم، علاّمہ |
| | اِسْرَارَهُمْ ﴿٢٦﴾ | اِسْ رَا رَ هُمْ | ان کے راز | س ر ر | سِرّی نماز، اَسرار ورموز، پُراَسرار |

كَرِهُوْا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ سَنُطِيْعُكُمْ فِيْ بَعْضِ الْاَمْرِ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ ﴿٢٦﴾

نازل کردہ وحی کو بُرا سمجھا یہ کہا کہ ہم بھی عنقریب بعض کاموں میں تمہارا کہا مانیں گے، اور اللہ تعالیٰ ان کی پوشیدہ باتیں خوب جانتا ہے ﴿٢٦﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٢٧ | فَكَيْفَ | فَ كَ ىْ فَ | پھر کیا حال ہوگا | ك ى ف | کیفیت، بہر کیف، کیف حالک |
| | اِذَا | اِ ذَا | جب | | |
| | تَوَفَّتْهُمْ | تَ وَف فَتْ هُمْ | ان کی روحیں قبض کریں گے | و ف ی | وفات، فوت ہونا، مُتوفّٰی، مُتوفّیہ (فوت شدہ) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْمَلٰٓئِكَةُ | لْ مَ لَا...ءِ کَ ةُ | فرشتے | م ل ك | مَلَکُ الْمَوت (مَوت کا فِرِشتہ) مَسجُودِمَلَائکہ |
| | يَضْرِبُوْنَ | یَ ضْ رِ بُوْنَ | جبکہ وہ مارتے ہوں گے | ض ر ب | ضَربِ کَارِی، مَضرُوب، ضَارِب |
| | وُجُوْهَهُمْ | وُ جُوْ هَ هُمْ | ان کے چہروں پر | و ج ه | وَجہ، وُجُوہ، وَجاہَت مُتَوَجّہ، تَوَجُّہ |
| | وَاَدْبَارَهُمْ ﴿٢٧﴾ | وَ اَ دْ بَا رَ هُمْ | اور ان کی پیٹھوں پر؟ | د ب ر | دُبُرِصَلوٰۃ، مُدْبِر، اَدْبارِ زَمَانَہ |

فَكَيْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ﴿٢٧﴾

پس ان کی کیسی (درگت) ہوگی جبکہ فرشتے ان کی روح قبض کرتے ہوئے ان کے چہروں اور ان کے سرینوں پر ماریں گے ﴿٢٧﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٢٨ | ذٰلِكَ | ذَا لِ كَ | یہ (مار) | | |
| | بِاَنَّهُمُ | بِ اَن نَ هُمُ | اس وجہ سے کہ بے شک انہوں نے | | |
| | اتَّبَعُوْا | ت تَ بَ عُوْ | پیروی کی | ت ب ع | تابعدار، تابعِ فرمان، اِتبَاعِ سُنّت |
| | مَآ | مَا.. | اس چیز کی کہ | | مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرت، مَاجرَہ |
| | اَسْخَطَ | اَ سْ خَ طَ | اس نے ناراض کر دیا | س خ ط | |
| | اللّٰهَ | لْ لَا هَ | اللہ کو | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | وَكَرِهُوْا | وَ كَ رِ هُوْ | اور انہوں نے ناپسند کی | ك ر ه | کَرَاہَت، مَکرُوہ، مَکرُوہ تحرِیمی |
| | رِضْوَانَهٗ | رِضْ وَا نَ هُوْ | اس کی رضامندی | ر ض و | رَضامَندی، اللہ کی رَضا، رَاضِی، مَرضِی |
| | فَاَحْبَطَ | فَ اَ حْ بَ طَ | لہٰذا اس (اللہ) نے برباد کر دیئے | ح ب ط | اَعمال حَبط (ضائع) ہو گئے |
| | اَعْمَالَهُمْ ﴿٢٨﴾ | اَ عْ مَا لَ هُمْ | ان کے اعمال | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَآ اَسْخَطَ اللّٰهَ وَكَرِهُوْا رِضْوَانَهٗ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ﴿٢٨﴾ ع

یہ اس بنا پر کہ یہ وہ راہ چلے جس سے انہوں نے اللہ کو ناراض کر دیا اور انہوں نے اسکی رضامندی کو بُرا جانا، تو اللہ نے انکے اعمال اکارت کر دیئے ﴿٢٨﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٢٩ | اَمْ حَسِبَ | اَمْ حَ سِ بَ | کیا گمان کیا ہے | ح س ب | حَسب وگُماں، حَسْبِ حَال |
| | الَّذِيْنَ | لْ لَ ذِیْ نَ | ان لوگوں نے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيْ قُلُوْبِهِمْ | فِيْ قُ لُوْ بِ ہِمْ | جن کے دلوں میں | ق ل ب | قلب، قُلُوب، قَلْبی تعلّق، قَلبِ اَطہر |
| | مَّرَضٌ | مَ رَ ضُنْ | روگ ہے | م ر ض | مَرِیض، مَرَضُ الموت، اَمراض |
| | اَنْ | اَنْ | یہ کہ | | |
| | لَّنْ يُّخْرِجَ | لَئِیْں یُ خْ رِ جَ | ہرگز نہیں نکالے (ظاہر کرے) گا | خ ر ج | خارج، وَزارتِ خارجہ مَخرَج، خُرُوج |
| | اللّٰهُ | لْ لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | اَضْغَانَهُمْ ۲۹ | اَضْ غَا نَ ہُمْ | ان کے کینے | | |

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَنْ لَّنْ يُّخْرِجَ اللّٰهُ اَضْغَانَهُمْ ۲۹

کیا ان لوگوں نے جن کے دلوں میں بیماری ہے یہ سمجھ رکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے کینوں کو ظاہر ہی نہ کرے گا ۲۹

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳۰ | وَلَوْ نَشَآءُ | وَ لَوْ نَ شَا...ءُ | اور اگر ہم چاہتے | ن ش ء | اِن شاءَاللہ، ماشاءَاللہ، مَشیتِ اِلٰہی |
| | لَاَرَيْنٰكَهُمْ | لَ اَ رَ اَیْ نَا کَ ہُمْ | تو ہم آپ کو ضرور دکھا دیتے وہ (منافق) | ر ء ی | رِیا، رُؤیا، رُؤیتِ ہِلال، غیرمَرئی |
| | فَلَعَرَفْتَهُمْ | فَ لَ عَ رَفْ تَ ہُمْ | پھر یقیناً آپ انہیں پہچان لیتے | ع ر ف | عُرف، عارِف، تعَرِیف، تعارُف |
| | بِسِيْمٰهُمْ ط | بِ سِیْ مَا ہُمْ | ان (کے چہروں) کی علامات سے | س م و | |
| | وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ | وَ لَ تَ عْ رِ فَنْ نَ ہُمْ | اور یقیناً آپ انہیں پہچان لیں گے | ع ر ف | عُرف، عارِف، تعَرِیف، تعارُف |
| | فِيْ لَحْنِ | فِيْ لَ حْ نِ | (ان کے) اندازِ | ل ح ن | لَحن، اَلحان، لَحنِ داؤدی، لَحنِ جَلی |

وَلَوْ نَشَآءُ لَاَرَيْنٰكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ط وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ

اور اگر ہم چاہتے تو ان سب کو تجھے دکھا دیتے پس تو انہیں ان کے چہرے سے ہی پہچان لیتا، اور یقیناً تو انہیں ان کی بات کے ڈھب سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْقَوْلِ ط | لْ قَا وْ لِ | گفتگو سے | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | وَاللّٰهُ | وَلْ لَا هُ | اور اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | يَعْلَمُ | یَ عْ لَ مُ | جانتا ہے | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلّم، معلُوم، علاّمہ |
| | اَعْمَالَكُمْ ۳۰ | اَعْ مَا لَ کُمْ | تمہارے اعمال | ع م ل | عَمل، اَعمال، عامِل، مَعمُول |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳۱ | وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ | وَ لَ نَبْ لُ وَن نَ كُ مْ | اور یقیناً ہم تمہیں ضرور آزمائیں گے | ب ل و | بَلا، مُبتلا، دَورِ اِبتلاء و آزمائش |
| | حَتّٰى | حَت تا | یہاں تک کہ | | حَتَّی الاِمکان، حَتّٰی کہ |
| | نَعْلَمَ | نَ عْ لَ مَ | ہم معلوم کرلیں | ع ل م | عِلم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلّامَہ |
| | الْمُجٰهِدِيْنَ | لْ مُ جَا هِ دِی نَ | مجاہدین کو | ج ه د | جُهد، جِہاد، مُجَاہِد، جہاد بِالنَّفس |

اَلْقَوْلِ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اَعْمَالَكُمْ ۝۳۰ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ الْمُجٰهِدِيْنَ

پہچان لے گا، تمہارے سب کام اللہ تعالیٰ کو معلوم ہیں ۝۳۰ یقیناً ہم تمہارا امتحان کریں گے تاکہ تم میں سے جہاد کرنے والوں اور صبر کرنے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنْكُمْ | مِنْ كُ مْ | تم میں سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | وَالصّٰبِرِيْنَ ۙ | وَ صْ صَا بِ رِیْ نَ | اور صبر کرنے والوں کو | ص ب ر | صَبر، صَابِر، صَبُور، صَابِرِین |
| | وَنَبْلُوَا۟ | وَ نَبْ لُ وَ | اور ہم جانچ لیں | ب ل و | بَلا، مُبتلا، دَورِ اِبتلاء و آزمائش |
| | اَخْبَارَكُمْ ۝۳۱ | اَ خْ بَا رَ كُ مْ | تمہارے حالات | خ ب ر | خَبِیر، خَبر دار، خَبرناک (اخبار) |
| ۳۲ | اِنَّ الَّذِيْنَ | اِن نَ لْ لَ ذِی نَ | بے شک وہ لوگ جنہوں نے | | |
| | كَفَرُوْا | كَ فَ رُوْ | کفر کیا | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّارِ مَکّہ، کُفرانِ نعمت |
| | وَصَدُّوْا | وَ صَ دْ دُوْ | اور انہوں نے روکا | ص د د | شان و شوکت، صَبر و تَحَمُّل، ذِکر و اذکار |

مِنْكُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ ۙ وَنَبْلُوَا۟ اَخْبَارَكُمْ ۝۳۱ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا

والوں کو ظاہر کردیں اور ہم تمہاری حالتوں کی بھی جانچ کرلیں ۝۳۱ یقیناً جن لوگوں نے کفر کیا اور اللہ تعالیٰ کی راہ سے لوگوں کو روکا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَنْ سَبِيْلِ | عَنْ سَ بِیْ لِ | راہ سے | س ب ل | سَبِیل، سُبُل، فِی سَبِیلِ اللہ |
| | اللّٰهِ | لْ لَا هِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | وَشَآقُّوا | وَ شَا... قْ قُ | اور مخالفت کی | ش ق ق | شَاق گزرنا، مُشَقَّت کرنا، شَق ہونا |
| | الرَّسُوْلَ | رْ رَ سُوْ لَ | رسول کی | ر س ل | رِسَالَت، رَسُول، رِسَالَہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | مِنْۢ بَعْدِ مَا | مِمْ بَ عْ دِ مَا | اس کے بعد کہ | ب ع د | بَعد اَز نَماز، بَعد اَز اَں، بَعد اَز ظُہر |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَبَيَّنَ | تَ بَائِ یَ نَ | واضح ہوگئی | ب ی ن | بیان، مُبَیَّنہ طور پر، دَلیلِ بَیّن |
| | لَهُمُ | لَ هُم | ان کے لئے | | |
| | الْهُدٰى ۙ | لْ هُ دَا | ہدایت | ھ د ی | ہِدایت، ہَادِیٔ عالَم، ہَادِیٔ کائنات |

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَشَآقُّوا الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدٰى ۙ

اور رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی مخالفت کی اس کے بعد کہ ان کے لئے ہدایت ظاہر ہو چکی یہ ہرگز ہرگز اللہ تعالیٰ کا کچھ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَنْ يَّضُرُّوا | لَائِیْں یَ ضُرْ رُ | وہ ہرگز نہیں بگاڑ سکیں گے | ض ر ر | ضَرر رساں، مُضرِ صحت، مَسجدِ ضِرار |
| | اللّٰهَ | لْ لَا هَ | اللہ کا | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ الْعالَمِین |
| | شَيْـًٔا ۭ | شَائِ آ | کچھ بھی | ش ی ء | اَشیائے خُوردنی، اَشیائے ضرُوریہ، شَئے، اَشیائے خُورد و نوش |
| | وَسَيُحْبِطُ | وَ سَ یُ حْ بِ طُ | اور وہ (اللہ) ضرور برباد کر دے گا | ح ب ط | اَعمال حَبط (ضائع) ہو گئے |
| | اَعْمَالَهُمْ ۳۲ | اَعْ مَا لَ هُم | ان کے اعمال | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |
| ۳۳ | يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ | یَا.. اَیْ یُ هَلْ لَ ذِیْنَ | اے وہ لوگو جو | | |
| | اٰمَنُوْٓا | آ مَ نُوْ.. | ایمان لائے ہو! | ء م ن | اَمن و اَمان، مُؤمن، اِیمان |
| | اَطِيْعُوا | اَ طِیْ عُ | تم اطاعت کرو | ط و ع | اِطاعتِ رَسُول، اِطاعت گُزار، مُطیع |

لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ۭ وَسَيُحْبِطُ اَعْمَالَهُمْ ۳۲ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا

نقصان نہ کریں گے، عنقریب ان کے اعمال وہ غارت کر دے گا ۳۲ اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰهَ | لْ لَا هَ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ الْعالَمِین |
| | وَاَطِيْعُوا | وَ اَ طِیْ عُ | اور اطاعت کرو | ط و ع | اِطاعتِ رَسُول، اِطاعت گُزار، مُطیع |
| | الرَّسُوْلَ | رْ رَ سُوْ لَ | رسول کی | ر س ل | رِسَالت، رَسُول، رِسَالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | وَلَا تُبْطِلُوْٓا | وَ لَا تُبْ طِ لُوْ.. | اور تم باطل (ضائع) نہ کرو | ب ط ل | بَاطِل فِرقہ، بَاطِل عَقِیدہ، حق و بَاطِل |
| | اَعْمَالَكُمْ ۳۳ | اَعْ مَا لَ کُ مْ | اپنے عمل | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٣٤ | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | وہ لوگ جنہوں نے | | |
| | كَفَرُوْا | كَ فَ رُوْ | کفر کیا | ك ف ر | کُفر، کافر، کُفّارِ مکّہ، کُفرانِ نعمت |
| | وَصَدُّوْا | وَ صَد دُوْ | اور انہوں نے روکا | ص د د | شان وشوکت، صبر وتحمّل، ذِکر واذکار |

اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْٓا اَعْمَالَكُمْ ﴿٣٣﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا

اور رسول (ﷺ) کا کہا مانو اور اپنے اعمال کو غارت نہ کرو ﴿٣٣﴾ جن لوگوں نے کفر کیا اور اللہ تعالیٰ کی راہ سے اوروں کو روکا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَنْ سَبِيْلِ | عَنْ سَ بِیْ لِ | راہ سے | س ب ل | سَبِیل، سُبُل، فِی سَبِیلِ اللہ |
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | ثُمَّ مَاتُوْا | ثُم مَ مَا تُوْ | پھر وہ مر گئے | م و ت | آمین ثُمَّ آمین<br>موت، اَموات، حَیات ومَمات |
| | وَ | وَ | اس حال میں کہ | | |
| | هُمْ | ہُم | وہ | | |
| | كُفَّارٌ | کُف فَا رُن | کافر ہی تھے | ك ف ر | کُفر، کافر، کُفّارِ مکّہ، کُفرانِ نعمت |
| | فَلَنْ يَّغْفِرَ | فَ لَائِیْں یَ غْ فِ رَ | تو ہرگز نہیں بخشے گا | غ ف ر | غفّار، عبدُ الغفور، غافِر، اِستِغفار |
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | لَهُمْ ﴿٣٤﴾ | لَ ہُم | ان کو | | |
| ٣٥ | فَلَا تَهِنُوْا | فَ لَا تَ ہِ نُوْ | سو نہ تم سستی کرو | و ه ن | وَہن (کمزوری) |

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ﴿٣٤﴾ فَلَا تَهِنُوْا

پھر کفر کی حالت میں ہی مر گئے (یقین کر لو) کہ اللہ تعالیٰ انہیں ہرگز نہ بخشے گا ﴿٣٤﴾ پس تم بودے بن کر صلح کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَتَدْعُوْٓا | وَ تَ دْ عُوْ.. | اور (نہ) تم بلاؤ | د ع و | دُعا، دَعوت، داعی، مدعُو، دُعائیہ |
| | اِلَى السَّلْمِ ۖ | اِلَس سَ لْ مِ | صلح کی طرف | س ل م | اسلام، مُسلِم، مُسلمان، سلامتی، تسلیم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاَنۡتُمُ | وَ اَنۡ تُ مُ | جبکہ تم | | لَیل ونَہار، رَحِیم وکَرِیم، رَنج واَلَم |
| | الۡاَعۡلَوۡنَ | لۡ اَعۡ لَ وۡنَ | بلند (غالب) ہو | ع ل و | عالِی، عُلُو، عالِیہ، اَعلیٰ، عالیشان |
| | وَاللّٰهُ | وَلۡ لَا هُ | اور اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | مَعَكُمۡ | مَ عَ كُ مۡ | تمہارے ساتھ ہے | | مَعَ ہٰذا، مَعِیَّت، اسکی مَعِیَّت میں |
| | وَلَنۡ يَّتِرَكُمۡ | وَلَا ئِیۡ یَ تِ رَ كُ مۡ | اور وہ تم سے ہرگز کم نہیں کرے گا | و ت ر | |
| | اَعۡمَالَكُمۡ ۝٣٥ | اَعۡ مَا لَ كُ مۡ | تمہارے اعمال (کا ثواب) | ع م ل | عَمَل، اَعمال، عامِل، مَعمُول |

وَتَدۡعُوۡۤا اِلَى السَّلۡمِ ۖ وَاَنۡتُمُ الۡاَعۡلَوۡنَ ۖ وَاللّٰهُ مَعَكُمۡ وَلَنۡ يَّتِرَكُمۡ اَعۡمَالَكُمۡ ۝٣٥

درخواست پر نہ اتر آؤ جبکہ تم ہی بلند و غالب رہو گے اور اللہ تعالیٰ تمہارے ساتھ ہے، ناممکن ہے کہ وہ تمہارے اعمال ضائع کر دے ۝٣٥

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٣٦ | اِنَّمَا | اِنۡ نَ مَا | بس | | |
| | الۡحَيٰوةُ | لۡ حَ یَا ةُ | زندگی | ح ی ی | حَیاتِ جاوِدانی، حَیُّ قَیُّوم، حَیاتِ طَیِّبہ، جنگلی حَیات |
| | الدُّنۡيَا | دُ دُنۡ یَا | دنیا کی | د ن و | دِین ودُنیا، دُنیاوِی زندگی |
| | لَعِبٌ | لَ عِ بُنۡ | تو ایک کھیل | ل ع ب | لَہو ولَعَب، مَلاعِب (کھیل) |
| | وَّلَهۡوٌ ؕ | وَلَ هۡ وٌ | اور تماشا ہے | ل ہ و | لَہوِیات (کھیل تماشہ)، لَہو ولَعِب |
| | وَاِنۡ | وَ اِنۡ | اور اگر | | سَیر وسَیاحَت، عِلم وحِکمَت، شب و روز اِن شاءَ اللہ |
| | تُؤۡمِنُوۡا | تُ x مِ نُوۡ | تم ایمان لاؤ | ء م ن | اَمن واَمان، مُؤمِن، اِیمان |
| | وَتَتَّقُوۡا | وَ تَت تَ قُوۡ | اور تقویٰ اختیار کرو | و ق ی | مُتَّقی لوگ، تقویٰ و پرہیزگاری |
| | يُؤۡتِكُمۡ | یُ x تِ كُ مۡ | تو وہ (اللہ) تمہیں دے گا | ء ت ی | |
| | اُجُوۡرَكُمۡ | اُ جُوۡ رَ كُ مۡ | تمہارے اَجر | ء ج ر | اَجر، اُجرت، اَجر وثَواب |

اِنَّمَا الۡحَيٰوةُ الدُّنۡيَا لَعِبٌ وَّلَهۡوٌ ؕ وَاِنۡ تُؤۡمِنُوۡا وَتَتَّقُوۡا يُؤۡتِكُمۡ اُجُوۡرَكُمۡ

واقعی زندگانیٔ دنیا تو صرف کھیل کود ہے اور اگر تم ایمان لے آؤ گے اور تقویٰ اختیار کرو گے تو اللہ تعالیٰ تمہیں تمہارے اَجر دے گا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَلَا يَسْـَٔلْكُمْ | وَ لَا يَسْ ءَ لْ كُ مْ | اور وہ تم سے نہیں مانگے گا | س ء ل | سائل، سائلین، مسائل، مسئلہ |
| | اَمْوَالَكُمْ ۝٣٦ | اَمْ وَا لَ كُ مْ | تمہارے (تمام) مال | م و ل | مال، اموال، مالِ غنیمت |
| ٣٧ | اِنْ | اِ ئِن | اگر | | اِن شاءَ اللہ |
| | يَّسْـَٔلْكُمُوْهَا | يَسْ ءَ لْ كُ مُوْ هَا | وہ (اللہ) تم سے سوال کرے (تمام) مال کا | س ء ل | سائل، سائلین، مسائل، مسئلہ |
| | فَيُحْفِكُمْ | فَ يُ حْ فِ كُ مْ | پھر وہ تم سے (اس پر) اصرار کرے | ح ف ی | |
| | تَبْخَلُوْا | تَ بْ خَ لُوْ | تو تم بخیلی کرو گے | ب خ ل | بُخل، بخیل آدمی، بخیلی (کنجوسی) |
| | وَيُخْرِجْ | وَ يُ خْ رِ جْ | اور وہ نکال باہر کرے گا | خ ر ج | خارج، وزارتِ خارجہ مخرج، خروج |

وَلَا يَسْـَٔلْكُمْ اَمْوَالَكُمْ ۝٣٦ اِنْ يَّسْـَٔلْكُمُوْهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوْا وَيُخْرِجْ

اور وہ تم سے تمہارے مال نہیں مانگتا ۝٣٦ اگر وہ تم سے تمہارا مال مانگے اور زور دے کر مانگے تو تم اس سے بخیلی کرنے لگو گے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَضْغَانَكُمْ ۝٣٧ | اَ ضْ غَا نَ كُ مْ | تمہارے کینے | ض غ ن | |
| ٣٨ | هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ | ہَا..اَن تُمْ ہَا..ءُ لَا...ءِ | سنو! تم تو وہ لوگ ہو | | |
| | تُدْعَوْنَ | تُ دْ عَا وْ نَ | (کہ) تم بلائے جاتے ہو | د ع و | دُعا، دعوت، داعی، مدعو، دعائیہ |
| | لِتُنْفِقُوْا | لِ تُنْ فِ قُوْ | تاکہ تم خرچ کرو | ن ف ق | انفاق فی سبیل اللہ، نان ونفقہ |
| | فِيْ سَبِيْلِ | فِيْ سَ بِيْ لِ | راہ میں | س ب ل | سبیل، سُبل، فی سبیل اللہ |
| | اللّٰهِ ج | ل لَا هْ | اللہ کی | ء ل ہ | الٰہ، الٰہی، آلہہ، الٰہ العالمین |
| | فَمِنْكُمْ | فَ مِنْ كُ مْ | پھر تم میں سے بعض | | منجانب، من حیث القوم |
| | مَّنْ | مَا ئِن | وہ ہیں جو | | |

اَضْغَانَكُمْ ۝٣٧ هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ج فَمِنْكُمْ مَّنْ

اور وہ تمہارے کینے ظاہر کر دے گا ۝٣٧ خبردار! تم وہ لوگ ہو کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنے کے لئے بلائے جاتے ہو،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَّبْخَلُ ج | يَ بْ خَ لْ | بُخل کرتے ہیں | ب خ ل | بُخل، بخیل آدمی، بخیلی (کنجوسی) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَمَنْ | وَ مَا ئِیں | اور جو | | شِیر وشکر، شَب و روز، اُمید و رَجا |
| | یَّبْخَلُ | یَبْ خَ لُ | بُخل کرتا ہے | ب خ ل | بُخل، بَخیل آدمی، بَخیلی (کنجوسی) |
| | فَاِنَّمَا | فَ اِن نَ مَا | تو بس | | |
| | یَبْخَلُ | یَبْ خَ لُ | وہ بُخل کرتا ہے | ب خ ل | بُخل، بَخیل آدمی، بَخیلی (کنجوسی) |
| | عَنْ نَّفْسِهٖ ط | عَن نَفْ سِ ہٖ | اپنے آپ سے | ن ف س | نفس، اَنفُس، نَفسَا نَفسی، مُتنفّس |
| | وَاللّٰهُ | وَل لَا ہُ | اور اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | الْغَنِیُّ | لْ غَ نِی یُ | بڑا بے نیاز ہے | غ ن ی | غِنا، اَغنیا، عَبدُالغنی (نام ہے) |
| | وَاَنْتُمُ | وَ اَنْ تُ مُ | اور تم | | قول وقرار، حُزن ومَلال، غم وحُزن |
| | الْفُقَرَآءُ ج | لْ فُ قَ رَا…ءُ | سب محتاج ہو | ف ق ر | فَقر وغِنا، فَقیر آدمی، فُقَراء، فَقر وفاقہ |

یَّبْخَلُ ج وَمَنْ یَّبْخَلْ فَاِنَّمَا یَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ ط وَاللّٰهُ الْغَنِیُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ ج

توتم میں سے بعض بخیلی کرنے لگتے ہیں اور جو بخل کرتا ہے وہ تو دراصل اپنی جان سے بخیلی کرتا ہے، اللہ تعالیٰ غنی ہے اور تم فقیر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاِنْ | وَ اِنْ | اور اگر | | سَیر وسَیاحت، علم وحِکمت، شَب وروز، اِن شاءَاللہ |
| | تَتَوَلَّوْا | تَ تَ وَل لَا وْ | تم پھر جاؤ گے | و ل ی | |
| | یَسْتَبْدِلْ | یَسْ تَبْ دِ لْ | تو وہ (اللہ) بدل لائے گا | ب د ل | بَدلہ، تَبدیل، تبادلۂ خیال، مُتبادِل |
| | قَوْمًا | قَا وْ مَنْ | دوسرے لوگ | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | غَیْرَكُمْ لا | غَا ئِ رَ کُ مْ | تمہارے سوا | غ ی ر | غیر مُلکی، غیر مَشروط، غیرُاللہ |
| | ثُمَّ لَا یَكُوْنُوْٓا | ثُم مَ لَا یَ کُوْ نُوْ.. | پھر وہ نہ ہوں گے | ك و ن | آمین ثُمّ آمین |
| ۳۸ | اَمْثَالَكُمْ ع ۳۸ | اَمْ ثَا لَ کُ مْ | تم جیسے | م ث ل | مِثال، مِثل، اَمثِلہ، تَمثیل، مِثالیں |

ع ۴ ۸

وَاِنْ تَتَوَلَّوْا یَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَیْرَكُمْ لا ثُمَّ لَا یَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ ع ۳۸

(اور محتاج) ہو اور اگر تم روگردان ہو جاؤ تو وہ تمہارے بدلے تمہارے سوا اور لوگوں کو لائے گا جو پھر تم جیسے نہ ہوں گے ۳۸

## اٰیاتُهَا ۲۹ (۴۸) سُوْرَةُ الْفَتْحِ مَدَنِيَّةٌ (۱۱۱) رُکُوْعَاتُهَا ۴

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے ○

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | اِنَّا | اِن نَا | بلاشبہ ہم نے | | |
| | فَتَحْنَا | فَ تَ حْ نَا | فتح دی | ف ت ح | فتح، فاتح، مفتوح، افتتاح |
| | لَكَ | لَ كَ | آپ کو | | |
| | فَتْحًا | فَ تْ حَ | فتح | ف ت ح | فتح، فاتح، مفتوح، افتتاح |
| | مُّبِيْنًا ۙ① | م مُ بِیْ نَا | ایک واضح | ب ی ن | بیان، مُبَیَّنہ طور پر، دلیلِ بَیِّن |
| ۲ | لِّيَغْفِرَ | لِ یَ غْ فِ رَ | تاکہ بخش دے | غ ف ر | غفّار، عبدُالغفور، غافر، استغفار |
| | لَكَ | لَ كَ | آپ کے لئے | | |
| | اللّٰهُ | ل لاَ هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | مَا تَقَدَّمَ | مَا تَ قَدْ دَ مَ | جو پہلے ہوا | ق د م | تقدیم، مُقدّم، اقدام، مُقدّمہ |
| | مِنْ ذَنْۢبِكَ | مِنْ ذَمْ بِ كَ | آپ کا کوئی گناہ | ذ ن ب | ذَنبِ صغیر (چھوٹے گناہ)<br>ذَنبِ کبیر (بڑے گناہ) |
| | وَمَا | وَ مَا | اور جو | | شیر و شکر، شب و روز، اُمید و رجا، ماحول، مافوق الفطرت، ماجرہ |

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۙ① لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا

بیشک (اے نبی ﷺ!) ہم نے آپ کو ایک کھلم کھلا فتح دی ہے ① تاکہ جو کچھ تیری گناہ آگے ہوئے اور جو پیچھے سب کو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَاَخَّرَ | تَ اَ خْ خَ رَ | پیچھے ہوا | ء خ ر | تاخیر، مُؤخّر، تاخُّر، آخری |
| | وَيُتِمَّ | وَ یُ تِمْ مَ | اور (تاکہ) وہ پوری کرے | ت م م | تمام، تمّت بالخیر، اتمامِ حجّت |
| | نِعْمَتَهٗ | نِ عْ مَ تَ هُوْ | اپنی نعمت | ن ع م | نعمت، انعام، مُنعم، نعیم (نام) |
| | عَلَيْكَ | عَ لَا ئْ كَ | آپ پر | | علی الاعلان، علی العموم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَ يَهْدِيَكَ | وَ یَ ہْ دِ یَ کَ | اور (تا کہ) آپ کو ہدایت دے | ھ د ی | ہِدایت، ہَادِیِ عالَم، ہَادِیِ کائنات |
| | صِرَاطًا | صِ رَا طَ | راستہ | ص ر ط | پُل صِراط، صِراطِ مُستقیم (رسالہ کا نام) |
| | مُّسْتَقِيمًا ۝٢ | مُ مُسْ تَ قِیْ مَا | سیدھا | ق و م | اِستقامت فِی الدِّین، مُقِیم، خطِ مُستقیم |
| ٣ | وَّ يَنْصُرَكَ | وَ یَنْ صُ رَ کَ | اور (تا کہ) آپ کی مدد کرے | ن ص ر | نُصرت، نَاصِر، مَنصُور، نَصیر |

تَاَخَّرَ وَ يُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَ يَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيمًا ۝٢ وَّ يَنْصُرَكَ

اللہ تعالیٰ معاف فرمائے، اور تجھ پر اپنا احسان پورا کر دے اور تجھے سیدھی راہ چلائے ۝٢ اور آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو ایک

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | نَصْرًا | نَ صْ رَنْ | مدد کرنا | ن ص ر | نُصرت، نَاصِر، مَنصُور، نَصیر |
| | عَزِيزًا ۝٣ | عَ زِیْ زَا | نہایت زبردست | ع ز ز | اَلعزیز (غَالِب، اللہ کا صفاتی نام)، عَزِیزِ مصر، مُعزَّز، مُعزَّزات |
| ٤ | هُوَ | ہُ وَ | وہ (اللہ) | | |
| | الَّذِیٓ | ل لَ ذِ یْ.. | وہ ذات ہے جس نے | | |
| | اَنْزَلَ | اَنْ زَ لَ | نازل کی | ن ز ل | نازِل، اِنزال، قُنُوتِ نازِلہ |
| | السَّكِينَةَ | س سَ کِیْ نَ ۃَ | تسکین | س ك ن | سَاکِن، سَکنَہ، سُکُونت، سَکِینت |
| | فِیْ قُلُوبِ | فِیْ قُ لُوْ بِ | دلوں میں | ق ل ب | قَلب، قُلُوب، قَلبی تعلُّق، قَلبِ اَطہر |
| | الْمُؤْمِنِينَ | لْ مُ x مِ نِیْ نَ | مؤمنوں کے | ء م ن | اَمن واَمَان، مُؤمن، اِیمَان |

اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيزًا ۝٣ هُوَ الَّذِیٓ اَنْزَلَ السَّكِينَةَ فِیْ قُلُوبِ الْمُؤْمِنِينَ

زبردست مدد دے ۝٣ وہی ہے جس نے مسلمانوں کے دلوں میں سکون (اور اطمینان) ڈال دیا تا کہ اپنے ایمان کے ساتھ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِيَزْدَادُوٓا | لِ یَ زْ دَا دُ وْ.. | تا کہ وہ زیادہ ہوں | ز و د | زِیادہ، زَائِد، مَزِید، زِیادَات |
| | اِيمَانًا | اِیْ مَا نَ | ایمان میں | ء م ن | اَمن واَمَان، مُؤمن، اِیمَان |
| | مَّعَ | م مَ عَ | ساتھ | | مَعَ ہٰذا، مَعِیَّت، اسکی مَعِیَّت میں |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | إِيمَانِهِمْ ۗ | اِ یْ مَا نِ ہِمْ | اپنے ایمان کے | ء م ن | مُؤمن لوگ، اِیمان، مُؤمن مَرد |
| | وَلِلّٰهِ | وَ لِل لَا ہِ | اور اللہ ہی کے لئے ہیں | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | جُنُودُ | جُ نُو دُ | لشکر | ج ن د | جُنُودِ شام، جُنُودِ جالُوت، جُنُودِ کُفّار |
| | السَّمٰوٰتِ | س سَ مَا وَا تِ | آسمانوں کے | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | وَالْأَرْضِ ۚ | وَل اَرْضِ | اور زمین کے | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | وَكَانَ | وَ کَا نَ | اور ہمیشہ سے ہے | ك و ن | عَدل وانصاف، قَول وقَرار، مَکروفریب |
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |

لِيَزْدَادُوٓا إِيمَانًا مَّعَ إِيمَانِهِمْ ۗ وَلِلّٰهِ جُنُودُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ

ہی ساتھ اور بھی ایمان میں بڑھ جائیں، اور آسمانوں اور زمین کے (کل) لشکر اللہ تعالیٰ ہی کے ہیں، اور اللہ تعالیٰ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلِيمًا | عَ لِیْ مَنْ | خوب جاننے والا | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلّم، مَعلُوم، علّامہ |
| | حَكِيمًا ۝٤ | حَ کِیْ مَا | خوب حکمت والا | ح ك م | حِکمت ودانائی، حکیم، مُحکم، حُکماء |
| ٥ | لِّيُدْخِلَ | لِ یُ دْ خِ لَ | (یہ سب اس لئے کیا) تاکہ وہ داخل کرے | د خ ل | داخل، دُخول، وزارتِ داخلہ |
| | الْمُؤْمِنِينَ | لْ مُ x مِ نِیْ نَ | مؤمن مردوں کو | ء م ن | مُؤمن لوگ، ایمان، مُؤمن مَرد |
| | وَالْمُؤْمِنٰتِ | وَلْ مُ x مِ نَا تِ | اور مؤمن عورتوں کو | ء م ن | مُؤمن لوگ، ایمان، مُؤمن عورتیں |
| | جَنّٰتٍ | جَن نَا تِنْ | ایسے باغات میں (کہ) | ج ن ن | جنّتِ فِردوس، جنّتُ المُعلّٰی، جنّتُ البقیع |
| | تَجْرِي | تَ جْ رِیْ | چلتی ہیں | ج ر ی | جاری وساری، اِجراء، جِریان |
| | مِنْ تَحْتِهَا | مِنْ تَ حْ تِ ہَا | ان کے نیچے | ت ح ت | تحتَ الشُّعور، ماتحت، تحتَ الارض |

عَلِيمًا حَكِيمًا ۝٤ لِّيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا

دانا باحکمت ہے ④ تاکہ مؤمن مردوں اور عورتوں کو ان جنتوں میں لے جائے جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْأَنْهٰرُ | لْ اَنْ ہَا رُ | نہریں | ن ھ ر | نہر جاری، نہر زُبیدہ، محکمۂ انہار |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | خٰلِدِيْنَ | خَا لِ دِیْ نَ | وہ ہمیشہ رہیں گے | خ ل د | خُلدِ بَریں، خُلُود (ہیشگی)، خَالِدَہ (نام) |
| | فِيْهَا | فِیْ ہَا | ان میں | | فِی الْحَال، فِی الْفَور، فِی الْوَقْت |
| | وَيُكَفِّرَ | وَ یُ کَف فِ رَ | اور (تا کہ) وہ دور کرے | ك ف ر | کَفَّارۂ قسم، کَفَّارۂ مجلس، کَفَّارۂ روزہ |
| | عَنْهُمْ | عَنْ ہُمْ | ان سے | | |
| | سَيِّاٰتِهِمْ ؕ | سَیْ یِ آ تِ ہِمْ | ان کی بُرائیاں | س و ء | عُلَماءِ سُوء، اَخلاقِ سُوء، سُوءِ ظَن |
| | وَكَانَ | وَ کَا نَ | اور ہمیشہ سے ہے | ك و ن | شَان وشوکت، صَبر وتَحَمُّل، ذِکر واذکار |
| | ذٰلِكَ | ذَا لِ کَ | یہ | | |
| | عِنْدَ | عِنْ دَ | ہاں | ع ن د | عِندَاللہ ماجُور ہوں (اللہ کے پاس سے اجر ملے گا) |
| | اللّٰهِ | لْ لَا ہِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَيُكَفِّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ

جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے اور ان سے ان کے گناہ دُور کر دے، اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ بہت

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَوْزًا | فَا ءُ زَنْ | کامیابی | ف و ز | فَائِز، فَائِزُون، فَائِزَہ (نام) عُہدہ پر فائز ہونا، فوز وفلاح |
| | عَظِيْمًا ۙ۵ | عَ ظِیْ مَا | بہت بڑی | ع ظ م | عَظِیم، اَعظَم، عَظمت، وَزارتِ عُظمٰی |
| ٦ | وَّيُعَذِّبَ | وَ یُ عَ ذْ ذِ بَ | اور (تا کہ) وہ عذاب دے | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جَہنّم عَذابِ آخرت |
| | الْمُنٰفِقِيْنَ | لْ مُ نَا فِ قِیْ نَ | منافق مردوں کو | ن ف ق | مُنَافِق لوگ، نِفَاق، مُنَافِق مَرد |
| | وَالْمُنٰفِقٰتِ | وَلْ مُ نَا فِ قَا تِ | اور منافق عورتوں کو | ن ف ق | مُنَافِق لوگ، نِفَاق، مُنَافِق عورتیں |
| | وَالْمُشْرِكِيْنَ | وَلْ مُشْ رِ کِیْ نَ | اور مُشرک مردوں کو | ش ر ك | شِرک، مُشرِک، مُشرِکِین، شُرَکَاء |
| | وَالْمُشْرِكٰتِ | وَلْ مُشْ رِ کَا تِ | اور مُشرک عورتوں کو | ش ر ك | شِرک، مُشرِک، مُشرِکِین، شُرَکَاء |

فَوْزًا عَظِيْمًا ۙ۵ وَّيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ

بڑی کامیابی ہے ۵ اور تاکہ ان منافق مردوں اور منافق عورتوں اور مشرک مردوں اور مشرکہ عورتوں کو عذاب دے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الظَّآنِّيْنَ | ظ ظَا … ن نِیْ نَ | وہ جو گمان کرنے والے ہیں | ظ ن ن | ظَنّ، حُسنِ ظَنّ، سُوءِ ظَنّ، بدظَنّ |
| | بِاللّٰهِ | بِل لَا هِ | اللہ کے متعلق | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | ظَنَّ | ظَن نَ | گُمان | ظ ن ن | ظَنّ، حُسنِ ظَنّ، سُوءِ ظَنّ، بدظَنّ |
| | السَّوْءِ ؕ | س سَا ؤ ء | بُرا | س و ء | عُلَماءِ سُوء، اَخلاقِ سُوء، سُوءِ ظَن |
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا ئِ ہِم | انہی پر ہے | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | دَآئِرَةُ | دَا … ءِ رَ ةُ | گردش | د و ر | دَور کرنا (گھمانا)، دَورۂ قرآن دائرہ، دَورہ، دَورِ حاضر |
| | السَّوْءِ ۚ | س سَا ؤ ء | بُری | س و ء | عُلَماءِ سُوء، اَخلاقِ سُوء، سُوءِ ظَن |
| | وَغَضِبَ | وَ غَ ضِ بَ | اور غصے ہوا | غ ض ب | غضبناک، غَضبِ اِلٰہی، غَیظ و غضب |
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا ئِ ہِم | ان پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |

الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ

جو اللہ تعالیٰ کے بارے میں بدگمانیاں رکھنے والے ہیں، (دراصل) انہیں پر بُرائی کا پھیرا ہے، اللہ تعالیٰ ان پر ناراض ہوا اور انہیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَلَعَنَهُمْ | وَ لَ عَ نَ ہُم | اور اس نے ان پر لعنت کی | ل ع ن | لَعنت کرنا، لَعِین، مَلعُون، لَعن طَعن |
| | وَاَعَدَّ | وَ اَ عَ د دَ | اور اس نے تیار کی | ع د د | مُستَعِد ہونا، مُستَعِدّی، اِستِعداد |
| | لَهُمْ | لَ ہُم | ان کے لئے | | |
| | جَهَنَّمَ ؕ | جَ هَ نَ نَ مَ | جہنم | | جَہنّم کا عذاب، جَہنّم کی وادی |
| | وَسَآءَتْ | وَ سَا … ءَ تْ | اور بُری ہے وہ | س و ء | عُلَماءِ سُوء، اَخلاقِ سُوء، سُوءِ ظَن |
| | مَصِيْرًا ۞ | مَ صِیْ رَا | لوٹنے کی جگہ | ص ی ر | |
| ٧ | وَلِلّٰهِ | وَ لِل لَا هِ | اور اللہ ہی کے لئے ہیں | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | جُنُوْدُ | جُ نُوْ دُ | لشکر | ج ن د | جُنُودِ شام، جُنُودِ جالُوت، جُنُودِ کُفّار |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | السَّمٰوٰتِ | سَ سَ مَا وَا تِ | آسمانوں کے | س م و | سماوی کُتُب، اَرض وسَماء |

وَ لَعَنَهُمْ وَ اَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ۚ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿٦﴾ وَ لِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ

لعنت کی اور ان کے لئے دوزخ تیار کی اور وہ (بہت) بُری لوٹنے کی جگہ ہے ⑥ اور اللہ تعالیٰ ہی کے لئے آسمانوں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَالْاَرْضِ ط | وَلْ اَرْض | اور زمین کے | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | وَ كَانَ | وَ كَ ا نَ | اور ہمیشہ سے ہے | ك و ن | شِیروشَکر، شَب و روز، اُمید و رَجا |
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ الْعالَمِین |
| | عَزِيْزًا | عَ زِ يْ زَنْ | نہایت غالب | ع ز ز | اَلعزیز (غالب، اللہ کا صفاتی نام)، عَزیزِ مصر، مُعزّز، مُعزّزات |
| | حَكِيْمًا ⑦ | حَ كِيْ مَا | خوب حکمت والا | ح ك م | حِکمت ودانائی، حَکیم، مُحکم، حُکماء |
| ٨ | اِنَّآ | اِنْ نَا.. | بلاشبہ ہم نے | | |
| | اَرْسَلْنٰكَ | اَرْ سَلْ نَا كَ | آپ کو بھیجا ہے | ر س ل | رِسالت، رَسُول، رِسالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | شَاهِدًا | شَا هِ دَا ؤں | گواہی دینے والا | ش ه د | شَہادت، شَاہِد، شَہیدِ مِلّت |
| | وَّمُبَشِّرًا | وَ مُ بَشْ شِ رَا ؤں | اور بشارت دینے والا | ب ش ر | بَشارت، مُبَشِّر، بَشیر، بُشریٰ |

وَ الْاَرْضِ ۚ وَ كَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿٧﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا

اور زمین کے لشکر ہیں اور اللہ تعالیٰ غالب اور حکمت والا ہے ⑦ یقیناً ہم نے تجھے گواہی دینے والا اور خوشخبری سنانے والا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّنَذِيْرًا ۙ⑧ | وَ نَ ذِ يْ رَا | اور ڈرانے والا (بنا کر) | ن ذ ر | نَذیر وبَشیر، اِنذار (ڈرانا)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| ٩ | لِّتُؤْمِنُوْا | لِ تُ x مِ نُوْ | تاکہ تم ایمان لاؤ | ء م ن | اَمن واَمان، مُومن، اِیمان |
| | بِاللّٰهِ | بِل لَا هِ | اللہ پر | ء ل ه | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ الْعالَمِین |
| | وَرَسُوْلِهٖ | وَ رَسُوْ لِ هِیْ | اور اس کے رسول (پر) | ر س ل | رِسالت، رَسُول، رِسالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | وَتُعَزِّرُوْهُ | وَ تُ عَزْ زِ رُوْ هُ | اور (تاکہ) تم اس کی مدد کرو | ع ز ر | |
| | وَتُوَقِّرُوْهُ ط | وَ تُ وَقْ قِ رُوْ ه | اور (تاکہ) تم اس کی تعظیم کرو | و ق ر | عَظمت وتوقیر، وَقار وعَظمت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَتُسَبِّحُوْهُ | وَ تُ سَب بِ حُوْهُ | اور (تاکہ) تم اس (اللہ) کی تسبیح کرو | س ب ح | سُبحَانَ اللہ کہنا، سُبحان، تسبیح وتحمید |

وَّ نَذِيْرًا ﴿٨﴾ لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ تُعَزِّرُوْهُ وَ تُوَقِّرُوْهُ ؕ وَ تُسَبِّحُوْهُ

اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے ⑧ تاکہ (اے مسلمانو!) تم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) پر ایمان لاؤ اور اس کی مدد کرو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بُكْرَةً | بُ کْ رَ تاؤں | صبح | ب ك ر | بُکرَۃً (کل یا صبح) |
| | وَّ اَصِيْلًا ﴿٩﴾ | وَ اَ صِیْ لَا | اور شام | ء ص ل | شان وشوکت، صبروتحمّل، کون ومکان |
| ١٠ | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | وہ لوگ جو | | |
| | يُبَايِعُوْنَكَ | یُ بَا یِ عُوْ نَ كَ | آپ کی بیعت کرتے ہیں | ب ی ع | بَیعت نامہ، کسی کی بَیعت کرنا |
| | اِنَّمَا | اِن نَ مَا | بس | | |
| | يُبَايِعُوْنَ | یُ بَا یِ عُوْ نَ | وہ بیعت کرتے ہیں | ب ی ع | بَیعت نامہ، کسی کی بَیعت کرنا |
| | اللّٰهَ ؕ | ل لَا هَ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | يَدُ اللّٰهِ | یَ دُ ل لَا هِ | اللہ کا ہاتھ ہے | ی د ی<br>ء ل ہ | یدِ بَیضا، یدِطولیٰ، رَفع یدَین، قطعِ ید<br>اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |

بُكْرَةً وَّ اَصِيْلًا ﴿٩﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ ؕ يَدُ اللّٰهِ

اور اس کا ادب کرو اور اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرو صبح وشام ⑨ جو لوگ تجھ سے بیعت کرتے ہیں وہ یقیناً اللہ تعالیٰ سے بیعت کرتے ہیں،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَوْقَ | فَا ؤْ قَ | اوپر | ف و ق | فَوقُ الارض، فَوقَ السَّماء، فَوقیّت |
| | اَيْدِيْهِمْ ج | اَ یْ دِ یْ ہِمْ | ان (سب) کے ہاتھوں کے | ی د ی | یدِ بَیضا، یدِطولیٰ، رَفع یدَین، قطعِ ید |
| | فَمَنْ | فَ مَنْ | پھر جس نے | | |
| | نَّكَثَ | نَ کَ ثَ | عہد توڑا | ن ك ث | |
| | فَاِنَّمَا | فَ اِن نَ مَا | تو بس | | |
| | يَنْكُثُ | یَنْ کُ ثُ | وہ عہد توڑے گا | ن ك ث | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ | عَ لَا نَفْ سِ ہٖ | اپنی ہی ذات کے خلاف | ن ف س | نفس، اَنفُس، نفسانفسی، تنفّس |
| | وَمَنْ | وَ مَنْ | اور جس نے | | شِیر و شکر، شب و روز، اُمید و رجا |
| | اَوْفٰى | اَ وْ فَا | پورا کیا | و ف ی | وفا شعاری، عہدِ وفا، وفاداری |
| | بِمَا | بِ مَا | اس کو کہ | | ماحول، مافوقُ الفطرت، ماجرہ |

فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ ۚ فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا

ان کے ہاتھوں پر اللہ تعالیٰ کا ہاتھ ہے، تو جو شخص عہد شکنی کرے وہ اپنے نفس پر ہی عہد شکنی کرتا ہے اور جو شخص اس اقرار کو پورا کرے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عٰهَدَ | عَا ہَ دَ | اس نے عہد کیا تھا | ع ہ د | عہد، مُعاہِد، مُعاہدہ، عہدِ خلافت |
| | عَلَيْهُ | عَ لَا ئِ ہُ | اس پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُموم |
| | اللّٰهَ | لَ لَا ہَ | اللہ سے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | فَسَيُؤْتِيْهِ | فَ سَ ئُ x تِیْ ہِ | تو وہ جلد ہی اسے دے گا | ء ت ی | |
| | اَجْرًا | اَ جْ رَنْ | اَجر | ء ج ر | اَجر، اُجرت، اَجر و ثواب |
| | عَظِيْمًا ۞ ١٠ | عَ ظِیْ مَا | بہت بڑا | ع ظ م | عظیم، اَعظم، عظمت، وزارتِ عُظمیٰ |
| ١١ | سَيَقُوْلُ | سَ یَ قُوْ لُ | ضرور کہیں گے | ق و ل | قول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | لَكَ | لَ کَ | آپ سے | | |
| | الْمُخَلَّفُوْنَ | لْ مُ خَلْ لَ فُوْ نَ | جو پیچھے چھوڑ دیئے گئے | خ ل ف | ناخلف، سَلَف و خَلَف، خلیفہ، خلافت |

عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ۞ ١٠ سَيَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ

جو اس نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کیا ہے تو اسے عنقریب اللہ تعالیٰ بہت بڑا اَجر دے گا ⑩ دیہاتیوں میں سے جو لوگ پیچھے چھوڑ دیئے گئے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنَ الْاَعْرَابِ | مِ نَلْ اَعْ رَا بِ | دیہاتیوں میں سے: | ع ر ب | اَعرابی (دیہاتی)، اَلاَعراب (جمع) |
| | شَغَلَتْنَآ | شَ غَ لَتْ نَا.. | ہمیں مشغول کر دیا تھا | ش غ ل | شُغل، مَشغلہ، مَشغُول ہونا |
| | اَمْوَالُنَا | اَمْ وَا لُ نَا | ہمارے مالوں نے | م و ل | مال و دولت، اَموال، مالِ غنیمت |

ع ٩

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاَهْلُوْنَا | وَ اَ ہْ لُوْ نَا | اور ہمارے اہل وعیال نے | ء ھ ل | اَہلِ محلّہ، اَہلِ خانہ، اَہل وعیال |
| | فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ج | فَ سْ تَ غْ فِ رْ لَ نَا | لہٰذا آپ ہمارے لئے بخشش طلب کریں | غ ف ر | غَفّار، عَبدُ الغفور، غافِر، اِستِغفار |
| | يَقُوْلُوْنَ | يَ قُوْ لُوْ نَ | وہ کہتے ہیں | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |

مِنَ الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا وَاَهْلُوْنَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ج يَقُوْلُوْنَ

تھے وہ اب تجھ سے کہیں گے کہ ہم اپنے مال اور بال بچوں میں لگے رہ گئے پس آپ ہمارے لئے مغفرت طلب کیجئے، یہ لوگ اپنی زبانوں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِاَلْسِنَتِهِمْ | بِ اَلْ سِ نَ تِ ہِمْ | اپنی زبانوں سے | ل س ن | لِسانی گروہ، لِسانیات |
| | مَّا | مَا | وہ (بات) جو | | مَاحول، مَافوقُ الفِطرت، مَاجرَہ |
| | لَيْسَ | لَا یْ سَ | نہیں ہے | | |
| | فِيْ قُلُوْبِهِمْ ط | فِيْ قُ لُوْ بِ ہِمْ | ان کے دلوں میں | ق ل ب | قَلب، قُلُوب، قَلبی تعلّق، قَلبِ اَطہر |
| | قُلْ | قُ لْ | آپ کہہ دیجئے: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | فَمَنْ | فَ مَا ئِیْ | پھر کون ہے جو | | |
| | يَّمْلِكُ | يَ مْ لِ كُ | اختیار رکھتا ہے | م ل ك | مِلک، مَلکیّت، اِملاک، مُلک، مَالِک |
| | لَكُمْ | لَ كُ مْ | تمہارے لئے | | |
| | مِّنَ اللّٰهِ | مِ نَلْ لَا ہِ | اللہ کے مقابلے میں | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | شَيْـًٔا | شَا ئِیْ ءَ نْ | کسی چیز کا | ش ی ء | اَشیائے خُوردنی، اَشیائے ضرُوریہ شَئے، اَشیائے خُوردونوش |
| | اِنْ | اِنْ | اگر | | اِن شَاءَاللہ |

بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ط قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ

سے وہ کہتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں ہے، آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) جواب دے دیجئے کہ تمہارے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے کسی چیز کا بھی اختیار

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَرَادَ | اَ رَا دَ | وہ ارادہ کرے | ر و د | پُختہ اِرادہ، اِرادَت، مُریدِ صادِق |
| | بِكُمْ | بِ كُ مْ | تمہارے ساتھ | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ضَرًّا | ضَ رَ رَنْ | کسی نقصان کا | ض ر ر | ضَرر رَساں، مُضرِ صحت، مَسجدِ ضِرار |
| | اَوْ | آ ؤ | یا | | |
| | اَرَادَ | اَ رَا دَ | وہ ارادہ کرے | ر و د | پُختہ اِرادہ، اِرادت، مُریدِ صادِق |
| | بِكُمْ | بِ کُ مْ | تمہارے ساتھ | | |
| | نَفْعًا ط | نَفْ عَا | کسی نفع کا؟ | ن ف ع | نَفع، مُنافع، مَنفِعت |
| | بَلْ | بَ لْ | (کوئی بھی نہیں) بلکہ | | |
| | كَانَ | کَ ا نَ | ہمیشہ سے ہے | ك و ن | |
| | اللّٰهُ | ل لا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | بِمَا | بِ مَا | اس سے جو | | مَاحول، مَافوقُ الفِطرت، مَاجرَہ |
| | تَعْمَلُوْنَ | تَ عْ مَ لُوْ نَ | تم عمل کرتے ہو | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمول |
| | خَبِيْرًا ⑪ | خَ بِیْ رَا | خُوب خبردار | خ ب ر | خَبیر، خَبردار، خَبرناک (اخبار) |

اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ۭ بَلْ كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ⑪

کون رکھتا ہے اگر وہ تمہیں نقصان پہنچانا چاہے تو یا تمہیں کوئی نفع دینا چاہے تو، بلکہ تم جو کچھ کررہے ہو اس سے اللہ تعالیٰ خوب باخبر ہے ⑪

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۲ | بَلْ | بَ لْ | بلکہ | | |
| | ظَنَنْتُمْ | ظَ نَنْ تُ مْ | تم نے گمان کیا تھا | ظ ن ن | ظَنّ، حُسنِ ظَنّ، سُوءِ ظَنّ، بدظَنّ |
| | اَنْ | اَ نْ | یہ کہ | | |
| | لَّنْ يَّنْقَلِبَ | لَا ئِیْ یَنْ قَ لِ بَ | ہرگز واپس نہیں لوٹیں گے | ق ل ب | قلب، اِنقِلاب، اِنقِلابی اَقدَام |
| | الرَّسُوْلُ | رر سُوْ لُ | رسول | ر س ل | رِسَالت، رَسُول، رِسَالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | وَالْمُؤْمِنُوْنَ | وَلْ مُ x مِ نُوْ نَ | اور مؤمن | ء م ن | اَمن و اَمان، مُؤمن، ایمان |
| | اِلٰٓى اَهْلِيْهِمْ | اِلَا... اَ ہْ لِیْ ہِمْ | اپنے اہل وعیال کی طرف | ء ھ ل | اَہلِ محلّہ، اَہلِ خانہ، اَہل وعِیَال |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَبَدًا | اَ بَ دَ اؤں | کبھی | ء ب د | اَبَدُالآباد، شاد آباد، اَبدی نیند |

بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ یَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ اِلٰٓى اَهْلِيْهِمْ اَبَدًا

(نہیں) بلکہ تم نے تو یہ گمان کر رکھا تھا کہ پیغمبر اور مسلمانوں کا اپنے گھروں کی طرف لوٹ آنا قطعاً ناممکن ہے اور یہی خیال

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّزُيِّنَ | وَ زُ وْ ئِ ی ِ نَ | اور مزین کر دی گئی تھی | ز ی ن | تزئین وآرائش، مُزَیَّن کرنا، زین(نام) |
| | ذٰلِكَ | ذَ ا لِ کَ | یہ بات | | |
| | فِىْ قُلُوْبِكُمْ | فِیْ قُ لُوْ بِ کُ مْ | تمہارے دلوں میں | ق ل ب | قلب، قُلُوب، قلبی تعلق، قلبِ اَطہر |
| | وَظَنَنْتُمْ | وَ ظَ نَنْ تُمْ | اور تم نے گمان کر لیا تھا | ظ ن ن | ظنّ، حُسنِ ظنّ، سُوءِ ظنّ، بدظنّ |
| | ظَنَّ | ظَنْ نَ | گمان | ظ ن ن | ظنّ، حُسنِ ظنّ، سُوءِ ظنّ، بدظنّ |
| | السَّوْءِ ۚ | س سَا ؤْ ءِ | بُرا | س و ء | عُلَماءِسُوء، اَخلاقِ سُوء، سُوءِ ظن |
| | وَكُنْتُمْ | وَ کُنْ تُمْ | اور تم تھے | ك و ن | سَحَر و اَفطار، نَماز و روزہ، صُبح و شام |
| | قَوْمًا | قَا ؤْ مَمْ | لوگ | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ مُوسیٰ |
| | بُوْرًا ﴿١٢﴾ | بُوْ رَا | ہلاک ہونے والے | ب و ر | |

وَّزُيِّنَ ذٰلِكَ فِىْ قُلُوْبِكُمْ وَظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ ۚ وَكُنْتُمْ قَوْمًا بُوْرًا ﴿١٢﴾

تمہارے دلوں میں رچ بس گیا تھا اور تم نے برا گمان کر رکھا تھا، دراصل تم لوگ ہو بھی ہلاک ہونے والے ﴿١٢﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٣ | وَمَنْ | وَ مَ | اور جو شخص | | شِیر و شَکَر، شَب و روز، اُمید و رَجا |
| | لَّمْ يُؤْمِنْۢ | ل لَمْ یُ x مِمْ | نہیں ایمان لایا | ء م ن | اَمن و اَمان، مُؤمن، ایمان |
| | بِاللّٰهِ | بِل لَا هِ | اللہ پر | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمین |
| | وَرَسُوْلِهٖ | وَ رَ سُوْ لِ ہِیْ | اور اس کے رسول (پر) | ر س ل | رِسالَت، رَسُول، رِسالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | فَاِنَّآ | فَ اِن نَ مَا .. | تو بلاشبہ ہم نے | | |
| | اَعْتَدْنَا | اَ عْ تَ دْ نَا | تیار کی ہے | ع ت د | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِلْكٰفِرِيْنَ | لِلْ کَا فِ رِیْنَ | (ایسے) کافروں کے لئے | ك ف ر | کُفر، کافر، کُفّارِ مکّہ، کُفرانِ نعمت |
| | سَعِيْرًا ⑬ | سَ عِیْ رَا | خوب بھڑکتی آگ | س ع ر | اَلسَّعِیْرُ (بھڑکتی ہوئی آگ یعنی جہنم) |
| ١٤ | وَلِلّٰهِ | وَ لِلْ لَا هِ | اور اللہ ہی کے لئے ہے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |

وَمَنْ لَّمْ يُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَاِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَعِيْرًا ⑬ وَلِلّٰهِ

اور جو شخص اللہ تعالیٰ پر اور اسکے رسول (ﷺ) پر ایمان نہ لائے تو ہم نے بھی ایسے کافروں کے لئے دہکتی آگ تیار کر رکھی ہے ⑬ اور زمین

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُلْكُ | مُلْ كُ | بادشاہی | م ل ك | مُلک، مُمالک، مملکتِ اِسلامیہ |
| | السَّمٰوٰتِ | س سَ مَا وَا تِ | آسمانوں کی | س م و | سماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | وَالْاَرْضِ ط | وَلْ اَرْضِ | اور زمین کی | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | يَغْفِرُ | یَ غْ فِ رُ | وہ بخشتا ہے | غ ف ر | غفّار، عَبدُالغفور، غافِر، اِستغفار |
| | لِمَنْ | لِ مَا ئِیْں | جسے | | |
| | يَّشَآءُ | یَ شَا...ءُ | وہ چاہتا ہے | ش ی ء | اِن شاءَاللہ، مَاشاءَاللہ، مَشِیتِ اِلٰہی |
| | وَيُعَذِّبُ | وَ یُ عَذْ ذِ بُ | اور عذاب دیتا ہے | ع ذ ب | عَذابِ اِلٰہی، عَذابِ جہنّم، عَذابِ آخرت |
| | مَنْ يَّشَآءُ ط | مَا ئِیْں یَ شَا...ءَ | جسے چاہتا ہے | ش ی ء | اِن شاءَاللہ، مَاشاءَاللہ، مَشِیتِ اِلٰہی |
| | وَكَانَ | وَ کَ ا نَ | اور ہمیشہ سے ہے | ك و ن | سَحَر واَفطار، نماز وروزہ، صُبح وشام |

مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ط وَكَانَ

اور آسمانوں کی بادشاہت اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہے جسے چاہے بخشے اور جسے چاہے عذاب کرے، اور اللہ تعالیٰ بڑا بخشنے والا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | غَفُوْرًا | غَ فُ وْ رَ | بہت بخشنے والا | غ ف ر | غفّار، عَبدُالغفور، غافِر، اِستغفار |
| | رَّحِيْمًا ⑭ | رَ رَ حِیْ مَا | نہایت رحم کرنے والا | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکَرم |
| ١٥ | سَيَقُوْلُ | سَ یَ قُوْ لُ | عنقریب کہیں گے | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْمُخَلَّفُوْنَ | لُ مُ خَلْ لَ فُوْنَ | وہ لوگ جو پیچھے چھوڑ دیے گئے تھے: | خ ل ف | ناخلف، سَلَف وخَلَف، خَلیفہ، خلافت |
| | اِذَا | اِ ذَ | جب | | |
| | انْطَلَقْتُمْ | اِنْ طَ لَقْ تُ مْ | تم چلو گے | ط ل ق | |
| | اِلٰى مَغَانِمَ | اِلَا مَ غَا نِ مَ | غنیمتوں کی طرف | غ ن م | غنیمت، غنائم، مالِ غنیمت |

اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿١٤﴾ سَيَقُوْلُ الْمُخَلَّفُوْنَ اِذَا انْطَلَقْتُمْ اِلٰى مَغَانِمَ

مہربان ہے ﴿١٤﴾ جب تم غنیمتیں لینے جانے لگو گے تو جھٹ سے یہ پیچھے چھوڑے ہوئے لوگ کہنے لگیں گے کہ ہمیں بھی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِتَاْخُذُوْهَا | لِ تَ x خُ ذُوْ هَا | تاکہ تم وہ حاصل کرو | ء خ ذ | اَخذُ الکِتاب، مَاخذ، مَاخوذ، مُواخَذہ کرنا، |
| | ذَرُوْنَا | ذَ رُوْ نَا | ہمیں چھوڑو | و ذ ر | |
| | نَتَّبِعْكُمْ ج | نَتْ تَ بِ عْ كُ مْ | ہم بھی تمہارے ساتھ چلیں | ت ب ع | تابعدار، تابعِ فرماں، اِتّباعِ سُنّت |
| | يُرِيْدُوْنَ | يُ رِيْ دُوْ نَ | وہ ارادہ کرتے ہیں | ر و د | پختہ ارادہ، ارادت، مریدِ صادق |
| | اَنْ | اَ نْ | یہ کہ | | |
| | يُّبَدِّلُوْا | يُ بَ دْ دِ لُوْ | بدل دیں | ب د ل | بدلہ، تبدیل، تبادلہ خیال |
| | كَلٰمَ | كَ لَا مَ | کلام | ك ل م | کلمہ طیبہ، کلامُ اللہ، کلیمُ اللہ |
| | اللّٰهِ ط | ل لَا هْ | اللہ کا | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | قُلْ | قُ لْ | کہہ دیجیے: | ق و ل | قول وقرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | لَّنْ | لَنْ | ہرگز نہیں | | |

لِتَاْخُذُوْهَا ذَرُوْنَا نَتَّبِعْكُمْ ج يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ ط قُلْ لَّنْ

اپنے ساتھ چلنے کی اجازت دیجیے، وہ چاہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے کلام کو بدل دیں، آپ کہہ دیجیے! کہ اللہ تعالیٰ پہلے ہی فرما چکا ہے کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَتَّبِعُوْنَا | تَتْ تَ بِ عُوْ نَا | چلو گے تم ہمارے ساتھ | ت ب ع | تابعدار، تابعِ فرماں، اِتّباعِ سُنّت |
| | كَذٰلِكُمْ | كَ ذَا لِ كُ مْ | اسی طرح | | کالعدم، کالعدم جماعت، کَماحَقُّہٗ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قَالَ | قَ الَ | کہہ دیا ہے | ق و ل | قَول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | اللّٰهُ | ل لاَ هُ | اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | مِنْ قَبْلُ ج | مِنْ قَبْ ل | پہلے ہی سے | ق ب ل | قَبل اَز نماز، قَبل اَز طعام والکلام |
| | فَسَيَقُوْلُوْنَ | فَ سَ یَ قُوْ لُوْ نَ | پھر یقیناً وہ کہیں گے: | ق و ل | قَول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | بَلْ | بَ لْ | بلکہ | | |
| | تَحْسُدُوْنَنَا ط | تَ حْ سُ دُوْ نَ نَا | تم ہم سے حسد کرتے ہو | ح س د | حَسد، حاسِد، حاسِدِین |
| | بَلْ | بَ لْ | (نہیں) بلکہ | | |

تَتَّبِعُوْنَا كَذٰلِكُمْ قَالَ اللّٰهُ مِنْ قَبْلُ ج فَسَيَقُوْلُوْنَ بَلْ تَحْسُدُوْنَنَا ط بَلْ

تم ہرگز ہمارے ساتھ نہیں چلو گے، وہ اس کا جواب دیں گے (نہیں نہیں) بلکہ تم ہم سے حسد کرتے ہو، (اصل بات یہ ہے)

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كَانُوْا | کَا نُوْ | وہ ہیں | ك و ن | |
| | لَا يَفْقَهُوْنَ | لاَ یَفْ قَ هُوْ نَ | نہیں سمجھتے | ف ق ه | فِقہ، فَقیہ، فُقہاء، تَفقُّہ فِی الدِّین |
| | اِلَّا | اِل لاَ | مگر | | اِلّاَ ماشاءَاللہ، اِلّاَ یہ کہ، اِلّاَ قَلِیل |
| | قَلِيْلًا ⑮ | قَ لِیْ لاَ | بہت تھوڑا | ق ل ل | قِلّت، اَقلیّت، اَقلیّتی اُمور، قَلیل |
| ١٦ | قُلْ | قُ لْ | کہہ دیجئے | ق و ل | قَول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | لِّلْمُخَلَّفِيْنَ | لِلْ مُ خَل لَ فِیْ نَ | پیچھے چھوڑے گئے لوگوں کو | خ ل ف | اِختلافِ امت، اِختلافات، اِختلافِ مذہب، فُروعی اِختلاف |
| | مِنَ الْاَعْرَابِ | مِ نَلْ اَعْ رَا بِ | دیہاتیوں میں سے: | ع ر ب | اَعرابی (دیہاتی)، اَلاَعراب (جمع) |
| | سَتُدْعَوْنَ | سَ تُ دْ عَا وْ نَ | عنقریب تم بلائے جاؤ گے | د ع و | دُعا، دَعوت، داعی، مَدعُو، دُعائیہ |

كَانُوْا لَا يَفْقَهُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ⑮ قُلْ لِّلْمُخَلَّفِيْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ سَتُدْعَوْنَ

کہ وہ لوگ بہت ہی کم سمجھتے ہیں ⑮ آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پیچھے چھوڑے ہوئے بدویوں (دیہاتیوں) سے کہہ دو کہ عنقریب

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِلٰى قَوْمٍ | اِلاَ قَا وْ مِنْ | ایک ایسی قوم کی طرف | ق و م | قَوم، اَقوام، مُسلم قَوم، قَومِ موسیٰ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اُولِىْ بَاْسٍ | اُ لِیْ بَ x سِنْ | جولڑنے والی ہے | ب ء س | اُولُوالْعَزم، اُولُوالْاَمر، اُولُوالْعِلم |
| | شَدِيْدٍ | شَ دِیْ دِنْ | نہایت سخت | ش د د | شَدِید، شِدّت، اَشدضُروری |
| | تُقَاتِلُوْنَهُمْ | تُ قَا تِ لُوْ نَ ہُمْ | تم ان سے لڑو گے | ق ت ل | قَتل، قَاتِل، مَقتُول، قَتلِ عَام |
| | اَوْ يُسْلِمُوْنَ ج | اَ وْ یُسْ لِ مُوْ نَ | یا وہ مسلمان ہو جائیں گے | س ل م | اِسلام، مُسلِم، مُسلمَان، سَلَامتی، تَسلِیم |
| | فَاِنْ | فَ اِنْ | پھر اگر | | |
| | تُطِيْعُوْا | تُ طِیْ عُوْ | تم اطاعت کرو گے | ط و ع | اِطَاعَت رَسُول، اِطَاعَت گُزار، مُطِیع |

اِلٰى قَوْمٍ اُولِىْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ ج فَاِنْ تُطِيْعُوْا

تم ایک سخت جنگجو قوم کی طرف بلائے جاؤ گے کہ تم ان سے لڑو گے یا وہ مسلمان ہو جائیں گے پاس اگر تم اطاعت کرو گے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يُؤْتِكُمُ | یُ x تِ کُ مُ | تو تمہیں دے گا | ء ت ی | |
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | اَجْرًا | اَجْ رَنْ | اَجر | ء ج ر | اَجر، اُجرَت، اَجر و ثَوَاب |
| | حَسَنًا ج | حَ سَ نَا | اچھا | ح س ن | حَسَن، اِحسَان، مُحسِن، مُحسِنَات |
| | وَاِنْ | وَ اِنْ | اور اگر | | سَیر و سَیَاحت، عِلم و حِکمَت، شَب و روز اِن شَاءَ اللہ |
| | تَتَوَلَّوْا | تَ تَ وَ ل لَا وْ | تم پھر جاؤ گے | و ل ی | |
| | كَمَا | کَ مَا | جیسا کہ | | کَالعَدَم، کَالعَدَم جماعت، کَمَا حَقُّہٗ |
| | تَوَلَّيْتُمْ | تَ وَل لَا یْ تُ مْ | تم پھر گئے تھے | و ل ی | |
| | مِّنْ قَبْلُ | مِنْ قَبْ لُ | اس سے پہلے | ق ب ل | قَبل اَز نَماز، قَبل اَز طَعَام و الکَلَام |
| | يُعَذِّبْكُمْ | یُ عَ ذْ ذِ بْ کُ مْ | تو وہ تمہیں عذاب دے گا | ع ذ ب | عَذَابِ اِلٰہی، عَذَابِ جَہنّم عَذَابِ آخرت |

يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ اَجْرًا حَسَنًا ج وَاِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ مِّنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ

تو اللہ تعالیٰ تمہیں بہت بہتر بدلہ دے گا اور اگر تم نے منہ پھیر لیا جیسا کہ اس سے پہلے تم منہ پھیر چکے ہو تو وہ تمہیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَذَابًا | عَ ذَا بَنْ | عذاب | ع ذ ب | عَذَابِ اِلٰہی، عَذَابِ جَہنّم، عَذَابِ آخرت |
| | اَلِيْمًا ⑯ | اَ لِیْ مَا | نہایت دردناک | ء ل م | اَلمناک حادِثہ، رَنج واَلَم |
| ١٧ | لَيْسَ | لَا ئِیْ سَ | (پیچھے رہنے میں) نہیں ہے | | |
| | عَلَى الْاَعْمٰى | عَ لَلْ اَعْ مَا | اندھے پر | ع م ی | اَعْمٰی (اندھا آدمی)، عُمْیٌ (اندھے) |
| | حَرَجٌ | حَ رَ جُنْ | کوئی حرج (گناہ) | ح ر ج | لاحَرَج، کوئی حَرَج نہیں |
| | وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ | وَلَا عَلَلْ اَعْ رَجِ | اور نہ لنگڑے پر | ع ر ج | |
| | حَرَجٌ | حَ رَ جُنْ | کوئی حرج | ح ر ج | لاحَرَج، کوئی حَرَج نہیں |
| | وَّلَا | وَلَا | اور نہ | | عَدل وانصاف، قَول وقَرار، مَکروفریب، لاتعداد، لاعِلاج، لاعِلم، لاجواب |

عَذَابًا اَلِيْمًا ⑯ لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا

دردناک عذاب دے گا ⑯ اندھے پر کوئی حرج نہیں ہے اور نہ لنگڑے پر کوئی حرج ہے اور نہ بیمار پر کوئی حرج ہے، جو کوئی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَى الْمَرِيْضِ | عَ لَلْ مَ رِیْ ضِ | مریض پر | م ر ض | مَرِیض، مَرَضُ الموت، اَمرَاض |
| | حَرَجٌ ط | حَ رَ جْ | کوئی حرج | ح ر ج | لاحَرَج، کوئی حَرَج نہیں |
| | وَمَنْ | وَ مَا ئِیْ | اور جو کوئی | | شان وشوکت، صَبروتَحمّل، ذِکرواذکار |
| | يُّطِعِ | یُ طِ عِ | اطاعت کرے | ط و ع | اِطاعَتِ رَسُول، اِطاعَت گُزار، مُطیع |
| | اللّٰهَ | لَ لَا ہَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | وَرَسُوْلَهٗ | وَ رَسُوْ لَ ہُوْ | اور اس کے رسول کی | ر س ل | رِسَالَت، رَسُول، رِسَالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | يُدْخِلْهُ | یُ دْ خِ لْ ہُ | تو وہ (اللہ) اسے داخل کریگا | د خ ل | دَاخِل، دُخُول، وَزَارتِ داخِلہ |
| | جَنّٰتٍ | جَنْ نَا تِنْ | ایسے باغات میں | ج ن ن | جَنّتِ فِردوس، جَنّتُ المُعَلّٰی، جَنّتُ البَقیع |
| | تَجْرِيْ | تَ جْ رِیْ | کہ بہتی ہیں | ج ر ی | جَاری وسَاری، اِجراء، جَرَیان |
| | مِنْ تَحْتِهَا | مِنْ تَ حْ تِ ہَا | ان کے نیچے | ت ح ت | تَحتَ الشُّعُور، مَاتَحت، تَحتَ الاَرض |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَى الْمَرِيضِ حَرَجٌ ۗ وَمَنْ يُطِعِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ يُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا | | | | |
| | اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی فرمانبرداری کرے اسے اللہ تعالیٰ ایسی جنتوں میں داخل کرے گا جس کے (درختوں) | | | | |
| | الْأَنْهَارُ ۖ | لْ اَنْ ہَا رُ | نہریں | ن ھ ر | نہر جاری، نہرِ زبیدہ، محکمۂ انہار |
| | وَمَنْ | وَ مَا ئِیْں | اور جو کوئی | | سحر و افطار، نماز و روزہ، صبح و شام |
| | يَتَوَلَّ | یَ تَ وَلْ لَ | پھر جائے | و ل ی | |
| | يُعَذِّبْهُ | یُ عَذْ ذِ بْ ہُ | تو وہ (اللہ) اسے عذاب دیگا | ع ذ ب | عذابِ الٰہی، عذابِ جہنم، عذابِ آخرت |
| | عَذَابًا | عَ ذَا بَنْ | عذاب | ع ذ ب | عذابِ الٰہی، عذابِ جہنم، عذابِ آخرت |
| | أَلِيمًا ﴿١٧﴾ ع | اَ لِیْ مَا | نہایت دردناک | ء ل م | المناک حادثہ، رنج و الم |
| ۱۸ | لَقَدْ | لَ قَ دْ | بلاشبہ تحقیق | | |
| | رَضِيَ | رَ ضِ یَ | راضی ہو گیا | ر ض ی | رضامندی، اللہ کی رضا، تسلیم و رضا |
| | اللَّهُ | ل لَا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلہہ، اِلٰہ العالمین |
| | عَنِ الْمُؤْمِنِينَ | عَ نِلْ مُ x مِ نِیْ نَ | مؤمنوں سے | ء م ن | امن و امان، مؤمن، ایمان |
| | الْأَنْهَارُ ۖ وَمَنْ يَتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا أَلِيمًا ﴿١٧﴾ ع لَقَدْ رَضِيَ اللَّهُ عَنِ الْمُؤْمِنِينَ | | | | |
| | تلے نہریں جاری ہیں اور جو منہ پھیر لے اسے دردناک عذاب (کی سزا) دے گا ﴿١٧﴾ یقیناً اللہ تعالیٰ مؤمنوں سے خوش ہو گیا | | | | |
| | إِذْ | اِ ذْ | جب | | |
| | يُبَايِعُونَكَ | یُ بَا یِ عُوْ نَ کَ | وہ آپ کی بیعت کر رہے تھے | ب ی ع | بیعت نامہ، کسی کی بیعت کرنا |
| | تَحْتَ | تَ حْ تَ | نیچے | ت ح ت | تحت الشعور، ماتحت، تحت الارض |
| | الشَّجَرَةِ | ش شَ جَ رَ ةِ | درخت کے | ش ج ر | شجر، اشجار، شجرۃ الخلد |
| | فَعَلِمَ | فَ عَ لِ مَ | تو اس نے جان لیا | ع ل م | علم، تعلیم، معلم، معلوم، علامہ |
| | مَا | مَا | جو (خلوص) | | ماحول، مافوق الفطرت، ماجرہ |

النصف

ع ۱۰

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيْ قُلُوْبِهِمْ | فِيْ قُ لُوْ بِ هِمْ | ان کے دلوں میں تھا | ق ل ب | قلب، قُلوب، قلبی تعلّق، قلبِ اَطہر |
| | فَاَنْزَلَ | فَ اَنْ زَ لَ | پھر اس نے نازل کی | ن ز ل | نازِل، نُزُول قرآن، نازِلہ |
| | السَّكِيْنَةَ | س سَ كِيْ نَ ةَ | تسکین | س ك ن | سَاکِن، سَکنہ، سُکُونت، سَکِینت |
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا يْ هِمْ | ان پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |

اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ

جبکہ وہ درخت تلے تجھ سے بیعت کر رہے تھے، ان کے دلوں میں جو تھا اسے اس نے معلوم کر لیا اور ان پر اطمینان نازل فرمایا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاَثَابَهُمْ | وَ اَ ثَا بَ هُمْ | اور انہیں بدلے میں دی | ث و ب | ثَوَابِ دَارَین، اَجر و ثَواب |
| | فَتْحًا | فَتْ حَنْ | فتح | ف ت ح | فتح، فَاتِح، مفتُوح، اِفتِتَاح |
| | قَرِيْبًا ۙ﴿۱۸﴾ | قَ رِيْ بَا | قریب ہی | ق ر ب | قُرب، قَرِیب، اَقرَب، قَرِیبی عزیز و اَقارِب |
| ۱۹ | وَّمَغَانِمَ | وَ مَ غَا نِ مَ | اور (بھی) غنیمتیں | غ ن م | مَالِ غَنِیمت، غَنَائِم، غَنِیمتیں |
| | كَثِيْرَةً | كَ ثِيْ رَ تَا ئِیْں | بہت سی | ك ث ر | خیرِ کَثِیر، کَثرت، اَکثر، کَثِیر لوگ |
| | يَّاْخُذُوْنَهَا ؕ | یَ x خُ ذُوْ نَ ہَا | کہ وہ انہیں حاصل کریں گے | ء خ ذ | اَخذُ الکِتَاب، مَاخَذ، مَاخُوذ، مُواخَذہ کرنا، |
| | وَكَانَ | وَ كَ ا نَ | اور ہمیشہ سے ہے | ك و ن | سیر و سَیاحت، عِلم و حِکمت، شَب و روز |
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | عَزِيْزًا | عَ زِیْ زَنْ | نہایت غالب | ع ز ز | اَلعَزِیز (غالِب، اللہ کا صفاتی نام)، عَزِیزِ مِصر، مُعَزَّز، مُعَزَّزَات |

وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ۙ﴿۱۸﴾ وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا

اور انہیں قریب کی فتح عنایت فرمائی ﴿۱۸﴾ اور بہت سی غنیمتیں جنہیں وہ حاصل کریں گے اور اللہ تعالیٰ غالب

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | حَكِيْمًا ﴿۱۹﴾ | حَ كِيْ مَا | خوب حکمت والا | ح ك م | حِکمت و دَانائی، حَکِیم، مُحکَم، حُکمَاء |
| ۲۰ | وَعَدَكُمُ | وَ عَ دَ كُ مُ | تم سے وعدہ کیا | و ع د | وَعدہ وَفائی، وَعدہ و وَعِید، وَعدہ کرنا |
| | اللّٰهُ | ل لَا هُ | اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَغَانِمَ | مَ غَا نِ مَ | غنیمتوں کا | غ ن م | مالِ غَنیمت، غَنائم، غَنیمتیں |
| | كَثِيْرَةً | کَ ثِیْ رَ تَنْ | بہت سی | ك ث ر | خیرِ کثیر، کثرت، اکثر، کثیر لوگ |
| | تَاْخُذُوْنَهَا | تَ x خُ ذُوْ نَ ہَا | کہ تم انہیں حاصل کرو گے | ء خ ذ | اَخذُ الکتاب، ماخذ، ماخوذ، مُواخذہ کرنا |
| | فَعَجَّلَ | فَ عَ جْ جَ لَ | چنانچہ اس نے جلد ہی دے دی | ع ج ل | عُجلت پسندی، عاجل، مہرِ مُعجّل |
| | لَكُمْ | لَ کُ مْ | تمہیں | | |
| | هٰذِهٖ | ہَا ذِ ہِیْ | یہ | | مسجدِ ہٰذا، حاملِ رُقعہ ہٰذا، لٰہذا |

حَكِيْمًا ﴿١٩﴾ وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ

حکمت والا ہے ⑲ اللہ تعالیٰ نے تم سے بہت ساری غنیمتوں کا وعدہ کیا ہے جنہیں تم حاصل کرو گے پس یہ تو تمہیں جلدی ہی

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَكَفَّ | وَ کَفْ فَ | اور اس نے روک دیئے | ك ف ف | کافّۃُ لِلنّاس، کفاف، کف |
| | اَيْدِيَ | اَ ئْ دِ یَ | ہاتھ | ی د ی | یدِ بیضا، یدِ طولیٰ، رفع یدین، قطع ید |
| | النَّاسِ | نْ نَا سِ | لوگوں کے | ن و س | خیرُ النّاس، عامّۃُ النّاس، عوامُ النّاس |
| | عَنْكُمْ ج | عَنْ کُ مْ | تم سے | | |
| | وَلِتَكُوْنَ | وَ لِ تَ کُوْ نَ | اور تاکہ ہو یہ | ك و ن | شیر و شکر، شب و روز، اُمید و رجا |
| | اٰيَةً | آ یَ تً | ایک نشانی | ء ی ی | آیت (نشانی/واحد)، آیات (جمع) |
| | لِّلْمُؤْمِنِيْنَ | ل لِلْ مُ x مِ نِیْ نَ | مؤمنوں کے لئے | ء م ن | مُؤمن لوگ، ایمان، مُؤمن مرد |
| | وَيَهْدِيَكُمْ | وَ یَ ہْ دِ یَ کُ مْ | اور (تاکہ) وہ تمہیں ہدایت دے | ھ د ی | ہدایت، ہادیٔ عالم، ہادیٔ کائنات |
| | صِرَاطًا | صِ رَا طَنْ | صراط (راہ) | ص ر ط | پُلِ صراط، صراطِ مُستقیم (رسالہ کا نام) |

وَكَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ ۚ وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَيَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا

عطا فرما دی اور لوگوں کے ہاتھ تم سے روک دیئے، (تاکہ) مؤمنوں کے لئے یہ ایک نشانی ہو جائے (تاکہ) اور وہ تمہیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُّسْتَقِيْمًا ﴿٢٠﴾ لا | مُ سْ تَ قِیْ مَا | مستقیم (سیدھی) کی | ق و م | اِستقامت فی الدّین، مُقیم، خطِ مُستقیم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲۱ | وَّاُخْرٰى | وَ اُ خْ رَا | اور دوسری (غنیمتیں) | ء خ ر | آخر، آخرِین، اُخریٰ |
| | لَمْ تَقْدِرُوْا | لَ مْ تَ قْ دِ رُوْ | کہ تم (ابھی) قادر نہیں ہوئے | ق د ر | قادِر، قُدرَت، مُقتدَر، قَدِیر |
| | عَلَيْهَا | عَ لَا ئْ ہَا | ان (کو حاصل کرنے) پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | قَدْ | قَ دْ | تحقیق | | |
| | اَحَاطَ | اَ حَا طَ | احاطہ کر رکھا ہے | ح و ط | اِحاطہ کرنا، اِحاطۂ تحرِیر، مُحِیط ہونا |
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ نے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | بِهَا ؕ | بِ ہَا | ان کا | | |
| | وَكَانَ | وَ کَ انَ | اور ہمیشہ سے ہے | ك و ن | شان و شوکت، صبر و تحمّل، ذِکر و اذکار |
| | اللّٰهُ | ل لَا ہُ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | عَلٰى | عَ لَا | پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |

مُّسْتَقِيْمًا ۙ﴿۲۰﴾ وَّاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا قَدْ اَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى

سیدھی راہ چلائے ⑳ اور تمہیں اور (غنیمتیں) بھی دے جن پر اب تک تم نے قابو نہیں پایا، اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنے قابو میں رکھا ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كُلِّ | کُ ل لِ | ہر | ك ل ل | کُل کائِنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | شَیْءٍ | شَ ائْ ءِ نْ | چیز | ش ی ء | اَشیائے خُوردنی، اَشیائے ضرُوریہ شَئے، اَشیائے خُورد و نوش |
| | قَدِيْرًا ﴿۲۱﴾ | قَ دِ یْ رَا | خُوب قادر | ق د ر | قادِر، قُدرَت، مُقتدَر، قَدِیر |
| ۲۲ | وَلَوْ | وَ لَا ؤْ | اور اگر | | شِیر و شکر، شب و روز، اُمید و رَجا |
| | قٰتَلَكُمُ | قَا تَ لَ کُ مُ | تم سے لڑتے | ق ت ل | قتل، قاتِل، مقتُول، قتلِ عام |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِ یْ نَ | وہ لوگ جنہوں نے | | |
| | كَفَرُوْا | کَ فَ رُوْ | کفر کیا | ك ف ر | کُفر، کافِر، کُفّارِ مکّہ، کُفرانِ نعمت |
| | لَوَلَّوُا | لَ وَل لَ وُ | تو یقیناً وہ پھیر لیتے | و ل ی | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْاَدْبَارَ | لْ اَ دْ بَا رَ | (اپنی) پیٹھیں | د ب ر | دُبُرِصَلٰوۃ، مُدْبِر، اَدْبارِزَمانَہ |
| | ثُمَّ | ثُمْ مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | لَا يَجِدُوْنَ | لَا یَ جِ دُوْ نَ | وہ نہ پاتے | و ج د | وَجد، وَاجِد(نام)، مَوجُود، اِیجَاد |

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ﴿٢١﴾ وَلَوْ قٰتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ

اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے ﴿٢١﴾ اور اگر تم سے کافر جنگ کرتے تو یقیناً پیٹھ دکھا کر بھاگتے پھر نہ تو کوئی کارساز

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
|---|---|---|---|---|---|
| | الِاسْمُ | لِسْ مُ | نام | س م و | اِسمِ بامُسمّٰی، مَسماۃ، مُسمّٰی علی اکبر |

مِّنْهُنَّ ۚ وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ۭ بِئْسَ الِاسْمُ

بہتر ہوں، اور آپس میں ایک دوسرے کو عیب نہ لگاؤ اور نہ کسی کو بُرے لقب دو، ایمان کے بعد

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْفُسُوْقُ | لُ فُ سُوْ قُ | فاسق ہوجانے کا | ف س ق | فِسق وفُجُور، فاسِق وفاجِر، فاسِق |
| | بَعْدَ | بَ عْ دَ | بعد | ب ع د | بعدازنماز، بعدازاں، بعدازظہر |
| | الْاِيْمَانِ ۚ | لْ اِیْ مَا نِ | ایمان کے | ء م ن | اَمن واَمان، مُومن، ایمان |
| | وَمَنْ | وَ مَنْ | اور جس نے | | شان وشوکت، صبروتحمّل، ذِکرواذکار |
| | لَّمْ يَتُبْ | لْ لَمْ یَ تُبْ | توبہ نہ کی | ت و ب | توبہ، تائب، توبہ قبول کرنیوالا |
| | فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ | اُ لَا... ءِ کَ هُ مُ | تو وہی (لوگ) | | |
| | الظّٰلِمُوْنَ ⑪ | ظ ظَا لِ مُوْ نَ | ظالم ہیں | ظ ل م | ظُلم، ظالِم، مَظلوم، ظالمین |

الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِيْمَانِ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَتُبْ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ⑪

فسق بُرا نام ہے، اور جو توبہ نہ کریں وہی ظالم لوگ ہیں ⑪

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٢ | يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ | یَا.. اَ یْ یُ هَلْ لَ ذِیْ نَ | اے وہ لوگو جو | | |
| | اٰمَنُوا | آ مَ نُ | ایمان لائے ہو! | ء م ن | اَمن واَمان، مُومن، ایمان |
| | اجْتَنِبُوْا | جْ تَ نِ بُوْ | تم بچو | ج ن ب | اِجتناب کرنا (کبیرہ گناہوں سے) |
| | كَثِيْرًا | کَ ثِیْ رَ | بہت سی | ك ث ر | خیرِکثیر، کثرت، اکثر، کثیرلوگ |
| | مِّنَ الظَّنِّ ۡ | م مِنَ ظَ ظَنْ نِ | بدگمانیوں سے | ظ ن ن | ظَن، حُسنِ ظَن، سُوءِ ظَن، بدظَن |
| | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | بَعْضَ | بَ عْ ضَ | بعض | ب ع ض | بعض لوگ، بَعضُ النَّاس، بَعضِ اَشیاء |
| | الظَّنِّ | ظ ظَنْ نَ | بدگمانیاں | ظ ن ن | ظَن، حُسنِ ظَن، سُوءِ ظَن، بدظَن |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِثْمٌ | اِثْ مُوْں | گناہ ہیں | ء ث م | رَاقم آثِم، بندۂ آثِم |

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ ۫ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ

اے ایمان والو! بہت بدگمانیوں سے بچو یقین مانو کہ بعض بدگمانیاں گناہ ہیں، اور بھید نہ ٹٹولا کرو اور نہ تم میں سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّلَا تَجَسَّسُوْا | وَلَا تَ جَس سَ سُوْ | اور نہ تم (کسی کی) جاسوسی کرو | ج س س | جَاسُوسی کرنا، تَجَسُّس، جَاسُوس |
| | وَلَا يَغْتَبْ | وَلَا یَ غْ تَبْ | اور نہ غیبت کرے | غ ی ب | غِیبَت کرنا (چُغلی کرنا) |
| | بَّعْضُكُمْ | بَ عْ ضُ کُ مْ | تمہارا بعض | ب ع ض | بَعض لوگ، بَعضُ النَّاس، بَعض اَشیاء |
| | بَعْضًا ؕ | بَ عْ ضَا | بعض کا | ب ع ض | بَعض لوگ، بَعضُ النَّاس، بَعض اَشیاء |
| | اَيُحِبُّ | اَ یُ حِب بُ | کیا پسند کرتا ہے | ح ب ب | حُبّ، اَحباب، مُحِبّ، مَحَبّت، حَبِیب |
| | اَحَدُكُمْ | اَ حَ دُ کُ مْ | تم میں سے کوئی ایک | ء ح د | وَاحِد، وَحدَانیت، اَحَد |
| | اَنْ | اَ ئیں | یہ کہ | | |
| | يَّاْكُلَ | یَ x کُ لَ | وہ کھائے | ء ک ل | اَکلِ حَلَال، مَاکُول، مَاکُولَات |

وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ؕ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ

کوئی کسی کی غیبت کرے، کیا تم میں سے کوئی بھی اپنے مُردہ بھائی کا گوشت کھانا پسند کرتا ہے؟ تم کو اس سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَحْمَ | لَ حْ مَ | گوشت | ل ح م | لَحمِ خنزیر، مَاءُاللَّحم، لَحمِیات (پروٹین) |
| | اَخِيْهِ | اَ خِیْ ہِ | اپنے بھائی کا | ء خ و | اَخوَات، اُختِ عَلی (علی کی بہن) |
| | مَيْتًا | مَا ئِ تَنْ | جبکہ ہو وہ (بھائی) مردہ؟ | م و ت | مَوت، اَموَات، حَیَات و مَمَات |
| | فَكَرِهْتُمُوْهُ ؕ | فَ کَ رِ ہْ تُ مُوْہ | تو تم اسے ناپسند کرتے ہو | ک ر ہ | کَرَاہَت، مَکرُوہ، مَکرُوہ تَحرِیمی |
| | وَاتَّقُوا | وَت تَ قُ | اور تم ڈرو | و ق ی | مُتَّقِی لوگ، تقویٰ و پرہیزگاری |
| | اللّٰهَ ؕ | ل لَاہَ | اللہ سے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اللّٰهَ | ل لَا ہَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | تَوَّابٌ | تَا وْ وَا بُ | بہت توبہ قبول کرنے والا | ت و ب | توبہ، تائب، توبہ قبول کرنیوالا |
| | رَّحِيْمٌ ⑫ | رَ رَ حِیْ مْ | نہایت رحم کرنے والا ہے | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکَرم |

لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ ⑫

گھن آئے گی، اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو، بیشک اللہ تعالیٰ توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے ⑫

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۳ | يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ | یَا.. اَ یْ یُ ہَنْ نَا سُ | اے لوگو! | ن و س | خَیرُ النَّاس، عامّۃُ النَّاس، عَوامُ النَّاس |
| | اِنَّا | اِنْ نَا | بلاشبہ | | |
| | خَلَقْنٰكُمْ | خَ لَقْ نَا کُ مْ | ہم نے تمہیں پیدا کیا | خ ل ق | خالِق، تَخلیق، مَخلوق، خلقت |
| | مِّنْ ذَكَرٍ | مِنْ ذَ کَ رِیْ اُوْ ں | ایک مرد سے | ذ ك ر | مُذکّر، تذکیر، تذکیر وتانیث |
| | وَّاُنْثٰى | وَ اُنْ ثَا | اور ایک عورت | ء ن ث | مُؤَنّث، تذکیر وتانیث |
| | وَجَعَلْنٰكُمْ | وَ جَ عَلْ نَا کُ مْ | اور ہم نے بنائے تمہارے | ج ع ل | جَعلی، جَعل سازی، جَعلی نوٹ، جَعلی مُقابلہ، جَعلی کاغذات |
| | شُعُوْبًا | شُ عُوْ بَا ءُ ں | خاندان | ش ع ب | |
| | وَّقَبَآئِلَ | وَ قَ بَا... ءِ لَ | اور قبیلے | ق ب ل | قَبیلَہ، قَبائل، قَبیلَہ قُریش |

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ

اے لوگو! ہم نے تم سب کو ایک (ہی) مرد وعورت سے پیدا کیا ہے اور اس لئے کہ تم آپس میں ایک دوسرے کو پہچانو کنبے اور قبیلے بنا دیئے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِتَعَارَفُوْا ۭ | لِ تَ عَا رَ فُوْ | تاکہ تم ایک دوسرے کو پہچانو | ع ر ف | عُرف، عارِف، تَعریف، تَعارُف |
| | اِنَّ | اِنْ نَ | بلاشبہ | | |
| | اَكْرَمَكُمْ | اَکْ رَ مَ کُ مْ | تم میں سب سے زیادہ عزت والا | ك ر م | کَریم، اَکرم، مُکَرَّم، تَکریم |
| | عِنْدَ | عِنْ دَ | ہاں | ع ن د | عِندَ اللہ ماجُور ہوں (اللہ کے پاس سے اجر ملے گا) |
| | اللّٰهِ | ل لَا ہِ | اللہ کے (وہ ہے جو) | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَتْقٰكُمْ ط | اَ تْ قَا کُ مْ | تم میں سب سے زیادہ پرہیز گار ہو | و ق ی | مُتَّقی لوگ، تقویٰ و پرہیزگاری |
| | اِنَّ | اِ ن نَ | بلاشبہ | | |
| | اللّٰهَ | ل لَا هَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالمین |
| | عَلِيْمٌ | عَ لِیْ مُنْ | خوب جاننے والا | ع ل م | علم، تعلیم، مُعَلِّم، مَعلوم، علّامہ |
| | خَبِيْرٌ ۝١٣ | خَ بِیْ رٌ | خوب خبردار ہے | خ ب ر | خبر، باخبر، مُخبِر، خبرناک (اخبار) |

لِتَعَارَفُوْا ط اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ ط اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ۝١٣

ہیں، اللہ تعالیٰ کے نزدیک تم سب میں سے باعزت وہ ہے جو سب سے زیادہ ڈرنے والا ہے، یقین مانو کہ اللہ تعالیٰ دانا اور باخبر ہے ۝١٣

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قَالَتِ | قَا لَ تِ | کہا: | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| ١٤ | الْاَعْرَابُ | لْ اَعْ رَا بُ | دیہاتیوں نے | ع ر ب | اَعرابی (دیہاتی)، اَعراب (جمع) |
| | اٰمَنَّا ط | آ مَنْ نَا | ہم ایمان لائے | ء م ن | اَمن و اَمان، مُؤمن، ایمان |
| | قُلْ | قُ لْ | آپ کہہ دیجئے: | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | لَّمْ تُؤْمِنُوْا | لَمْ تُ x مِ نُوْ | تم ایمان نہیں لائے | ء م ن | اَمن و اَمان، مُؤمن، ایمان |
| | وَلٰكِنْ | وَ لَا كِنْ | اور لیکن | | شِیر و شکر، شب و روز، اُمید و رجا |
| | قُوْلُوْٓا | قُوْ لُوْ.. | تم کہو: | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | اَسْلَمْنَا | اَ سْ لَ مْ نَا | ہم اسلام لائے | س ل م | اِسلام، مُسلِم، مُسلمان، سلامتی، تسلیم |
| | وَلَمَّا يَدْخُلِ | وَ لَمْ مَا يَ دْ خُ لِ | اور ابھی تک داخل نہیں ہوا | د خ ل | داخل، دُخول، وزارتِ داخلہ |

قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ط قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ قُوْلُوْٓا اَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ

دیہاتی لوگ کہتے ہیں کہ ہم ایمان لائے، آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کہہ دیجئے کہ درحقیقت تم ایمان نہیں لائے لیکن تم یوں کہو کہ ہم اسلام لائے (مخالفت چھوڑ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْاِيْمَانُ | لْ اِیْ مَا نُ | ایمان | ء م ن | اَمن و اَمان، مُؤمن، ایمان |
| | فِيْ قُلُوْبِكُمْ ط | فِیْ قُ لُوْ بِ کُ مْ | تمہارے دلوں میں | ق ل ب | قلب، قُلوب، قلبی تعلق، قلبِ اَطہر |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاِنْ | وَ اِنْ | اور اگر | | سَیر وسَیاحت، علم وحکمت، شب وروز اِن شاءَاللہ |
| | تُطِيْعُوا | تُ طِیْ عُ | تم اطاعت کرو | ط و ع | اِطاعت رَسُول، اِطاعت گُزار، مُطیع |
| | اللّٰهَ | ل لاَ ہَ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | وَرَسُوْلَهٗ | وَ رَسُوْ لَ ہُوْ | اور اس کے رسول (کی) | ر س ل | رِسَالت، رَسُول، رِسَالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | لَا يَلِتْكُمْ | لاَ یَ لِتْ کُ مْ | تو وہ تم سے کم نہیں کرے گا | ل ی ت | لاتعداد، لاَعِلاج، لاَعِلم، لاجواب |
| | مِّنْ اَعْمَالِكُمْ | مِنْ اَعْ مَا لِ کُ مْ | تمہارے اعمال (کی جزا) سے | ع م ل | عَمل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |

الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَاِنْ تُطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَا يَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ

کر مطیع ہو گئے) حالانکہ ابھی تک تمہارے دلوں میں ایمان داخل ہی نہیں ہوا، تم اگر اللہ تعالیٰ کی اور اسکے رسول (ﷺ) کی فرمانبرداری کرنے لگو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | شَيْـًٔا ۭ | شَیْ ءَ ا | کچھ بھی | ش ی ء | اَشیائے خُوردنی، اَشیائے ضَروریہ شَیَٔ، اَشیائے خُورد ونوش |
| | اِنَّ اللّٰهَ | اِنْ نَ ل لاَ ہَ | بلاشبہ اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | غَفُوْرٌ | غَ فُوْ رُ | بہت بخشنے والا | غ ف ر | غَفّار، عَبدُالغَفُور، غَافِر، اِستِغفَار |
| | رَّحِيْمٌ ⑭ | ر رَ حِیْ م | نہایت رحم کرنے والا ہے | ر ح م | رَحم، رَحمت، رَحیم، رَحم وکَرم |
| ۱۵ | اِنَّمَا | اِنْ نَ مَ | بس | | |
| | الْمُؤْمِنُوْنَ | لْ مُ x مِ نُوْ نَ | (سچے) مؤمن (تو) | ء م ن | اَمن واَمَان، مُومِن، اِیمَان |
| | الَّذِيْنَ | ل لَ ذِیْ نَ | وہ ہیں جو | | |
| | اٰمَنُوْا | آ مَ نُوْ | ایمان لائے | ء م ن | اَمن واَمَان، مُومِن، اِیمَان |
| | بِاللّٰهِ | بِلْ لاَ ہِ | اللہ پر | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | وَرَسُوْلِهٖ | وَ رَسُوْ لِ ہِیْ | اور اس کے رسول (پر) | ر س ل | رِسَالت، رَسُول، رِسَالہ، مُرسَل اِلَیہ |

شَيْـًٔا ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑭ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

گے تو اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال میں سے کچھ بھی کم نہ کریگا، بیشک اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے ⑭ مؤمن تو وہ ہیں جو اللہ تعالیٰ پر اور اسکے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | ثُمَّ | ثُم مَ | پھر | | آمین ثُمَّ آمین |
| | لَمْ يَرْتَابُوْا | لَمْ یَ رْ تَا بُوْ | انہوں نے شک نہ کیا | ر ی ب | لَا رَیب کِتَاب، لَا رَیب بَات |
| | وَجٰهَدُوْا | وَ جَا ہَ دُوْ | اور انہوں نے جہاد کیا | ج ھ د | جُہد، جہاد، مُجَاہِد، جہاد بِالنَّفس |
| | بِاَمْوَالِهِمْ | بِ اَمْ وَا لِ ہِمْ | ساتھ اپنے مالوں کے | م و ل | مَال ودَولت، اَموَال، مَالِ غنیمت |
| | وَاَنْفُسِهِمْ | وَ اَنْ فُ سِ ہِمْ | اور اپنی جانوں (کے) | ن ف س | نفس، اَنفُس، نَفسَا نَفسی، تَنفُّس |
| | فِيْ سَبِيْلِ | فِیْ سَ بِیْ لِ | راہ میں | س ب ل | سَبِیل، سُبُل، فِی سَبِیلِ اللہ |
| | اللّٰهِ ؕ | ل لَا ہِ | اللہ کی | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | اُولٰٓئِكَ هُمُ | اُ لَا ... ءِ کَ ہُ مُ | یہی لوگ | | |

ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ

رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر (پکا) ایمان لائیں پھر شک وشبہ نہ کریں اور اپنے مالوں سے اپنی جانوں سے اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرتے رہیں، (اپنے دعوائے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الصّٰدِقُوْنَ ﴿۱۵﴾ | ص صَا دِ قُوْ نَ | سچے ہیں | ص د ق | صَادِق، صَدِیق، مُصَدِّق، صِدق |
| ۱۶ | قُلْ | قُ لْ | آپ کہہ دیجئے: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوَالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | اَتُعَلِّمُوْنَ | اَ تُ عَ ل لِ مُوْ نَ | کیا تم خبر دیتے ہو | ع ل م | عِلم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلَّامَہ |
| | اللّٰهَ | ل لَا ہَ | اللہ کو | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | بِدِيْنِكُمْ ؕ | بِ دِیْ نِ کُ مْ | اپنے دین کی؟ | د ی ن | دِینِ اِسلام، دِینِ مَتِین، دِینِ مُحَمَّدی |
| | وَاللّٰهُ | وَل لَا ہُ | اور اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | يَعْلَمُ | یَ عْ لَ مُ | جانتا ہے | ع ل م | عِلم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلَّامَہ |
| | مَا | مَا | جو کچھ | | مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجَرہ |
| | فِي السَّمٰوٰتِ | فِس سَ مَا وَا تِ | آسمانوں میں ہے | س م و | سَمَاوِی کُتُب، اَرض وسَمَاء |
| | وَمَا | وَ مَا | اور جو کچھ | | سَیر وسَیاحت، عِلم وحِکمت، شَب وروز<br>مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجَرہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

الصّٰدِقُوْنَ ⑮ قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ بِدِيْنِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا

ایمان میں ) یہی سچے اور راست گو ہیں ⑮ کہہ دیجئے! کہ کیا تم اللہ تعالیٰ کو اپنی دینداری سے آگاہ کر رہے ہو، اللہ تعالیٰ ہر اس چیز سے جو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِي الْاَرْضِ ؕ | فِلْ اَرْض | زمین میں ہے | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | وَاللّٰهُ | وَل لَا هُ | اور اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | بِكُلِّ | بِ کُل لِ | ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | شَيْءٍ | شَا ئِ ءِ نْ | چیز کو | ش ی ء | اَشیائے خُوردنی، اَشیائے ضَروریہ شئے، اَشیائے خُوردونوش |
| | عَلِيْمٌ ⑯ | عَ لِیْ م | خُوب جاننے والا ہے | ع ل م | عِلم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلاّمہ |
| ١٧ | يَمُنُّوْنَ | یَ مُن نُوْ نَ | اور (دیہاتی) احسان جتاتے ہیں | م ن ن | مَنّ واِحسان، عَبدُالمنّان، مَمنُون |
| | عَلَيْكَ | عَ لَا ئِ کَ | آپ پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | اَنْ اَسْلَمُوْا ؕ | اَنْ اَس لَ مُوْ | یہ کہ وہ مسلمان ہوئے | س ل م | اِسلام، مُسلِم، مُسلمان، سَلامتی، تَسلیم |
| | قُلْ | قُ لْ | کہہ دیجئے: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |

فِي الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ⑯ يَمُنُّوْنَ عَلَيْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ؕ قُلْ

آسمانوں میں اور زمین میں ہے بخوبی آگاہ ہے، اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کا جاننے والا ہے ⑯ اپنے مسلمان ہونے کا آپ پر احسان جتاتے ہیں،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لَّا تَمُنُّوْا | لَا تَ مُن نُوْ | تم احسان نہ جتلاؤ | م ن ن | مَنّ واِحسان، عَبدُالمنّان، مَمنُون |
| | عَلَيَّ | عَ لَا ئِ یَ | مجھ پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | اِسْلَامَكُمْ ج | اِس لَا مَ کُ م | اپنے اسلام لانے کا | س ل م | اِسلام، مُسلِم، مُسلمان، سَلامتی، تَسلیم |
| | بَلِ اللّٰهُ | بَ لِل لَا هُ | بلکہ اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہہ، اِلٰہُ العالَمِین |
| | يَمُنُّ | یَ مُن نُ | احسان فرماتا ہے | م ن ن | مَنّ واِحسان، عَبدُالمنّان، مَمنُون |
| | عَلَيْكُمْ | عَ لَا ئِ کُ م | تم پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | اَنْ | اَنْ | یہ کہ | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هَدٰىكُمْ | ہَ دَا كُ مْ | اس نے تمہیں ہدایت دی | ھ د ی | ہِدَایت، ہَادِیٔ عَالَم، ہَادِیٔ کَائِنَات |
| | لِلْاِيْمَانِ | لِلْ اِیْ مَا نِ | ایمان کی | ء م ن | اَمن واَمَان، مُؤمن، اِیمان |

لَا تَمُنُّوْا عَلَيَّ اِسْلَامَكُمْ ۚ بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ لِلْاِيْمَانِ

آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کہہ دیجئے کہ اپنے مسلمان ہونے کا احسان مجھ پر نہ رکھو، بلکہ دراصل اللہ تعالیٰ کا تم پر احسان ہے کہ اس نے تمہیں ایمان کی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِنْ كُنْتُمْ | اِنْ كُنْ تُمْ | اگر ہو تم | ك و ن | اِن شَاءَ اللہ |
| | صٰدِقِيْنَ ⑰ | صَا دِ قِیْ نَ | سچے | ص د ق | صَادِق، صَدِیق، مُصَدِّق، صِدق |
| ۱۸ | اِنَّ | اِن نَ | بلاشبہ | | |
| | اللّٰهَ | ل لَا ہَ | اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |
| | يَعْلَمُ | یَ عْ لَ مُ | جانتا ہے | ع ل م | عِلْم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلَّامَہ |
| | غَيْبَ | غَا ئِیْ بَ | چھپی باتیں | غ ی ب | غَیب کا عِلم، غِیَاب، غَیبی اَمداد |
| | السَّمٰوٰتِ | س سَ مَا وَا تِ | آسمانوں کی | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | وَالْاَرْضِ ط | وَلْ اَ رْ ضِ | اور زمین کی | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَرَاضی، کُرۂ اَرض |
| | وَاللّٰهُ | وَلْ لَا ہُ | اور اللہ | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ العَالَمِین |

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ⑰ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط وَاللّٰهُ

ہدایت کی اگر تم راست گو ہو ⑰ یقین مانو کہ آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتیں اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے، اور جو کچھ تم کر رہے ہو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بَصِيْرٌۢ | بَ صِیْ رُمْ | خوب دیکھنے والا ہے | ب ص ر | بَصارت، بَصِیرت، اَبصار |
| | بِمَا | بِ مَا | اسے جو | | مَا حَول، مَافَوقُ الفِطرت، مَاجرَہ |
| | تَعْمَلُوْنَ ⑱ ع | تَ عْ مَ لُوْ نَ | تم عمل کرتے ہو | ع م ل | عَمَل، اَعمال، عَامِل، مَعمُول |

بَصِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ⑱ ع

ع ۲ ۸ ۱۴

اسے اللہ تعالیٰ خوب دیکھ رہا ہے ⑱

اٰيَاتُهَا ۴۵ (۵۰) سُوْرَةُ قٓ مَكِّيَّةٌ (۳۴) رُكُوْعَاتُهَا ۳

المنزل ۷

# بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے ○

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | قٓ ۚ قف | قا... ف | قٓ | | حُرُوف مُقَطَّعَات (علیحدہ علیحدہ حرف پڑھنا) |
| | وَالْقُرْاٰنِ | وَلْ قُرْ آ نِ | قسم ہے قرآن کی | ق ر ء | قُرآن عظیم، قِرأت، قاری |
| | الْمَجِيْدِ ۚ ① | لْ مَ جِیْ دِ | جو بڑی شان والا ہے | م ج د | مَجید (اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام)، جَدِّامجد، مَجد و شرف، مَجِدِیّت، عَبْدُ المَاجِد |
| ۲ | بَلْ | بَ لْ | بلکہ | | |
| | عَجِبُوْٓا | عَ جِ بُوْ.. | انہوں نے تعجب کیا | ع ج ب | عَجیب، تَعَجُّب، عَجَب، مُتَعَجِّب، عُجُوبہ |
| | اَنْ | اَنْ | یہ کہ | | |
| | جَآءَهُمْ | جَا... ءَ هُمْ | ان کے پاس آیا | ج ی ء | |
| | مُّنْذِرٌ | مُنْ ذِ رٌ | ایک ڈرانے والا | ن ذ ر | نذیر و بشیر، انذار (ڈرانا)، مُنذِر (ڈرانے والا) |
| | مِّنْهُمْ | م مِنْ هُمْ | انہی میں سے | | مِنْ و عَنْ، مِنْ جُمْلَہ، مِنْ حَیْثُ القَوم |
| | فَقَالَ | فَ قَا لَ | تو کہا | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |

## قٓ ۚ قف وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ۚ ① بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ فَقَالَ

ق! بہت بڑی شان والے اس قرآن کی قسم ہے ① بلکہ انہیں تعجب معلوم ہوا کہ ان کے پاس انہی میں سے ایک آگاہ کرنے والا آیا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْكٰفِرُوْنَ | لْ کَا فِ رُوْ نَ | کافروں نے: | ك ف ر | کُفر، کافر، کُفّارِ مکّہ، کُفرانِ نعمت |
| | هٰذَا | ہَا ذَا | یہ | | مَسجِدِ ہٰذا، حامِلِ رُقعہ ہٰذا، الہٰذا |
| | شَيْءٌ | شَا ئِ ءُ نْ | ایک چیز ہے | ش ی ء | اَشیائے خوردنی، اَشیائے ضروریہ، شَئے، اَشیائے خورد و نوش |
| | عَجِيْبٌ ۚ ② | عَ جِیْ بٌ | عجیب | ع ج ب | عَجیب، تَعَجُّب، عَجَب، مُتَعَجِّب، عُجُوبہ |
| ۳ | ءَ | ءَ | کیا | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | إِذَا | اِ ذَا | جب | | |
| | مِتْنَا | مِتْ نَا | ہم مرجائیں گے | م و ت | مَوت، اَموَات، حَیَات ومَمَات |
| | وَكُنَّا | وَ کُن نَا | اور ہم ہوجائیں گے | ك و ن | شان وشوکت، صبروتحمّل، ذِکرواذکار |
| | تُرَابًا ج | تُ رَا بًا | مٹی (تو کیا ہم زندہ کرکے اٹھائے جائیں گے؟) | ت ر ب | تُربَت، تُربِ ہندی (ہندی مٹی) اَبُوتُراب (حضرت علی رضی اللہ عنہ کی کنیت) |
| | ذٰلِكَ | ذَا لِ کَ | یہ | | |
| | رَجْعٌۢ | رَ جْ عٌ مْ | واپسی (تو) | ر ج ع | رَاجِع، مَرجَع، رُجُوع کرنا (باربار پلٹنا) |
| | بَعِيْدٌ ۝٣ | بَ عِیْ دْ | بہت دُور ہے | ب ع د | بَعِیداَزقِیاس، بُعد (دُوری)، مَاضِی بَعِید |

الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا شَيْءٌ عَجِيْبٌ ۝٢ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ۚ ذٰلِكَ رَجْعٌۢ بَعِيْدٌ ۝٣

تو کافروں نے کہا کہ یہ ایک عجیب چیز ہے ۝٢ کیا جب ہم مرکر مٹی ہو جائیں گے، پھر یہ واپسی دور (از عقل) ہے ۝٣

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴ | قَدْ | قَ دْ | تحقیق | | |
| | عَلِمْنَا | عَ لِ مْ نَا | ہمیں علم ہے | ع ل م | عِلم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلاّمَہ |
| | مَا | مَا | جو کچھ | | مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجَرَہ |
| | تَنْقُصُ | تَنْ قُ صُ | کم کرتی ہے | ن ق ص | نَقصِ اَمن، نُقصَان، نَقَائِص، تَنقِیص |
| | الْاَرْضُ | لْ اَرْ ضُ | زمین | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَرَاضِی، کُرۂ اَرض |
| | مِنْهُمْ ج | مِنْ هُمْ | ان میں سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | وَعِنْدَنَا | وَ عِ نْ دَ نَا | اور ہمارے پاس | ع ن د | عِندَاللہ مَاجُور ہوں (اللہ کے پاس سے اجر ملے گا) |
| | كِتٰبٌ | کِ تَا بُنْ | ایک کتاب ہے | ك ت ب | کِتابِ حِکمَت، کِتَابُ اللہ، کِتَابَت |
| | حَفِيْظٌ ۝٤ | حَ فِیْ ظ | حفاظت کرنیوالی (ہرچیز کی) | ح ف ظ | حِفظ، حَافِظ، حِفَاظَت، مَحفُوظ |
| ۵ | بَلْ | بَ لْ | بلکہ | | |
| | كَذَّبُوْا | کَذ ذَ بُوْ | انہوں نے جھٹلا دیا | ك ذ ب | کِذب، تَکذِیب، کَاذِب، کَذّاب مُسَیلِمَہ کَذّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ مِنْهُمْ ۚ وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِيْظٌ ④ بَلْ كَذَّبُوْا

زمین جو کچھ ان میں سے گھٹاتی ہے وہ ہمیں معلوم ہے اور ہمارے پاس سب یاد رکھنے والی کتاب ہے ④ بلکہ انہوں نے سچی بات کو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِالْحَقِّ | بِلْ حَق قِ | حق کو | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقت |
| | لَمَّا | لَم مَا | جب | | |
| | جَآءَهُمْ | جَا... ءَ ہُمْ | وہ ان کے پاس آیا | ج ی ء | |
| | فَهُمْ | فَ ہُمْ | چنانچہ وہ | | |
| | فِيْٓ اَمْرٍ | فِیْ.. اَمْ رِ | معاملے میں ہیں | ء م ر | اَمرِ رَبِّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| | مَّرِيْجٍ ⑤ | م مَ رِیْ ج | ایک اُلجھے ہوئے | م ر ج | |
| ٦ | اَفَلَمْ | اَ فَ لَ مْ | کیا پھر نہیں | | |
| | يَنْظُرُوْٓا | یَنْ ظُ رُوْ.. | انہوں نے دیکھا | ن ظ ر | نَظَر، نَظَارہ، مَنظر، نَاظِرین |
| | اِلَى السَّمَآءِ | اِلَسْ سَ مَا...ءِ | آسمان کی طرف | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |

بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ فَهُمْ فِيْٓ اَمْرٍ مَّرِيْجٍ ⑤ اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى السَّمَآءِ

جھوٹ کہا ہے جبکہ وہ ان کے پاس پہنچ چکی پس وہ ایک اُلجھاؤ میں پڑ گئے ہیں ⑤ کیا انہوں نے آسمان کو اپنے اوپر نہیں دیکھا؟

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَوْقَهُمْ | فَا ؤْقَ ہُمْ | اپنے اوپر | ف و ق | فَوقُ الارض، فَوقَ السَّماء، فَوقِیَّت |
| | كَيْفَ | کَا ئِیْ فَ | (کہ) کیسا | ک ی ف | کَیفِیّت، بہرکَیف، کَیفَ حَالُک |
| | بَنَيْنٰهَا | بَ نَا ئِیْ نَا ہَا | ہم نے اسے بنایا | ب ن ی | بِناڈالنا (بنانا)، بِنَائے اِسلَام |
| | وَزَيَّنّٰهَا | وَ زَا ئِیْ یَن نَا ہَا | اور ہم نے اسے مزّین کیا | ز ی ن | تَزئین و آرائش، مُزَیَّن کرنا، زین (نام) |
| | وَمَا | وَ مَا | اور نہیں ہیں | | شان وشوکت، صبر وتحمّل، ذِکر واذکار |
| | لَهَا | لَ ہَا | اس میں | | |
| | مِنْ فُرُوْجٍ ⑥ | مِنْ فُ رُوْ ج | کوئی درزیں؟ | ف ر ج | مِنْ وعَن، مِن جُملَہ، مِن حَیثُ القَوم |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۷ | وَالْاَرْضَ | وَلْ اَرْضَ | اور زمین کو | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَراضی، کُرہٴ اَرض |
| | مَدَدْنٰهَا | مَ دَدْ نَا ہَا | ہم نے اسے پھیلایا | م د د | مَدَّظِلُّہُ الْعَالِیْ، مُدّت، مَد، مَدِّمُتَّصِل |

فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَ زَيَّنّٰهَا وَ مَا لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ ۞٦ وَ الْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا

کہ ہم نے اسے کس طرح بنایا ہے اور زینت دی ہے اس میں کوئی شگاف نہیں ⑥ اور زمین کو ہم نے بچھا دیا ہے اور اس میں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاَلْقَيْنَا | وَ اَلْ قَائِ نَا | اور ہم نے ڈال (گاڑ) دیئے | ل ق ی | اِلقاء ہونا، اِلقاء کرنا (دل میں ڈالنا) |
| | فِيْهَا | فِیْ ہَا | اس میں | | فِی الْحَال، فِی الْفَور، فِی الْوَقْت |
| | رَوَاسِيَ | رَوَاسِ یَ | مضبوط پہاڑ | ر و س | |
| | وَاَنْۢبَتْنَا | وَ اَمْ بَتْ نَا | اور ہم نے اُگائی | ن ب ت | جنگلی نَباتات، نَباتِ اَرضی، عِلم نَباتات، نَباتات کی کِتاب |
| | فِيْهَا | فِیْ ہَا | اس میں | | فِی الْحَال، فِی الْفَور، فِی الْوَقْت |
| | مِنْ كُلِّ | مِنْ کُل لِ | ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | زَوْجٍۢ | زَ اوْجِ مْ | ایک قسم | ز و ج | زوجہ، زوج، اَزواجِ مُطَہَّرات |
| | بَهِيْجٍ ۞٧ | بَ ہِیْ ج | خوش نما | ب ھ ج | بَہْجَۃُ الْقُلُوب (پُررونق دلوں کی کتاب) |
| ۸ | تَبْصِرَةً | تَبْ صِ رَتُوں | بطورِ بصیرت | ب ص ر | بَصارت، بَصیرت، اَبصار |

وَ اَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَ اَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍۭ بَهِيْجٍ ۞٧ تَبْصِرَةً

ہم نے پہاڑ ڈال دیئے ہیں اور اس میں ہم نے قسم قسم کی خوشنما چیزیں اُگا دی ہیں ⑦ تاکہ ہر رجوع کرنے والے بندے کے لئے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّ ذِكْرٰى | وَ ذِکْ رَا | اور نصیحت | ذ ك ر | تذکیر ونصیحت، ذِکر واَذکار، ذاکر |
| | لِكُلِّ | لِ کُل لِ | ہر ایک کے لئے | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | عَبْدٍ | عَ بْ دِ | (وہ) شخص (جو) | ع ب د | عَبد، عِبادت، عابِد، مَعبُود |
| | مُّنِيْبٍ ۞٨ | مُ مُ نِیْ ب | رجوع کرنے والا ہے | ن و ب | مُنِیبُ الرَّحمٰن، اِنابت (رُجوع کرنا) |
| ۹ | وَنَزَّلْنَا | وَ نَزْ زَلْ نَا | اور ہم نے نازل کیا | ن ز ل | نازِل، نُزولِ قُرآن، نازِلہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِنَ السَّمَآءِ | مِ نَس سَ مَا...ءِ | آسمان سے | س م و | سَماوی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | مَآءً | مَا...ءَ | پانی | م و ہ | مَاءِ زَمزَم، مَاءِ شِیریں، مَاءِ بَارِد |
| | مُّبٰرَكًا | م مُ بَا رَ كَن | بہت بابرکت | ب ر ك | بَرَکت، بَرَکات، مُبارَک باد |
| | فَاَنۡۢبَتۡنَا | فَ اَم بَت نَا | پھر ہم نے اُگائے | ن ب ت | جنگلی نَباتات، نَباتِ اَرضی، عِلمِ نَباتات، نَباتات کی کِتاب |
| | بِهٖ | بِ ہِیْ | اس کے ذریعے سے | | |

وَّ ذِكۡرٰى لِكُلِّ عَبۡدٍ مُّنِيۡبٍ ⑧ وَ نَزَّلۡنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا فَاَنۡۢبَتۡنَا بِهٖ

بینائی اور دانائی کا ذریعہ ہو ⑧ اور ہم نے آسمان سے بابرکت پانی برسایا اور اس سے باغات اور کٹنے والے کھیت کے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | جَنّٰتٍ | جَن نَاتِ اُوں | باغات | ج ن ن | جَنّتِ فِردوس، جَنّتُ المُعَلّٰی، جَنّتُ البقیع |
| | وَّحَبَّ | وَحَب بَ | اور اناج | ح ب ب | حَبِّ جَواہر، پَائی پَائی حَبَّہ حَبَّہ، حُبُوب |
| | الۡحَصِيۡدِ ۙ⑨ | لُ حَ صِیْ د | کاٹی جانے والی کھیتی کے | ح ص د | |
| ١٠ | وَالنَّخۡلَ | وَن نَ خُ لَ | اور کھجوروں کے درخت | ن خ ل | نَخَل، نَخِلستان، نَخَلِ مَرقَد (قبر پر کھجور) |
| | بٰسِقٰتٍ | بَا سِ قَاتِ | بلند و بالا | ب س ق | |
| | لَّهَا | ل لَ ہَا | ان کے | | |
| | طَلۡعٌ | طَ لْ عُ | خوشے ہیں | ط ل ع | |
| | نَّضِيۡدٌ ۙ⑩ | ن نَ ضِیْ د | تہ بہ تہ | ن ض د | |
| ١١ | رِّزۡقًا | رِزْ قَ | روزی کے لئے | ر ز ق | رِزقِ حَلال، رَازِق، رَزّاق |
| | لِّلۡعِبَادِ ۙ | ل لِل عِ بَادِ | بندوں کی | ع ب د | عَبدُاللہ، عِباد، عِبادُالرَّحمٰن |

جَنّٰتٍ وَّحَبَّ الۡحَصِيۡدِ ۙ⑨ وَالنَّخۡلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلۡعٌ نَّضِيۡدٌ ۙ⑩ رِّزۡقًا لِّلۡعِبَادِ ۙ

غلے پیدا کئے ⑨ اور کھجوروں کے بلند و بالا درخت جن کے خوشے تہ بہ تہ ہیں ⑩ بندوں کی روزی کے لئے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَاَحۡيَيۡنَا | وَ اَحْ یَا یْ نَا | اور ہم نے زندہ کیا | ح ی ی | حَیاتِ جاوِدانی، حَیّ قَیُّوم، حَیاتِ طَیِّبَہ، جنگلی حَیات |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِهٖ | بِ ہِیْ | اس (پانی) کے ذریعے سے | | |
| | بَلْدَةً | بَ لْ دَ تَ | ایک شہر | ب ل د | بَلَد، بِلَاد، بَلدِیہ، بَلدِ مَدِینَہ |
| | مَّيْتًا ۭ | م مَا ئِیْ تَا | مُردہ (بنجر زمین) کو | م و ت | مَوت، اَموات، حَیات و مَمات |
| | كَذٰلِكَ | کَ ذَا لِ کَ | اسی طرح | | کالعدم، کالعدم جماعت، کَمَا حَقُّہٗ |
| | الْخُرُوْجُ ⑪ | لْ خُ رُوْ ج | نکلنا ہے (قبروں سے) | خ ر ج | خارج، وَزارتِ خارجہ، مَخرَج، خُرُوج |
| ١٢ | كَذَّبَتْ | کَذْ ذَ بَتْ | جھٹلایا | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کَذَّاب، مُسیلمہ کَذَّاب (نبوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | قَبْلَهُمْ | قَبْ لَ ہُمْ | ان سے پہلے | ق ب ل | قَبل اَز نماز، قَبل اَز طعام والکلام |
| | قَوْمُ | قَا ؤ مُ | قوم نے | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ موسیٰ |
| | نُوْحٍ | نُوْ-حِیْ اُوْں | نُوح کی | | حضرت نُوح علیہ السلام (نبی کا نام) |

**وَاَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا ۭ كَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ ⑪ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ**

اور ہم نے پانی سے مُردہ شہر کو زندہ کر دیا، اسی طرح (قبروں سے) نکلنا ہے ⑪ ان سے پہلے نوح (علیہ السلام) کی قوم نے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَّاَصْحٰبُ | وَ اَصْ حَا بُ | والوں نے | ص ح ب | صَحابی، صَحابہ، اَصحابِ بَدر، صَاحِب |
| | الرَّسِّ | رَ رَسْ سِ | اور رس (کنویں) | | اَلرَّس (ایک قوم، جنہیں کنواں والے کے نام سے پکارا جاتا تھا) |
| | وَثَمُوْدُ ⑫ | وَ ثَ مُوْ دُ | اور ثمود نے | | قومِ عاد |
| ١٣ | وَعَادٌ | وَ عَا دُوْں | اور عاد نے | | قومِ ثمود |
| | وَّفِرْعَوْنُ | وَ فِ رْ عَا ؤ نُ | اور فرعون نے | | (ایک حکمران تھا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں) |
| | وَاِخْوَانُ | وَ اِخْ وَا نُ | اور برادرانِ | ء خ و | اُخُوّت پروگرام، مُواخات، اُخُوّت، اَخوانُ المُسلِمِین |
| | لُوْطٍ ⑬ | لُوْ ط | لُوط نے | | حضرت لُوط علیہ السلام (نبی کا نام) |
| ١٤ | وَّاَصْحٰبُ | وَ اَصْ حَا بُ | اور والوں نے/اَصحابِ | ص ح ب | صَحابی، صَحابہ، اَصحابِ بَدر، صَاحِب |
| | الْاَيْكَةِ | لْ آ ئِ کَ تِ | اَیکہ (بستی) | | اَیکہ (ایک قوم جس کو جنگل والے اصحاب کہتے ہیں) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

وَّ اَصْحٰبُ الرَّسِّ وَ ثَمُوْدُ ﴿۱۲﴾ وَ عَادٌ وَّ فِرْعَوْنُ وَ اِخْوَانُ لُوْطٍ ﴿۱۳﴾ وَّ اَصْحٰبُ الْاَیْكَةِ

اور رس والوں نے اور ثمود نے ﴿۱۲﴾ اور عاد نے فرعون نے اور برادران لوط نے ﴿۱۳﴾ اور ایکہ والوں نے اور تبع کی قوم نے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَقَوْمُ | وَ قَا وْ مُ | اور قومِ | ق و م | قوم، اَقوام، مُسلم قوم، قومِ مُوسیٰ |
| | تُبَّعٍ ط | تُب بَ عٍ | تُبَّعٌ نے | ت ب ع | قومِ تُبَّعٌ (مشہور قوم) |
| | كُلٌّ | كُل لُنْ | (ان) سب نے | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | كَذَّبَ | كَذ ذَ بَ | جھٹلایا | ك ذ ب | کِذب، تکذیب، کاذِب، کَذّاب مُسیلمہ کَذّاب (نبُوّت کے جھوٹے دعویدار کا نام) |
| | الرُّسُلَ | رر ُس لَ | رسولوں کو | ر س ل | رِسالت، رَسُول، رِسالہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | فَحَقَّ | فَ حَق قَ | تو (ان پر) ثابت ہو گیا | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقت |
| | وَعِيْدِ ﴿۱۴﴾ | وَ عِیْ دِ | میرے عذاب کا وعدہ | و ع د | وَعدہ وَفائی، وَعدہ و وَعِید، وَعدہ کرنا |
| ۱۵ | اَفَعَيِيْنَا | اَ فَ عَ یِيْ نَا | کیا پھر ہم تھک گئے ہیں | ع ی ی | |
| | بِالْخَلْقِ | بِلْ خَ لْ قِ | پیدا کر کے؟ | خ ل ق | خالِق، تخلیق، مخلُوق، خلقت |
| | الْاَوَّلِ ط | لْ اَ وْ وَ لِ | پہلی بار | ء و ل | اَوّل، اُولیٰ، اَوائل، اَوّل و آخر |

وَ قَوْمُ تُبَّعٍ ط كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيْدِ ﴿۱۴﴾ اَفَعَيِيْنَا بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ ط

بھی تکذیب کی تھی، سب نے پیغمبروں کو جھٹلایا پس میرا وعدۂ عذاب ان پر صادق آ گیا ﴿۱۴﴾ کیا ہم پہلی بار کے پیدا کرنے سے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بَلْ | بَ لْ | (نہیں) بلکہ | | |
| | هُمْ | هُ مْ | وہ | | |
| | فِيْ لَبْسٍ | فِيْ لَ بْ سٍ | شک میں ہیں | ل ب س | اِلتِباس (خلط ملط ہونا)، مُلتَبِس |
| | مِّنْ خَلْقٍ | م مِنْ خَ لْ قِنْ | پیدا کرنے سے | خ ل ق | خالِق، تخلیق، مخلُوق، خلقت |
| | جَدِيْدٍ ﴿۱۵﴾ ع | جَ دِيْ دٍ | از سرِ نو | ج د د | جدِید (نئی) کتاب جدِید، جِدَّت |
| ۱۶ | وَ لَقَدْ | وَ لَ قَ دْ | اور بلاشبہ تحقیق | | سیر و سیاحت، علم و حکمت، شب و روز |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | خَلَقْنَا | خَ لَقْ نَ | ہم نے پیدا کیا | خ ل ق | خَالِق، تَخلِیق، مَخلُوق، خلقَت |
| | الْاِنْسَانَ | لْ اِنْ سَا نَ | انسان کو | ء ن س | اِنسَانی خُلیہ، خُوبصُورت اِنسَان، اِنسَانیت، اِنسَانی وَقَار |
| | وَنَعْلَمُ | وَ نَ عْ لَ مُ | اور ہم جانتے ہیں | ع ل م | عِلْم، تَعلِیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلاّمَہ |
| | مَا | مَا | ان کو جو | | مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجِرَہ |

بَلْ هُمْ فِیْ لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِیْدٍ ﴿۱۵﴾ ع وَ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ وَ نَعْلَمُ مَا ع ۱۵ ۱۵

تھک گئے؟ بلکہ یہ لوگ نئی پیدائش کی طرف سے شک میں ہیں ﴿۱۵﴾ ہم نے انسان کو پیدا کیا ہے اور اس کے دل میں جو خیالات

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تُوَسْوِسُ | تُ وَسْ وِ سُ | باتیں کرتا ہے | و س و س | وَسْوَسَہ ڈالنا، وَسْوَاس ہونا |
| | بِهٖ | بِ ہِیْ | اس (انسان) سے | | |
| | نَفْسُهٗ ۚ | نَفْ سُ ہٗ | اس کا دل | ن ف س | نَفَس، اَنفُس، نَفسَا نَفسِی، مُتَنَفِّس |
| | وَنَحْنُ | وَ نَ حْ نُ | اور ہم | ن ح ن | سَیر و سَیَاحَت، عِلم و حِکمَت، شَب و روز |
| | اَقْرَبُ | اَقْ رَ بُ | قریب تر ہیں | ق ر ب | قُرب، قَرِیب، اَقرَب، قَرِیبی عَزِیز و اَقَارِب |
| | اِلَیْهِ | اِ لَا یْ ہِ | اس سے (اس کی) | | رُجُوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | مِنْ | مِنْ | سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | حَبْلِ الْوَرِیْدِ ﴿۱۶﴾ | حَبْ لِلْ وَ رِیْ دِ | شہ رگ بھی | ح ب ل و ر د | حَبْلِ الْوَرِیْدِ (شہ رگ) |
| ۱۷ | اِذْ | اِذْ | جب | | |
| | یَتَلَقَّی | یَ تَ لَقْ قَ | ضبط کرتے ہیں | ل ق ی | اِلقَاء ہونا، اِلقَاء کرنا (دل میں ڈالنا) مُلَاقَات، مُلَاقَاتی حضرات، اِلتِقَاء |

تُوَسْوِسُ بِهٖ نَفْسُهٗ ۚ وَ نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ ﴿۱۶﴾ اِذْ یَتَلَقَّی

اُٹھتے ہیں ان سے ہم واقف ہیں اور ہم اس کی رگ جان سے بھی زیادہ اس سے قریب ہیں ﴿۱۶﴾ جس وقت دو لینے والے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْمُتَلَقِّیٰنِ | لْ مُ تَ لَقْ قِ یَا نِ | دو ضبط کرنے والے | ل ق ی | اِلقَاء ہونا، اِلقَاء کرنا (دل میں ڈالنا) مُلَاقَات، مُلَاقَاتی حضرات، اِلتِقَاء |
| | عَنِ الْیَمِیْنِ | عَ نِلْ یَ مِیْ نِ | ایک دائیں پہلو میں (بیٹھا ہوا) | ی م ن | یَمِین و یَسَار، یُمنیٰ یُسریٰ، اُمِّ اَیمَن |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَعَنِ الشِّمَالِ | وَ عَ نِشْ شِ مَا لِ | اور (دوسرا) بائیں پہلو میں | ش م ل | یَمین و شِمال، شُمال (بائیں) |
| | قَعِيْدٌ ⑰ | قَ عِیْ دُ | بیٹھا ہوا | ق ع د | قُعود، قاعِد، مَقاعِد، قَعدہ اُولیٰ |
| ١٨ | مَا يَلْفِظُ | مَا یَلْ فِ ظُ | وہ (انسان) نہیں بولتا | ل ف ظ | لَفظ، اَلفاظ، مَلفُوظات، تَلَفُّظ |
| | مِنْ قَوْلٍ | مِنْ قَا وْ لِنْ | کوئی بات | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | اِلَّا | اِل لَا | مگر | | اِلّا ماشاءاللہ، اِلّا یہ کہ، اِلّا قلیل |
| | لَدَيْهِ | لَ دَا یْ ہِ | اس کے پاس ہوتا ہے | | |

الْمُتَلَقِّيٰنِ عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيْدٌ ⑰ مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ

جا لیتے ہیں ایک دائیں طرف اور ایک بائیں طرف بیٹھا ہوا ہے ⑰ (انسان) منہ سے کوئی لفظ نکال نہیں پاتا مگر کہ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رَقِيْبٌ | رَ قِیْ بُنْ | ایک نگران (فرشتہ) | ر ق ب | رَقابت، رَقیب، مُراقبہ |
| | عَتِيْدٌ ⑱ | عَ تِیْ دُ | تیار (لکھنے کے لئے) | ع ت د | |
| ١٩ | وَجَآءَتْ | وَ جَا...ءَتْ | اور آئے گی | ج ی ء | |
| | سَكْرَةُ | سَ كْ رَ ةُ | سختی | س ك ر | سَکراتُ المَوت (موت کی بے ہوشی) سُکر (نشہ) |
| | الْمَوْتِ | لْ مَا وْ تِ | موت کی | م و ت | مَوت، اَموات، حَیات و مَمات |
| | بِالْحَقِّ ط | بِلْ حَقْ قِ | حق کے ساتھ | ح ق ق | حَق، حُقوق، حَق بات، حَقیقت |
| | ذٰلِكَ | ذَا لِ كَ | یہ وہ (موت) ہے | | |
| | مَا | مَا | کہ | | مَا حَول، مافَوقُ الفِطرت، ماجرہ |
| | كُنْتَ | كُنْ تَ | تو تھا | ك و ن | |
| | مِنْهُ | مِنْ هُ | اس سے | | مِنجانب، مِن حَیثُ القَوم |

رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ ⑱ وَجَآءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ط ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ

اس کے پاس نگہبان تیار ہے ⑱ اور موت کی بے ہوشی حق لے کر آپہنچی، یہی ہے جس سے تو بدکتا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | تَحِيْدُ ⑲ | تَ-حِیْ دُ | بھاگتا | ح ی د | |
| ٢٠ | وَنُفِخَ | وَنُ فِ خَ | اور پُھونکا جائے گا | ن ف خ | نَفْخِ صُور، نافِخ (پھونکنے والا) |
| | فِي الصُّوْرِ ط | فِ ص صُوْر | صُور میں | ص و ر | نَفْخِ صُور (صُور میں پُھونکنا) |
| | ذٰلِكَ | ذَالِ کَ | یہ ہے | | |
| | يَوْمُ | یَاؤ مُ | دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | الْوَعِيْدِ ⑳ | لْ وَعِیْ دِ | عذاب کے وعدے کا | و ع د | وَعدہ وفائی، وَعدہ ووعید، وَعدہ کرنا |
| ٢١ | وَجَآءَتْ | وَ جَا...ءَ تْ | اور آئے گا | ج ی ء | لَیل ونَہار، رَحیم وکَریم، رَنج واَلَم |
| | كُلُّ | کُل لُ | ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | نَفْسٍ | نَفْ سِن | نفس | ن ف س | نفس، اَنفُس، نَفسا نَفسی، مُتنفّس |
| | مَّعَهَا | م مَ عَ ہَا | اس کے ساتھ ہوگا | | مَعَ ہٰذا، مَعِیّت، اسکی مَعِیّت میں |

تَحِيْدُ ⑲ وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ ط ذٰلِكَ يَوْمُ الْوَعِيْدِ ⑳ وَجَآءَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا

پھرتا تھا ⑲ اور صور پھونک دیا جائے گا، وعدۂ عذاب کا دن یہی ہے ⑳ اور ہر شخص اس طرح آئے گا کہ اس کے ساتھ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | سَآئِقٌ | سَا...ءِ قُن | ایک ہانکنے والا | س و ق | سائِق (ڈرائیور)، سُوق (بازار) |
| | وَّشَهِيْدٌ ㉑ | وَ شَ ہِیْ دُن | اور ایک شہادت دینے والا | ش ه د | شہادت، شاہِد، شَہیدِ ملّت |
| ٢٢ | لَقَدْ | لَ قَ دْ | بلاشبہ تحقیق | | |
| | كُنْتَ | کُنْ تَ | تو تھا | ك و ن | |
| | فِيْ غَفْلَةٍ | فِيْ غَفْ لَ تِن | بہت بڑی غفلت میں | غ ف ل | غفلت، غافِل آدمی، تغافُل |
| | مِّنْ هٰذَا | م مِنْ ہَا ذَا | اس سے | | مِن وعَن، مِن جُملہ، مِن حَیثُ القوم لہٰذا، ہٰذا مِن فَضلِ رَبّی |
| | فَكَشَفْنَا | فَ کَ شَفْ نَا | تو ہم نے کھول (ہٹا) دیا | ك ش ف | مُنکشِف ہونا، صاحِبِ کَشف، کاشِف |
| | عَنْكَ | عَنْ کَ | تجھ سے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | غِطَآءَكَ | غِ طَا...ءَ کَ | تیرا پردہ | غ ط و | |

سَآئِقٌ وَّ شَهِيْدٌ ﴿٢١﴾ لَقَدْ كُنْتَ فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ

ایک لانے والا ہوگا اور ایک گواہی دینے والا ﴿٢١﴾ یقیناً تو اس سے غفلت میں تھا لیکن ہم نے تیرے سامنے سے پردہ ہٹا دیا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فَبَصَرُكَ | فَ بَ صَ رُ کَ | چنانچہ تیری نگاہ | ب ص ر | بصارت، بصیرت، ابصار |
| | الْيَوْمَ | لْ یَا وْ مَ | آج | ی و م | یومِ قائد، یومِ اقبال، یومِ عید |
| | حَدِيْدٌ ﴿٢٢﴾ | حَ دِ یْ دٌ | بڑی تیز ہے (جس کا تو انتظار کرتا تھا، دیکھ رہا ہے) | ح د د | سُوْرَۃُ الْحَدِیْد، حِدَّتِ شمس |
| ٢٣ | وَقَالَ | وَ قَا لَ | اور کہے گا | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | قَرِيْنُهٗ | قَ رِیْ نُ ہُوْ | اس کا ساتھی (فرشتہ): | ق ر ن | قرینِ قیاس، اقران، حجِّ قِران |
| | هٰذَا | ہَا ذَا | یہ ہے | | مسجدِ ہٰذا، حاملِ رقعہ ہٰذا، لہٰذا |
| | مَا | مَا | وہ (روزنامچہ) جو | | ماحول، مافوقُ الفطرت، ماجرہ |
| | لَدَيَّ | لَ دَا ئِیْ یَ | میرے پاس | | |
| | عَتِيْدٌ ﴿٢٣﴾ | عَ تِیْ دٌ | تیار ہے | ع ت د | |
| ٢٤ | اَلْقِيَا | اَلْ قِ یَا | (حکم ہوگا) تم دونوں ڈال دو | ل ق ی | اِلقاء ہونا، اِلقاء کرنا (دل میں ڈالنا) |

فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ﴿٢٢﴾ وَقَالَ قَرِيْنُهٗ هٰذَا مَا لَدَيَّ عَتِيْدٌ ﴿٢٣﴾ اَلْقِيَا

پس آج تیری نگاہ بہت تیز ہے ﴿٢٢﴾ اس کا ہم نشین (فرشتہ) کہے گا یہ حاضر ہے جو کہ میرے پاس تھا ﴿٢٣﴾ ڈال دو

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | فِيْ جَهَنَّمَ | فِیْ جَ ہَنْ نَ مَ | جہنم میں | | جہنّم کا عذاب، جہنّم کی وادی |
| | كُلَّ | کُلْ لَ | ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | كَفَّارٍ | کَفْ فَا رِنْ | کافر | ك ف ر | کُفر، کافر، کُفّارِ مکّہ، کُفرانِ نعمت |
| | عَنِيْدٍ ﴿٢٤﴾ | عَ نِیْ دٍ | سرکش کو | ع ن د | عناد پرست، بُغض و عناد |
| ٢٥ | مَّنَّاعٍ | مَنْ نَا عِ | بہت منع کرنے والے کو | م ن ع | مانع، ممنوع، ممانعت، منع کرنا |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِّلْخَيْرِ | ل لِلْ خَائِ رِ | بھلائی سے | خ ی ر | خیر مُبارک، خَیریت، خیر خواہی |
| | مُعْتَدٍ | مُ عْ تَ دِ | حد سے نکلنے والے | ع د و | عَدُو، عَداوت، عُدوَان، تَعَدّی |
| | مُّرِيْبِ ۟ ۙ ﴿۲۵﴾ | م مُ رِیْ ب | (دین میں) شک کرنیوالے کو | ر ی ب | لَا رَیبَ کِتَاب، لَا رَیبَ بَات |
| ۲۶ | الَّذِيْ | اَل لَ ذِیْ | وہ جس نے | | |
| | جَعَلَ | جَ عَ لَ | بنالیا تھا | ج ع ل | جَعلی، جَعل سَازی، جَعلی نوٹ<br>جَعلی مُقابلہ، جَعلی کا غذات |

فِيْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿۲۴﴾ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيْبِ ۟ ۙ ﴿۲۵﴾ الَّذِيْ جَعَلَ

جہنم میں کافر سرکش کو ﴿۲۴﴾ جو نیک کام سے روکنے والا حد سے گزر جانے والا اور شک کرنے والا تھا ﴿۲۵﴾ جس نے اللہ تعالیٰ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَعَ | مَ عَ | ساتھ | | مَعَ ہٰذا، مَعِیَّت، اسکی مَعِیَّت میں |
| | اللّٰهِ | ل لَا هِ | اللہ کے | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | اِلٰهًا | اِلَا ہَنْ | معبود | ء ل ہ | اِلٰہ، اِلٰہی، آلِہَہ، اِلٰہُ الْعَالَمِین |
| | اٰخَرَ | آ خَ رَ | دوسرا | ء خ ر | آخِرَت کا دن، اُخروی کامیابی<br>آخِرَت کا سفر |
| | فَاَلْقِيٰهُ | فَ اَلْ قِ یَا هُ | لہٰذا تم دونوں اسے ڈال دو | ل ق ی | اِلقاء ہونا، اِلقاء کرنا (دل میں ڈالنا) |
| | فِي الْعَذَابِ | فِلْ عَ ذَا بِ | عذاب میں | ع ذ ب | عَذَابِ اِلٰہی، عَذَابِ جَہنّم<br>عَذَابِ آخرت |
| | الشَّدِيْدِ ﴿۲۶﴾ | ش شَ دِیْ د | نہایت سخت | ش د د | شَدِید، شِدّت، اَشد ضُروری |
| ۲۷ | قَالَ | قَا لَ | کہے گا | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | قَرِيْنُهٗ | قَ رِیْ نُ ہُوْ | اس کا ساتھی (شیطان): | ق ر ن | قَرِینِ قِیَاس، اَقران، حَجِّ قِران |
| | رَبَّنَا | رَ بْ بَ نَا | اے ہمارے رب! | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العَالَمِین<br>رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمّد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |

مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَاَلْقِيٰهُ فِي الْعَذَابِ الشَّدِيْدِ ﴿۲۶﴾ قَالَ قَرِيْنُهٗ رَبَّنَا

کے ساتھ دوسرا معبود بنا لیا تھا پس اسے سخت عذاب میں ڈال دو ﴿۲۶﴾ اس کا ہم نشین (شیطان) کہے گا اے ہمارے رب!

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَآ | مَا.. | نہیں | | مَاحول، مَافوقُ الفِطرت، مَاجرہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَطْغَيْتُهٗ | اَ طْ غَا ئِ تُ هُوْ | میں نے اس کو سرکش بنایا تھا | ط غ ی | طُغیانی، طاغوت (سرکش قوت) سمندر میں طُغیانی |
| | وَلٰكِنْ | وَ لَا كِنْ | اور لیکن | | سیر و سیاحت، علم و حکمت، شب و روز |
| | كَانَ | کَ ا نَ | وہ (خود ہی) تھا | ك و ن | |
| | فِيْ ضَلٰلٍ | فِيْ ضَ لَا لِ م | گمراہی میں | ض ل ل | ضلالت (گمراہی)، ضلالت و گمراہی |
| | بَعِيْدٍ ﴿٢٧﴾ | بَ عِيْ د | بہت دور کی | ب ع د | بعید از قیاس، بُعد (دوری)، ماضی بعید |
| ٢٨ | قَالَ | قَا لَ | (اللہ) فرمائے گا: | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | لَا تَخْتَصِمُوْا | لَا تَ خْ تَ صِ مُوْ | تم جھگڑا نہ کرو | خ ص م | خصم، خصومت، مخاصمت |
| | لَدَيَّ | لَ دَا ئِ يَ | میرے پاس | | |
| | وَقَدْ | وَ قَ دْ | حالانکہ تحقیق | | قول و قرار، حزن و ملال، غم و حزن |

مَآ اَطْغَيْتُهٗ وَلٰكِنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ﴿٢٧﴾ قَالَ لَا تَخْتَصِمُوْا لَدَيَّ وَقَدْ

میں نے اس گمراہ نہیں کیا تھا بلکہ یہ خود ہی دور دراز کی گمراہی میں تھا ﴿٢٧﴾ حق تعالیٰ فرمائے گا بس میرے سامنے جھگڑے کی بات

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | قَدَّمْتُ | قَ د دَ مْ تُ | میں پہلے بھیج چکا تھا | ق د م | قدیم، اقدام، مُقدّمہ، مُقدّم |
| | اِلَيْكُمْ | اِ لَا ئِ كُ مْ | تمہاری طرف | | رُجوع اِلَی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | بِالْوَعِيْدِ ﴿٢٨﴾ | بِلْ وَ عِيْ د | وعید (انبیاء کی زبانی) | و ع د | وعدہ وفائی، وعدہ و وعید، وعدہ کرنا |
| ٢٩ | مَا | مَا | نہیں | | |
| | يُبَدَّلُ | يُ بَ د دَ لُ | تبدیل کی جاتی | ب د ل | بدلہ، تبدیل، تبادلہ خیال |
| | الْقَوْلُ | لْ قَا وْ لُ | بات | ق و ل | قول و قرار، اقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | لَدَيَّ | لَ دَا ئِ يَ | میرے ہاں | | |
| | وَمَآ | وَ مَا.. | اور نہیں ہوں | | سیر و سیاحت، علم و حکمت، شب و روز |
| | اَنَا | اَ نَا | میں | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِظَلَّامٍ | بِ ظَل لَا مِ | ذرا بھی ظلم کرنے والا | ظ ل م | ظُلم، ظَالِم، مظلُوم، ظَالِمِین |

قَدَّمۡتُ اِلَیۡکُمۡ بِالۡوَعِیۡدِ ﴿۲۸﴾ مَا یُبَدَّلُ الۡقَوۡلُ لَدَیَّ وَ مَاۤ اَنَا بِظَلَّامٍ

مت کرو میں تو پہلے ہی تمہاری طرف وعید (وعدۂ عذاب) بھیج چکا تھا ﴿۲۸﴾ میرے ہاں بات بدلتی نہیں اور نہ میں اپنے بندوں پر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | لِّلۡعَبِیۡدِ ﴿۲۹﴾ | ل لِل عَ بِیۡ د | بندوں پر | ع ب د | عَبۡد (غلام)، عَبِید، عُبَیۡدُ اللّٰہ |
| ۳۰ | یَوۡمَ | یَا ؤ مَ | (یاد کرو) جس دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | نَقُوۡلُ | نَ قُوۡ لُ | ہم کہیں گے | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | لِجَهَنَّمَ | لِ جَ ہَن نَ مَ | جہنم سے: | | جَہنّم کا عذاب، جَہنّم کی وادی |
| | هَلِ | ہَ لِ | کیا | | |
| | امۡتَلَاۡتِ | م تَ لَ x تِ | تُو بھر گئی ہے؟ | م ل ء | |
| | وَتَقُوۡلُ | وَ تَ قُوۡ لُ | اور وہ کہے گی: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقُولہ |
| | هَلۡ | ہَ لۡ | کیا | | |
| | مِنۡ | مِ | کچھ | | مِنۡ وعَنۡ، مِنۡ جُمۡلَہٗ، مِنۡ حَیۡثُ الۡقَوم |
| | مَّزِیۡدٍ ﴿۳۰﴾ | م مَ زِیۡ د | مزید ہے؟ | ز و د | زِیادہ، زَائِد، مَزِید، زِیادَات |

لِّلۡعَبِیۡدِ ﴿۲۹﴾ یَوۡمَ نَقُوۡلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امۡتَلَاۡتِ وَ تَقُوۡلُ هَلۡ مِنۡ مَّزِیۡدٍ ﴿۳۰﴾

ع ۲ ۱۶

ذرا بھی ظلم کرنے والا ہوں ﴿۲۹﴾ جس دن ہم دوزخ سے پوچھیں گے کیا تو بھر چکی؟ وہ جواب دے گی کیا کچھ اور زیادہ بھی ہے؟ ﴿۳۰﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳۱ | وَ اُزۡلِفَتِ | وَ اُزۡ لِ فَ تِ | اور قریب کی جائے گی | ز ل ف | ہم زُلف، زُلفِ یاراں |
| | الۡجَنَّةُ | لۡ جَن نَ ةُ | جنّت | ج ن ن | جنّتِ فِردوس، جنّتُ الۡمَعلّیٰ، جنّتُ الۡبَقیع |
| | لِلۡمُتَّقِیۡنَ | لِلۡ مُت تَ قِیۡ نَ | متقی لوگوں کے | و ق ی | مُتّقی لوگ، تقویٰ و پرہیزگاری |
| | غَیۡرَ | غَا ئۡ رَ | جبکہ نہیں ہوگی | غ ی ر | غیر مُلکی، غیر مشروط، غیرُ اللّٰہ |
| | بَعِیۡدٍ ﴿۳۱﴾ | بَ عِیۡ د | وہ دُور | ب ع د | بَعید از قِیاس، بُعد (دوری)، ماضی بَعید |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٣٢ | هٰذَا | ہَا ذَا | (کہا جائے گا:) یہ ہے | | مَسجِد ہٰذا، حامِلِ رُقعہ ہٰذا، لِہٰذا |
| | مَا | مَا | وہ جس کا | | مَا حَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجرَہ |
| | تُوْعَدُوْنَ | تُ وْ عَ دُوْ نَ | تمہیں وعدہ دیا جاتا تھا | و ع د | وَعدہ وَفائی، وَعدہ وَعِید، وَعدہ کرنا |
| | لِكُلِّ | لِ کُل لِ | واسطے ہر | ك ل ل | کُل کائنات، کُل جہان، کُل عالَم |
| | اَوَّابٍ | اَوْ وَا بِنْ | خُوب رجوع کرنے والے کیلئے (امرِ الٰہی کی) | ء و ب | |

وَ اُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ﴿٣١﴾ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ اَوَّابٍ

اور جنت پرہیزگاروں کیلئے بالکل قریب کر دی جائے گی ذرا بھی دور نہ ہوگی ﴿٣١﴾ یہ ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا ہر اس شخص کیلئے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | حَفِيْظٍ ﴿٣٢﴾ ج | حَ فِیْ ظ | حفاظت کرنے والے کو | ح ف ظ | حِفظ، حافِظ، حِفَاظت، مَحفُوظ |
| ٣٣ | مَنْ | مَنْ | جو | | |
| | خَشِيَ | خَ شِ یَ | ڈر گیا | خ ش ی | خَشِیَّتِ اِلٰہی، خَشِیَّت طاری ہونا |
| | الرَّحْمٰنَ | رَرْ حْ مَا نَ | رحمٰن سے | ر ح م | رَحم وکرم، رَحم، رَحمان، اَرحَم |
| | بِالْغَيْبِ | بِلْ غَا ئِ بِ | بن دیکھے | غ ی ب | غَیب کا عِلم، غِیاب، غَیبی اَمداد |
| | وَجَآءَ | وَ جَا...ءَ | اور وہ لایا | ج ی ء | لَیل ونَہار، رَحِیم وکَرِیم، رَنج واَلَم |
| | بِقَلْبٍ | بِ قَلْ بِ | دل | ق ل ب | قَلب، قُلُوب، قَلبی تعلّق، قَلبِ اَطہر |
| | مُّنِيْبٍ ﴿٣٣﴾ لا | مُ مُ نِیْ بِ | رُجُوع کرنے والا | ن و ب | مُنِیبُ الرَّحمٰن، اِنَابَت (رُجُوع کرنا) |
| ٣٤ | اِدْخُلُوْهَا | اُدْ خُ لُوْ ہَا | (کہا جائے گا:) تم اس (جنت) میں داخل ہو جاؤ | د خ ل | دَاخِل، دُخُول، وَزارتِ دَاخِلہ |

حَفِيْظٍ ﴿٣٢﴾ مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وَ جَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبٍ ﴿٣٣﴾ اِدْخُلُوْهَا

جو رجوع کرنے والا اور پابندی کرنے والا ہو ﴿٣٢﴾ جو رحمٰن کا غائبانہ خوف رکھتا ہو اور توجہ والا دل لایا ہو ﴿٣٣﴾ تم اس جنت میں سلامتی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | بِسَلٰمٍ ط | بِ سَ لَا مْ | سلامتی سے | س ل م | اِسلام، مُسلِم، مُسلِمان، سَلامتی، تَسلِیم |
| | ذٰلِكَ | ذَا لِ کَ | یہی ہے | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | يَوْمُ | یَ ا ؤ مُ | دن | ی و م | یَومِ قائد، یَومِ اِقبال، یَومِ عید |
| | الْخُلُوْدِ ۝٣٤ | لْ خُ لُوْ د | ہمیشہ رہنے کا | خ ل د | خُلدِ بریں، خُلُود (ہیشگی)، خالِدہ (نام) |
| ٣٥ | لَهُمْ | لَ ہُمْ | ان کے لئے ہوگا | | |
| | مَّا | مَا | جو کچھ | | مَا حَول، مَا فوقُ الفِطرت، مَاجرَہ |
| | يَشَآءُوْنَ | یَ شَا...ءُ وْ نَ | وہ چاہیں گے | ش ی ء | اِن شاءَاللہ، مَاشاءَاللہ، مَشِیتِ اِلٰہی |
| | فِيْهَا | فِیْ ہَا | اس میں | | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |
| | وَلَدَيْنَا | وَ لَ دَا ئِیْ نَا | اور ہمارے پاس | | شان وشوکت، صبر وتحمّل، ذِکر واذکار |
| | مَزِيْدٌ ۝٣٥ | مَ زِ یْ د | مزید بھی ہے | ز و د | زِیادہ، زائد، مَزید، زِیادات |

بِسَلٰمٍ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ ۝٣٤ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ فِيْهَا وَلَدَيْنَا مَزِيْدٌ ۝٣٥

کے ساتھ داخل ہو جاؤ، یہ ہمیشہ رہنے کا دن ہے ۝٣٤ یہ وہاں جو چاہیں انہیں ملے گا (بلکہ) ہمارے پاس اور بھی زیادہ ہے ۝٣٥

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٣٦ | وَكَمْ | وَ كَ مْ | اور کتنی ہی | | سَحر وافطار، نَماز وروزہ، صُبح وشام |
| | اَهْلَكْنَا | اَ ہْ لَ كْ نَا | ہم نے ہلاک کر دیں | ه ل ك | ہَلاک ہونا، مُہلِک، ہَلاکت |
| | قَبْلَهُمْ | قَبْ لَ ہُمْ | ان سے پہلے | ق ب ل | قَبل اَز نَماز، قَبل اَز طعَام والکَلام |
| | مِّنْ قَرْنٍ | مِنْ قَ رْ نِنْ | قومیں | ق ر ن | قُرُونِ اُولیٰ، قِرانُ المَنازِل |
| | هُمْ | ہُمْ | وہ | | |
| | اَشَدُّ | اَ شَدُّ | زیادہ سخت تھیں | ش د د | شَدِید، شِدّت، اَشد ضُروری |
| | مِنْهُمْ | مِنْ ہُمْ | ان سے | | مِنجانِب، مِن حَیثُ القوم |
| | بَطْشًا | بَ طْ شَنْ | پکڑنے (قوت) میں | ب ط ش | بَطشِ شَدِید (سخت پکڑ) |
| | فَنَقَّبُوْا | فَ نَ قْ قَ بُوْ | پھر وہ چلے پھرے | ن ق ب | |
| | فِي الْبِلَادِ ؕ | فِلْ بِ لَا د | شہروں میں | ب ل د | بَلَد، بِلاد، بَلدِیہ، بَلدِمَدِینَہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|

وَ كَمۡ اَهۡلَكۡنَا قَبۡلَهُمۡ مِّنۡ قَرۡنٍ هُمۡ اَشَدُّ مِنۡهُمۡ بَطۡشًا فَنَقَّبُوۡا فِى الۡبِلَادِؕ

اور ان سے پہلے بھی ہم بہت سی اُمتوں کو ہلاک کر چکے ہیں جو ان سے طاقت میں بہت زیادہ تھیں وہ شہروں میں ڈھونڈتے ہی رہ گئے،

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | هَلۡ | ہَ لۡ | کیا ہے | | |
| | مِنۡ | مِ نۡ | کوئی | | مِنۡ وعَنۡ، مِنۡ جُملَہ، مِنۡ حَیۡثُ الۡقوم |
| | مَّحِيۡصٍ ۝٣٦ | م مَ حِ یۡ ص | جگہ بھاگنے کی؟ | ح ی ص | |
| ٣٧ | اِنَّ | اِ ن نَ | بلا شبہ | | |
| | فِىۡ ذٰلِكَ | فِیۡ ذَا لِ کَ | اس میں | | فِی الۡحَال، فِی الۡفور، فِی الۡوقت |
| | لَذِكۡرٰى | لَ ذِکۡ رَا | یقیناً نصیحت ہے | ذ ك ر | تذکیر و نصیحت، ذِکر و اذکار، ذاکر |
| | لِمَنۡ | لِ مَنۡ | اس شخص کے لئے | | |
| | كَانَ | کَ ا نَ | کہ ہو | ك و ن | |
| | لَهٗ | لَ ہُوۡ | اس کے لئے | | |
| | قَلۡبٌ | قَ لۡ بُنۡ | (خاص) دل | ق ل ب | قلب، قُلُوب، قَلۡبی تعلّق، قلبِ اَطہر |
| | اَوۡ اَلۡقَى | آ وۡ اَ لۡ قَ | یا وہ لگائے | ل ق ی | اِلقاء ہونا، اِلقاء کرنا (دل میں ڈالنا) |

هَلۡ مِنۡ مَّحِيۡصٍ ۝٣٦ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَذِكۡرٰى لِمَنۡ كَانَ لَهٗ قَلۡبٌ اَوۡ اَلۡقَى

کہ کوئی بھاگنے کا ٹھکانہ ہے ۝٣٦ اس میں ہر صاحب دل کے لئے عبرت ہے اور اس کے لئے جو دل سے متوجہ ہو کر کان

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | السَّمۡعَ | س سَ مۡ عَ | کان | س م ع | سامع، قوتِ سماعت، آلہ سماعت |
| | وَهُوَ | وَ ہُ وَ | جبکہ وہ | | قول و قرار، حزن و ملال، غم و حزن |
| | شَهِيۡدٌ ۝٣٧ | شَ ہِیۡ د | حاضر ہو (دل و دماغ سے) | ش ه د | شہادت، شاہد، شہیدِ ملّت |
| ٣٨ | وَلَقَدۡ | وَ لَ قَ دۡ | اور بلا شبہ تحقیق | | شان و شوکت، صبر و تحمّل، ذِکر و اذکار |
| | خَلَقۡنَا | خَ لَقۡ نَ | ہم نے پیدا کیا | خ ل ق | خالق، تخلیق، مخلوق، خلقت |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | السَّمٰوٰتِ | س سَ مَا وَا تِ | آسمانوں کو | س م و | سماوی کُتُب ، اَرض وسَماء |
| | وَالْاَرْضَ | وَلْ اَ رْ ضَ | اور زمین کو | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَراضی، کُرۂ اَرض |
| | وَمَا | وَ مَا | اور جو کچھ | | سیروسَیاحت،علم وحِکمت، شب وروز مَاحول، مَافَوقُ الفِطرت، مَاجرَہ |
| | بَيْنَهُمَا | بَ اَیْ نَ ہُ مَا | ان دونوں کے درمیان ہے | ب ی ن | بَین بَین، ان کے مَابَین فیصلہ بَینُ الاَقوامی |
| | فِيْ سِتَّةِ | فِیْ سِت تَ ةِ | میں چھ | س ت ت | فِی الحَال، فِی الفَور، فِی الوَقت |

السَّمْعَ وَهُوَ شَهِيْدٌ ﴿٣٧﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ

لگائے اور وہ حاضر ہو ﴿٣٧﴾ یقیناً ہم نے آسمانوں اور زمین اور جو کچھ اس کے درمیان ہے سب کو (صرف) چھ دن میں پیدا کر دیا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَيَّامٍ ۖ قٍ | اَیْ یَا مِنْ اُوْں | دنوں | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | وَّمَا | وَ مَا | اور نہیں | | شان وشوکت،صبروتحمّل، ذِکرواَذکار |
| | مَسَّنَا | مَس سَ نَا | چھوا ہمیں | م س س | مَس کرنا (چھونا)، مَساس کرنا |
| | مِنْ لُّغُوْبٍ ﴿٣٨﴾ | مِلْ لُ غُوْ ب | کسی قسم کی تھکاوٹ نے | ل غ ب | مِنْ وعَنْ، مِنْ جُملَہ، مِنْ حَیثُ القَوم |
| ٣٩ | فَاصْبِرْ | فَ صْ بِ رْ | سو آپ صبر کریں | ص ب ر | صَبر، صَابر، صَبُور، صَابرین |
| | عَلٰى مَا | عَ لَا مَا | اس پر جو کچھ | | عَلیٰ وَجہِ البَصِیرت، عَلَی الاِعلَان مَاحول، مَافَوقُ الفِطرت، مَاجرَہ |
| | يَقُوْلُوْنَ | یَ قُوْ لُوْ نَ | وہ کہتے ہیں | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زَرّیں، مَقولہ |
| | وَسَبِّحْ | وَ سَب بِ حْ | اور تسبیح کریں | س ب ح | سُبحَانَ اللہ کہنا، سُبحان، تَسبِیح وتَحمِید |
| | بِحَمْدِ | بِ حَ مْ دِ | حمد کے ساتھ | ح م د | حَمد وثَناء، حَامد، محمُود، مُحَمَّد |

اَيَّامٍ ۖ قٍ وَّمَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ ﴿٣٨﴾ فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ

اور ہمیں تکان نے چھوا تک نہیں ﴿٣٨﴾ پس یہ جو کچھ کہتے ہیں آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اس پر صبر کریں اور اپنے رب کی تسبیح تعریف کے ساتھ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | رَبِّكَ | رَب بِ كَ | اپنے رب کی | ر ب ب | اَرباب، مُرَبّی، رَبُّ العَالمِین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمّد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | قَبْلَ | قَبْ لَ | پہلے | ق ب ل | قَبل اَز نماز، قَبل اَز طَعام والکَلام |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | طُلُوْعِ | طُ لُو عِ | طُلوع ہونے سے | ط ل ع | طُلوعِ اسلام، مَطلع صَاف مَطلعِ ابرآلُود |
| | الشَّمْسِ | ش شَ م سِ | سورج | ش م س | شمس وقمر، شمسی توانائی، سُورۃُ الشَّمس |
| | وَقَبْلَ | وَ قَبْ لَ | اور پہلے | ق ب ل | قبل اَز نماز، قبل اَز طعام والکلام |
| | الْغُرُوْبِ ۚ ۳۹ | لْ غُ رُو ب | (اس کے) غُروب سے | غ ر ب | غُروبِ آفتاب، غُروبِ شمس |
| ۴۰ | وَمِنَ الَّيْلِ | وَ مِ نَل لَا ئْ لِ | اور کچھ حصہ رات میں | ل ی ل | لَیل ونہار، لَیلۃُ الجُمُعۃ، لَیلۃُ المُبارکہ، لَیلۃُ القدر |
| | فَسَبِّحْهُ | فَ سَب بِ حْ هُ | پھر آپ اس کی تسبیح کریں | س ب ح | سُبحان اللہ کہنا، سُبحان، تسبیح وتحمید |
| | وَاَدْبَارَ | وَ اَ دْ بَا رَ | اور بعد بھی | د ب ر | دُبرِ صلوٰۃ، مُدبر، اَدبارِ زمانہ |

رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ ۚ ۳۹ وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ

بیان کریں سورج نکلنے سے پہلے بھی اور سورج غروب ہونے سے پہلے بھی ۳۹ اور رات کے کسی وقت بھی تسبیح کریں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | السُّجُوْدِ ۴۰ | س سُ جُو دِ | سُجُود (نمازوں) کے | س ج د | سَجدہ، سَاجد، مَسجُود، سَجدہ گاہ، مَسجِد |
| ۴۱ | وَاسْتَمِعْ | وَ سْ تَ مِ عْ | اور توجہ سے سُنیے | س م ع | سَامع، قُوتِ سَماعت، آلہ سَماعت |
| | يَوْمَ | یَا وْ مَ | جس دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | يُنَادِ | یُ نَا دِ | نِدا دے گا | ن د و | نِدا آئی، مُنادِی کرنا، نِدائے مِلّت |
| | الْمُنَادِ | لْ مُ نَا دِ | مُنادی | ن د و | نِدا آئی، مُنادِی کرنا، نِدائے مِلّت |
| | مِنْ مَّكَانٍ | مِم مَ کَا نِنْ | جگہ سے | ك و ن | مَکان، مَکِیں، اِمکان، بَاتمکِین |
| | قَرِيْبٍ ۙ ۴۱ | قَ رِ یْ ب | قریب | ق ر ب | قُرب، قَرِیب، اَقرَب، قریبی عزیز واَقارِب |
| ۴۲ | يَّوْمَ | یَا وْ مَ | جس دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | يَسْمَعُوْنَ | یَسْ مَ عُو نَ | وہ سُنیں گے | س م ع | سَامع، قُوتِ سَماعت، آلہ سَماعت |

السُّجُوْدِ ۴۰ وَاسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ۙ ۴۱ يَّوْمَ يَسْمَعُوْنَ

اور نماز کے بعد بھی ۴۰ اور سن رکھیں کہ جس دن ایک پکارنے والا قریب ہی کی جگہ سے پکارے گا ۴۱ جس روز اس تندو تیز

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الصَّيْحَةَ | ص صَا ئِ حَ ةَ | اس چیخ (نفخۂ ثانیہ) کو | ص ی ح | |
| | بِالْحَقِّ ؕ | بِلْ حَق ق | حقیقتاً | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقَت |
| | ذٰلِكَ | ذَا لِ کَ | یہی ہوگا | | |
| | يَوْمُ | یَا ؤ مُ | دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | الْخُرُوْجِ ﴿۴۲﴾ | لْ خُ رُو ج | (قبروں سے) نکلنے کا | خ ر ج | خارِج، وَزارتِ خارِجہ مَخرَج، خُرُوج |
| ۴۳ | اِنَّا | اِن نَا | بلاشبہ | | |
| | نَحْنُ | نَ حْ نُ | ہم ہی | | |
| | نُحْيٖ | نُ حْ يِيْ | زندہ کرتے ہیں | ح ی ی | حَیاتِ جاوِدانی، حَیٌّ قَیُّوم حَیاتِ طَیِّبہ، جنگلی حَیات |
| | وَنُمِيْتُ | وَ نُ مِيْ تُ | اور ہم ہی مارتے (ہیں) | م و ت | مَوت، اَموات، حَیات ومَمات |
| | وَ اِلَيْنَا | وَ اِلَا یْ نَا | اور ہماری ہی طرف | | سَحَر واَفطار، نَماز وروزہ، صُبح وشام رُجُوع اِلی اللہ، مُرسَل اِلَیہ |

الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ ﴿۴۲﴾ اِنَّا نَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَ اِلَيْنَا

چیخ کو یقین کے ساتھ سن لیں گے، یہ دن ہوگا نکلنے کا ﴿۴۲﴾ ہم ہی جلاتے ہیں اور ہم ہی مارتے ہیں اور ہماری ہی طرف لوٹ پھر کر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْمَصِيْرُ ﴿۴۳﴾ | لْ مَ صِيْ ر | (سب کی) واپسی ہے | ص ی ر | |
| ۴۴ | يَوْمَ | یَا ؤ مَ | جس دن | ی و م | یومِ قائد، یومِ اِقبال، یومِ عید |
| | تَشَقَّقُ | تَ شَق قَ قُ | پھٹے گی | ش ق ق | شَقِّ قمر، اِنشِقاق، واقعہ شَقِّ صدر |
| | الْاَرْضُ | لْ اَ رْ ضُ | زمین | ء ر ض | ارض وسماء، اَراضی، کُرۂ ارض |
| | عَنْهُمْ | عَنْ هُمْ | ان (پر) سے | | |
| | سِرَاعًا ؕ | سِ رَا عَا | اس حال میں کہ وہ تیز دوڑتے ہوں گے | س ر ع | سُرعتِ اَفعال، سَرِیعُ التَّاثِیر دَوا |
| | ذٰلِكَ | ذَا لِ کَ | یہ | | |
| | حَشْرٌ | حَشْ رُنْ | جمع کرنا | ح ش ر | حشر کا عالَم، یومِ مَحشَر، حشر ونشر |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَيْنَا | عَ لَا ئِ نَا | ہم پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | يَسِيْرٌ ﴿٤٤﴾ | یَ سِیْ ر | نہایت ہی آسان ہے | ی س ر | یُسر، مُیسر، اَیسرُالقرآن، تَیسِیرُالقرآن |

الْمَصِيْرُ ﴿٤٣﴾ يَوْمَ تَشَقَّقُ الْاَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ۭ ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيْرٌ ﴿٤٤﴾

آنا ہے﴿٤٣﴾ جس دن زمین پھٹ جائے گی اور یہ دوڑتے ہوئے (نکل پڑیں گے) یہ جمع کر لینا ہم پر بہت ہی آسان ہے ﴿٤٤﴾

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ٤٥ | نَحْنُ | نَ حْ نُ | ہم | | |
| | اَعْلَمُ | اَ عْ لَ مُ | خوب جانتے ہیں | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلِّم، مَعلُوم، علاّمہ |
| | بِمَا | بِ مَا | اسے جو | | مَا حول، مَا فوقُ الفِطرت، مَا جرَہ |
| | يَقُوْلُوْنَ | یَ قُوْ لُوْ نَ | وہ (مُشرک) کہتے ہیں | ق و ل | قَول و قرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | وَمَآ اَنْتَ | وَ مَا.. اَنْ تَ | اور آپ نہیں ہیں | | شِیر و شکر، شب و روز، اُمید و رَجا |
| | عَلَيْهِمْ | عَ لَا ئِ ہِمْ | ان پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | بِجَبَّارٍ قف | بِ جَبْ بَا ر | زبردستی کرنے والے | ج ب ر | جبر و ستم، جبر و ظُلم، عَبدُالجَبّار (نام) |
| | فَذَكِّرْ | فَ ذَکْ کِ رْ | لہٰذا آپ نصیحت کرتے رہیں | ذ ك ر | تذکیر و نصیحت، ذِکر و اَذکار، ذَاکِر |
| | بِالْقُرْاٰنِ | بِلْ قُ رْ آ نِ | اس قرآن کے ذریعے سے | ق ر ء | قُرآن عَظیم، قِرأت، قَارِی |

نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ ۣ فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ

یہ جو کچھ کہہ رہے ہیں ہم بخوبی جانتے ہیں اور آپ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) ان پر جبر کرنے والے نہیں، تو آپ قرآن کے ذریعہ انہیں سمجھاتے رہیں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَنْ | مَا ئِیْں | اس شخص کو جو | | |
| | يَّخَافُ | یَ خَا فُ | ڈرتا ہے | خ و ف | خوف و ہراس، بلاخوف، خوفناک |
| | وَعِيْدِ ﴿٤٥﴾ ع | وَ عِیْ د | میری وعید سے | و ع د | وَعدہ وفائی، وَعدہ و وَعید، وَعدہ کرنا |

مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ ﴿٤٥﴾ ع

عٰ ٣ ١٧

جو میرے وعید (ڈراوے کے وعدوں) سے ڈرتے ہیں ﴿٤٥﴾

# سُوْرَةُ الذّٰرِیٰتِ مَکِّیَّةٌ

اٰیَاتُھَا ٦٠ | (٥١) | (٦٧) | رُکُوْعَاتُھَا ٣

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے ○

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١ | وَ | وَ | قسم ہے | | واوٴ قسمیہ ہے |
| | الذّٰرِیٰتِ | ذ ذَا رِ یَا تِ | ان ہواؤں کی جو بکھیرنے والی ہیں (مٹی وغیرہ کو) | ذ ر و | |
| | ذَرْوًا ﴿١﴾ | ذَرْ وَا | اڑا کر | ذ ر و | |
| ٢ | فَالْحٰمِلٰتِ | فَلْ حَا مِ لَا تِ | پھر ان بادلوں کی جو اٹھانے والے ہیں | ح م ل | حَمَل، وَضعِ حَمَل، اِسقاطِ حَمَل |
| | وِقْرًا ﴿٢﴾ | وِقْ رَا | بوجھ (پانی کا) | و ق ر | |
| ٣ | فَالْجٰرِیٰتِ | فَلْ جَا رِ یَا تِ | پھر ان کشتیوں کی جو چلنے والی ہیں | ج ر ی | جاری وساری، اِجراء، جریان |
| | یُسْرًا ﴿٣﴾ | یُسْ رَا | آسانی سے | ی س ر | یُسر، مُیَسر، اَیسرُ القرآن تَیسیرُ القرآن |
| ٤ | فَالْمُقَسِّمٰتِ | فَلْ مُ قَسْ سِ مَا تِ | پھر (قسم ہے) ان فرشتوں کی جو تقسیم کرنے والے ہیں | ق س م | قِسمت، قاسِم، تَقسیم کار، مُنقَسِم |

وَالذّٰرِیٰتِ ذَرْوًا ﴿١﴾ فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ﴿٢﴾ فَالْجٰرِیٰتِ یُسْرًا ﴿٣﴾ فَالْمُقَسِّمٰتِ

قسم ہے بکھیرنے والیوں کی اڑا کر ﴿١﴾ پھر اٹھانے والیاں بوجھ کو ﴿٢﴾ پھر چلنے والیاں نرمی سے ﴿٣﴾ پھر کام کو تقسیم

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَمْرًا ﴿٤﴾ | اَمْ رَا | کام کو | ء م ر | اَمرِ رَبّی، اَمر، آمِر، مَامُور |
| ٥ | اِنَّمَا | اِنْ نَ مَا | بلاشبہ جو | | مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجَرہ |
| | تُوْعَدُوْنَ | تُ x عَ دُوْ نَ | تم سے وعدہ کیا جاتا ہے | و ع د | وَعدہ وَفائی، وَعدہ وَعید، وَعدہ کرنا |
| | لَصَادِقٌ ﴿٥﴾ | لَ صَا دِ قٌ | (وہ) یقیناً سچا ہے | ص د ق | صادِق، صَدِیق، مُصَدِّق، صِدق |
| ٦ | وَّاِنَّ | وَ اِنْ نَ | اور بلاشبہ | | لَیل ونَہار، رَحیم وکَریم، رَنج واَلَم |
| | الدِّیْنَ | دِ دِیْ نَ | جزا | د ی ن | |
| | لَوَاقِعٌ ﴿٦﴾ | لَ وَا قِ عٌ | ضرور واقع ہونے والی ہے | و ق ع | وَاقِع ہونا، وَقُوعہ ثابت ہوگیا |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۷ | وَالسَّمَآءِ | وَ س سَ مَا...ءِ | قسم ہے آسمان کی | س م و | سماوی کُتُب ، اَرض وسَماء |
| | ذَاتِ | ذَا تِ | جو والا ہے | | |

اَمْرًا ۙ﴿۴﴾ اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ ۙ﴿۵﴾ وَّ اِنَّ الدِّيْنَ لَوَاقِعٌ ؕ﴿۶﴾ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ

کرنے والیاں ﴿۴﴾ یقین مانو کہ تم سے جو وعدے کئے جاتے ہیں (سب) سچے ہیں ﴿۵﴾ اور بیشک انصاف ہونے والا ہے ﴿۶﴾ قسم ہے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْحُبُكِ ۙ﴿۷﴾ | لْ حُ بُ كِ | راستوں کا | ح ب ك | |
| ۸ | اِنَّكُمْ | اِن نَ كُ مْ | بلاشبہ تم (باہم) | | |
| | لَفِيْ قَوْلٍ | لَ فِيْ قَاوْ لِ | یقیناً بات میں (پڑے) ہو | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوالِ زرّیں، مَقولہ |
| | مُّخْتَلِفٍ ۙ﴿۸﴾ | م مُ خْ تَ لِ فْ | مختلف (بات) | خ ل ف | اِختِلَافِ اُمت، اِختِلَافات اِختِلَافِ مذہب، فُروعی اِختِلاف |
| ۹ | يُّؤْفَكُ | يُ x فَ كُ | پھیرا جاتا ہے | ء ف ك | وَاقِعَہ اِفک |
| | عَنْهُ | عَنْ هُ | اس (ایمان) سے | | |
| | مَنْ | مَ نْ | جو شخص | | |
| | اُفِكَ ؕ﴿۹﴾ | اُ فِ كَ | پھیرا گیا (بھلائی سے) | ء ف ك | وَاقِعَہ اِفک |
| ۱۰ | قُتِلَ | قُ تِ لَ | مارے گئے | ق ت ل | قَتل، قَاتِل، مَقتُول، قَتلِ عام |

الْحُبُكِ ۙ﴿۷﴾ اِنَّكُمْ لَفِيْ قَوْلٍ مُّخْتَلِفٍ ۙ﴿۸﴾ يُّؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ اُفِكَ ؕ﴿۹﴾ قُتِلَ

راہوں والے آسمان کی ﴿۷﴾ یقیناً تم مختلف بات میں پڑے ہوئے ہو ﴿۸﴾ اس سے وہی باز رکھا جاتا ہے جو پھیر دیا گیا ہو ﴿۹﴾ بے سند

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْخَرّٰصُوْنَ ۙ﴿۱۰﴾ | لْ خَ رْ رَا صُوْ نَ | اٹکل پچو کرنے والے | خ ر ص | |
| ۱۱ | الَّذِيْنَ | اَل لَ ذِ يْ نَ | وہ لوگ کہ | | |
| | هُمْ | هُ مْ | وہ | | |
| | فِيْ غَمْرَةٍ | فِيْ غَ مْ رَ تِنْ | بہت بڑی غفلت میں | غ م ر | فِي الحَال، فِي الفَور، فِي الوَقت |
| | سَاهُوْنَ ۙ﴿۱۱﴾ | سَا هُوْ نَ | بھولے پڑے ہیں | س و ه | سَجدۂ سَہو کرنا، سَہواً کام ہونا |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۲ | يَسْـَٔلُوْنَ | يَسْ ءَ لُوْ نَ | وہ پوچھتے ہیں | س ء ل | سائل، سائلین، مسائل، مسئلہ |
| | اَيَّانَ | اَ يْ يَا نَ | کب ہوگا | | اَیّان (نام رکھنا ٹھیک نہیں) |
| | يَوْمُ | يَا ؤْ مُ | دن؟ | ی و م | یوم قاید، یوم اقبال، یوم عید |

الْخَرّٰصُوْنَ ﴿۱۰﴾ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ غَمْرَةٍ سَاهُوْنَ ﴿۱۱﴾ يَسْـَٔلُوْنَ اَيَّانَ يَوْمُ

باتیں کرنے والے غارت کر دیئے گئے ⑩ جو غفلت میں ہیں اور بھولے ہوئے ہیں ⑪ پوچھتے ہیں کہ یوم جزا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الدِّيْنِ ﴿۱۲﴾ | د دِ یْ ن | جزا کا | د ی ن | |
| ۱۳ | يَوْمَ | يَا ؤْ مَ | جس دن | ی و م | یوم قاید، یوم اقبال، یوم عید |
| | هُمْ | هُ مْ | وہ | | |
| | عَلَى النَّارِ | عَ لَنْ نَا رِ | آگ میں | ن و ر | نارِ نمرود، نارِ جہنم، نارِ سموم |
| | يُفْتَنُوْنَ ﴿۱۳﴾ | يُفْ تَ نُوْ نَ | جلائے جائیں گے | ف ت ن | فتنہ پرور، شدید فتنہ، فتنہ باز |
| ۱۴ | ذُوْقُوْا | ذُ وْ قُوْ | (کہا جائے گا:) تم چکھو | ذ و ق | ذوق وشوق، ذائقۃ الموت، خوش ذائقہ |
| | فِتْنَتَكُمْ | فِتْ نَ تَ كُ مْ | اپنا عذاب | ف ت ن | فتنہ پرور، شدید فتنہ، فتنہ باز |
| | هٰذَا | هَا ذَ | یہ | | مسجد ہٰذا، حامل رقعہ ہٰذا، الہٰذا |
| | الَّذِيْ | ل لَ ذِ یْ | وہ (عذاب) ہے کہ | | |

الدِّيْنِ ﴿۱۲﴾ يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُوْنَ ﴿۱۳﴾ ذُوْقُوْا فِتْنَتَكُمْ هٰذَا الَّذِيْ

کب ہوگا؟ ⑫ ہاں! یہ وہ دن ہے کہ یہ آگ پر تپائے جائیں گے ⑬ اپنی فتنہ پردازی کا مزہ چکھو، یہی ہے جس کی تم

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | كُنْتُمْ | كُنْ تُمْ | تم تھے | ك و ن | |
| | بِهٖ | بِ هِیْ | اسے | | |
| | تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۱۴﴾ | تَسْ تَ عْ جِ لُوْ نَ | جلدی طلب کرتے | ع ج ل | عجلت پسندی، عاجل، مہر معجّل |
| ۱۵ | اِنَّ | اِنْ نَ | بلاشبہ | | |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | الْمُتَّقِيْنَ | لْ مُتْ تَ قِيْ نَ | متقی لوگ | و ق ی | مُتَّقی لوگ، تقویٰ وپرہیزگاری |
| | فِيْ جَنّٰتٍ | فِيْ جَن نَا تِنْ اُوْں | باغات میں | ج ن ن | جنّتِ فردوس، جنّتُ المُعلّٰی، جنّتُ البقیع |
| | وَّعُيُوْنٍ ۙ۝١٥ | وَ عُ يُوْ نِن | اور چشموں میں (ہوں گے) | ع ی ن | عَین (چشمہ)، اَعیُن (جمع چشمے) |
| ١٦ | اٰخِذِيْنَ | آ خِ ذِ يْ نَ | لینے والے ہوں گے | ء خ ذ | اَخذُ الکتاب، مَاخذ، مَاخوذ، مُواخذہ کرنا، |

كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ۝١٤ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّ عُيُوْنٍ ۙ۝١٥ اٰخِذِيْنَ

جلدی مچا رہے تھے ⑭ بیشک تقویٰ والے لوگ بہشتوں اور چشموں میں ہوں گے ⑮ ان کے رب نے جو کچھ

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مَآ | مَا.. | اسے جو | | مَاحول، مَافوقُ الفطرت، مَاجرہ |
| | اٰتٰىهُمْ | آ تَا هُمْ | انہیں دے گا | ء ت ی | |
| | رَبُّهُمْ ۭ | رَب بُ هُمْ | ان کا رب | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم |
| | اِنَّهُمْ | اِن نَ هُمْ | بلاشبہ وہ | | |
| | كَانُوْا | كَ انُوْ | تھے | ک و ن | |
| | قَبْلَ | قَبْ لَ | پہلے | ق ب ل | قَبل اَز نماز، قَبل اَز طعام والکلام |
| | ذٰلِكَ | ذَا لِ كَ | اس سے | | |
| | مُحْسِنِيْنَ ۝١٦ۭ | مُ حْ سِ نِيْ نَ | نیکوکار | ح س ن | حَسن، اِحسان، مُحسِن، مُحسِنات |
| ١٧ | كَانُوْا | كَ انُوْ | وہ تھے | ک و ن | |
| | قَلِيْلًا | قَ لِيْ لَ | بہت ہی تھوڑا | ق ل ل | قِلّت، اَقلِیّت، اَقلیّتی اُمور، قلیل |

مَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۭ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَ ۝١٦ۭ كَانُوْا قَلِيْلًا

انہیں عطا فرمایا ہے اسے لے رہے ہوں گے وہ تو اس سے پہلے ہی نیکوکار تھے ⑯ وہ رات کو بہت کم سویا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مِّنَ الَّيْلِ | مِ مِنَ ل لَا يْ لِ | رات کو | ل ی ل | لَیل ونہار، لَیلۃُ الجُمعۃ، لَیلۃُ المُبارکہ، لَیلۃُ القدر |
| | مَا يَهْجَعُوْنَ ۝١٧ | مَا يَ هْ جَ عُوْنَ | وہ سوتے تھے | ھ ج ع | مَاحول، مَافوقُ الفطرت، مَاجرہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ١٨ | وَبِالْاَسْحَارِ | وَ بِلْ اَسْ حَا رِ | اور سحری کے وقت | س ح ر | سَحَرِی کے اَوْقَات، وَقْتِ اَسْحَار |
| | هُمْ | هُ مْ | وہ | | |
| | يَسْتَغْفِرُوْنَ ⑱ | يَسْ تَ غْ فِ رُوْ ن | بخشش مانگتے تھے | غ ف ر | غَفَّار، عَبْدُالغفُور، غَافِر، اِستِغفار |
| ١٩ | وَفِيْٓ اَمْوَالِهِمْ | وَ فِيْ.. اَمْ وَا لِ هِمْ | اور ان کے مالوں میں | م و ل | مَال ودَولَت، اَموَال، مَالِ غَنِیمَت |

مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ⑰ وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ⑱ وَفِيْٓ اَمْوَالِهِمْ

کرتے تھے ⑰ اور وقت سحر استغفار کیا کرتے تھے ⑱ اور ان کے مال میں مانگنے والوں کا اور سوال سے بچنے

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | حَقٌّ | حَقْ قُ | حق ہوتا تھا | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقِیقَت |
| | لِّلسَّآئِلِ | ل لِس سَا... ءِ لِ | سوالی | س ء ل | سَائِل، سَائِلِین، مَسَائِل، مَسْئَلہ |
| | وَالْمَحْرُوْمِ ⑲ | وَلْ مَ حْ رُوْ م | اور محروم (نہ مانگنے والے) کیلئے | ح ر م | مَحْرُوم، اِحْسَاسِ مَحْرُومی |
| ٢٠ | وَفِي الْاَرْضِ | وَ فِلْ اَ رْ ضِ | اور زمین میں | ء ر ض | اَرض وسَماء، اَرَاضی، کُرَہ اَرض |
| | اٰيٰتٌ | آ يَا تُ | بہت سی نشانیاں ہیں | ء ی ی | آیَت، آیَات (نشانیاں)، آیَاتِ بَیِّنَہ |
| | لِّلْمُوْقِنِيْنَ ⑳ | ل لِلْ مُوْ قِ نِيْ ن | یقین کرنے والوں کے لئے | ی ق ن | یَقِین، یَقِینی عِلم، یَقِینی صُورَت حَال |
| ٢١ | وَفِيْٓ اَنْفُسِكُمْ | وَ فِيْ.. اَنْ فُ سِ كُمْ | اور (خود) تمہارے نفسوں میں بھی | ن ف س | نَفس، اَنفُس، نَفسَا نَفسِی، مُتَنَفِّس |

حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ⑲ وَفِي الْاَرْضِ اٰيٰتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ ⑳ وَفِيْٓ اَنْفُسِكُمْ

والوں کا حق تھا ⑲ اور یقین والوں کے لئے تو زمین میں بہت سی نشانیاں ہیں ⑳ اور خود تمہاری ذات میں بھی، تو کیا تم

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ㉑ | اَ فَ لَا تُبْ صِ رُوْ ن | کیا پھر تم دیکھتے نہیں؟ | ب ص ر | بَصارَت، بَصِیرَت، اَبصَار |
| ٢٢ | وَفِي السَّمَآءِ | وَ فِسْ سَ مَا... ءِ | اور آسمان میں | س م و | سَماوِی کُتُب، اَرض وسَماء |
| | رِزْقُكُمْ | رِ زْ قُ كُ مْ | تمہارا رزق ہے | ر ز ق | رِزق، رَازِق، رَزَّاق، رِزقِ حَلَال |
| | وَمَا | وَ مَا | اور وہ بھی جس کا | | سَیروسَیاحَت، عِلم وحِکمَت، شَب وروز، مَاحَول، مَافَوقُ الفِطرَت، مَاجرَہ |
| | تُوْعَدُوْنَ ㉒ | تُوْ عَ دُوْ ن | تمہیں وعدہ دیا جاتا ہے | و ع د | وَعدَہ وَفائی، وَعدَہ وَعِید، وَعدَہ کرنا |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲۳ | فَوَرَبِّ | فَ وَ رَ ب بِ | پھر قسم ہے رب کی! | ر ب ب | اَرباب، مُربّی، رَبُّ العالمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمّد ﷺ |
| | السَّمَآءِ | س سَ مَا…ءِ | آسمان | س م و | سماوی کُتب، ارض وسماء |

اَفَلَا تُبۡصِرُوۡنَ ﴿۲۱﴾ وَ فِی السَّمَآءِ رِزۡقُکُمۡ وَ مَا تُوۡعَدُوۡنَ ﴿۲۲﴾ فَوَرَبِّ السَّمَآءِ

دیکھتے نہیں ہو ﴿۲۱﴾ اور تمہاری روزی اور جو تم سے وعدہ کیا جاتا ہے سب آسمان میں ہے ﴿۲۲﴾ آسمان و زمین کے پروردگار کی قسم!

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | وَالۡاَرۡضِ | وَلۡ اَرۡضِ | اور زمین کے | ء ر ض | ارض وسماء، اراضی، کُرۂ ارض |
| | اِنَّهٗ | اِن نَ ھُوۡ | بلاشبہ وہ (مذکورہ باتیں) | | |
| | لَحَقٌّ | لَ حَق قُ | یقیناً حق ہیں | ح ق ق | حَق، حُقُوق، حَق بات، حَقیقت |
| | مِّثۡلَ | م مِثۡ لَ | مثل | م ث ل | مِثال، مِثل، اَمثلہ، تَمثِیل، مِثالیں |
| | مَاۤ | مَا.. | اس کے جو | | مَاحول، مَافوقُ الفِطرت، مَاجرہ |
| | اَنَّکُمۡ تَنۡطِقُوۡنَ ﴿۲۳﴾ ع | اَن نَ کُمۡ تَنۡ طِ قُوۡن | کہ تم بولتے ہو | ن ط ق | حَیوانِ ناطِق (انسان)، نُطقِ لِسانی |
| ۲۴ | هَلۡ | هَ لۡ | کیا | | |
| | اَتٰىكَ | اَ تَا کَ | تمہارے پاس آئی ہے | ء ت ی | |
| | حَدِیۡثُ | حَ دِیۡ ثُ | خبر | ح د ث | حَدِیثِ دِل، تحدیثِ نعمت، مُحدّث |
| | ضَیۡفِ | ضَائِیۡ فِ | مہمانوں کی | ض ی ف | ضَیف (مہمان)، ضِیافت، دارُالضِیافت |

ع ۲۲ ۱۸

وَالۡاَرۡضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثۡلَ مَاۤ اَنَّکُمۡ تَنۡطِقُوۡنَ ﴿۲۳﴾ ع هَلۡ اَتٰىكَ حَدِیۡثُ ضَیۡفِ

کہ یہ بالکل برحق ہے ایسا ہی جیسے کہ تم باتیں کرتے ہو ﴿۲۳﴾ کیا تجھے (حضرت) ابراہیم (علیہ السلام) کے معزز مہمانوں کی خبر

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اِبۡرٰهِیۡمَ | اِ بۡ رَا ہِیۡ مَ | ابراہیم کے | | حضرت ابراہیم علیہ السلام نبی کا نام |
| | الۡمُکۡرَمِیۡنَ ﴿۲۴﴾ م | اَلۡ مُکۡ رَ مِیۡ ن | جو معزز تھے؟ | ک ر م | کَرِیم، اَکرم، مُکرّم، تکریم |
| ۲۵ | اِذۡ | اِذۡ | جب | | |
| | دَخَلُوۡا | دَ خَ لُوۡ | وہ داخل ہوئے | د خ ل | داخل، دُخول، وزارتِ داخلہ |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلَيْهِ | عَ لَا ئِ ہِ | اس پر | | عَلَی الاِعلان، عَلَی العُمُوم |
| | فَقَالُوْا | فَ قَا لُوْ | تو انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوَالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | سَلٰمًا ط | سَ لَا مَا | سلام (کرتے ہیں ہم) | س ل م | تَسلِیم ورَضا، سَلَام کہنا، سَلَامتی |
| | قَالَ | قَ الَ | اس (ابراہیم) نے کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوَالِ زَرّیں، مَقُولہ |
| | سَلٰمٌ ج | سَ لَا م | سلام (ہو تم پر) | س ل م | تَسلِیم ورَضا، سَلَام کہنا، سَلَامتی |
| | قَوْمٌ | قَا وُ مُ | (یہ) لوگ | ق و م | قَوم، اَقوَام، مُسلِم قَوم، قَومِ مُوسیٰ |

اِبْرٰهِيْمَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿٢٤﴾ اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ط قَالَ سَلٰمٌ ج قَوْمٌ

بھی پہنچی ہے؟ ﴿٢٤﴾ وہ جب ان کے ہاں آئے تو سلام کیا، ابراہیم (علیہ السلام) نے جواب میں سلام دیا (اور کہا یہ تو) اجنبی

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | مُّنْكَرُوْنَ ﴿٢٥﴾ ج | م مُن کَ رُو ن | اجنبی ہیں | ن ك ر | |
| ٢٦ | فَرَاغَ | فَ رَا غَ | پھر وہ چپکے سے چلا گیا | ف ر غ | |
| | اِلٰٓى اَهْلِهٖ | اِلَا... اَ ہْ لِ ہِیْ | اپنی اہل کی طرف | ء ھ ل | اَہلِ مَحلّہ، اَہلِ خانہ، اَہل وعِیَال |
| | فَجَآءَ | فَ جَا...ءَ | اور لے آیا | ج ی ء | |
| | بِعِجْلٍ | بِ عِ جْ لِنْ | ایک بچھڑا (بھنا ہوا) | ع ج ل | عُجلَت (جلد بازی)، اَلعِجل (بچھڑے کو پھرتی کی وجہ سے کہتے ہیں) |
| | سَمِيْنٍ ﴿٢٦﴾ لا | سَ مِیْ ن | موٹا تازہ | س م ن | |
| ٢٧ | فَقَرَّبَهٗٓ | فَ قَرْ رَ بَ ہُوْ.. | پھر اسے قریب کیا | ق ر ب | قُرب، قَرِیب، اَقرَب، قَرِیبی عزیز و اَقارِب |
| | اِلَيْهِمْ | اِ لَا ئِ ہِمْ | ان کی طرف | | رُجُوع اِلیَ اللہ، مُرسَل اِلَیہ |
| | قَالَ | قَ الَ | کہا: | ق و ل | قَول وقَرار، اَقوَالِ زَرّیں، مَقُولہ |

مُّنْكَرُوْنَ ﴿٢٥﴾ ج فَرَاغَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ فَجَآءَ بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ ﴿٢٦﴾ لا فَقَرَّبَهٗٓ اِلَيْهِمْ قَالَ

لوگ ہیں ﴿٢٥﴾ پھر (چپ چاپ جلدی جلدی) اپنے گھر والوں کی طرف گئے اور ایک فربہ بچھڑے (کا گوشت) لائے ﴿٢٦﴾ اور اسے ان

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿٢٧﴾ | اَلَا تَ x کُ لُوْ ن | کیا تم کھاتے نہیں؟ | ء ك ل | اَکلِ حلَال، مَاکُول، مَاکُولَات |

وقف لازم

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲۸ | فَاَوْجَسَ | فَ اَوْ جَ سَ | تب اس نے دل میں محسوس کیا | و ج س | |
| | مِنْهُمْ | مِنْ ہُمْ | ان سے | | مِنجَانِب، مِن حَیثُ القَوم |
| | خِيْفَةً ؕ | خِیْ فَ ہْ | خوف | خ و ف | خوف وہراس، بلاخوف، خوفناک |
| | قَالُوْا | قَ الُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | لَا تَخَفْ ؕ | لَا تَ خَ فْ | تو نہ ڈر | خ و ف | خوف وہراس، بلاخوف، خوفناک |
| | وَبَشَّرُوْهُ | وَ بَشْ شَ رُوْ ہُ | اور انہوں نے اسے بشارت دی | ب ش ر | بشارت، مُبَشِّر، بَشِیر، بُشریٰ |
| | بِغُلٰمٍ | بِ غُ لَا مِنْ | ایک لڑکے کی | غ ل م | |

اَلَا تَاْكُلُوْنَ ﴿٢٧﴾ فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ؕ قَالُوْا لَا تَخَفْ ؕ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ

کے پاس رکھا اور کہا آپ کھاتے کیوں نہیں؟ ﴿٢٧﴾ پھر تو دل ہی دل میں ان سے خوفزدہ ہو گئے انہوں نے کہا آپ خوف نہ کیجئے، اور انہوں

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَلِيْمٍ ﴿٢٨﴾ | عَ لِیْ مْ | بہت علم والے | ع ل م | عِلم، تعلیم، مُعلِّم، معلوم، علّامہ |
| ۲۹ | فَاَقْبَلَتِ | فَ اَقْ بَ لَ تِ | پھر سامنے آئی | ق ب ل | قِبلہ، مدِّمقابل، مُتقابِل، تقابُل |
| | امْرَاَتُهٗ | مْ رَ اَ تُ ہُوْ | اس (ابراہیم) کی بیوی | م ر ء | |
| | فِيْ صَرَّةٍ | فِیْ صَ رْ رَ تِنْ | حیرت میں | ص ر ر | |
| | فَصَكَّتْ | فَ صَ کْ کَ تْ | تو اس نے (تعجب سے) ہاتھ مارا | ص ك ت | |
| | وَجْهَهَا | وَ جْ ہَ ہَا | اپنے منہ پر | و ج ہ | وَجہ، وُجوہ، وَجاہت، مُتوجّہ، توجّہ |
| | وَقَالَتْ | وَ قَا لَ تْ | اور کہا: | ق و ل | قول وقرار، اَقوالِ زرّیں، مقولہ |
| | عَجُوْزٌ | عَ جُوْ زُنْ | (میں) بڑھیا ہوں | ع ج ز | |

عَلِيْمٍ ﴿٢٨﴾ فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِيْ صَرَّةٍ فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوْزٌ

نے اس (ابراہیم علیہ السلام) کو ایک علم والے لڑکے کی بشارت دی ﴿٢٨﴾ پس ان کی بیوی آگے بڑھی اور حیرت میں آ کر اپنے منہ پر ہاتھ مار کر کہا

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| | عَقِيْمٌ ﴿٢٩﴾ | عَ قِیْ مْ | بانجھ (اولاد کیسے؟) | ع ق م | عَقِیمہ (بانجھ عورت) |

| آیت نمبر | قرآنی الفاظ | اردو تلفظ | ترجمہ | عربی مادہ | عام زبان میں استعمال |
|---|---|---|---|---|---|
| ۳۰ | قَالُوْا | قَا لُوْ | انہوں نے کہا: | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | كَذٰلِكِ ۙ | کَ ذَا لِ کَ | اسی طرح | | کالعدم، کالعدم جماعت، کَمَا حَقُّہٗ |
| | قَالَ | قَا لَ | کہا ہے | ق و ل | قَول و قَرار، اَقوالِ زَرِّیں، مَقُولہ |
| | رَبُّكِ ۭ | رَب بُ کِ | تیرے رب نے | ر ب ب | اَرباب، مُرَبِّی، رَبُّ العالَمین رَبِّ کعبہ، رَبِّ محمدّ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم |
| | اِنَّهٗ | اِن نَ ہُوْ | بلاشبہ | | |
| | هُوَ | ہُ وَ | وہی | | |
| | الْحَكِيْمُ | لْ حَ کِیْ مُ | خُوب حکمت والا | ح ك م | حِکمت و دانائی، حَکیم، مُحکَم، حُکَماء |
| | الْعَلِيْمُ ۝۳۰ | لْ عَ لِیْ م | خُوب علم والا ہے | ع ل م | عِلم، تَعلیم، مُعَلِّم، مَعلُوم، عَلاّمہ |

عَقِيْمٌ ۝۲۹ قَالُوْا كَذٰلِكِ ۙ قَالَ رَبُّكِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ۝۳۰

کہ میں تو بڑھیا ہوں اور ساتھ ہی بانجھ ۝۲۹ انہوں نے کہا ہاں! تیرے پروردگار نے اسی طرح فرمایا ہے، بیشک وہ حکیم و علیم ہے ۝۳۰

# قرآن فہمی میں مددگار دُعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ نَاصِيَتِيْ بِيَدِكَ مَاضٍ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَللّٰھُمَّ | اِنِّیْ | عَبْدُكَ | وَابْنُ عَبْدِكَ | وَابْنُ اَمَتِكَ | نَاصِيَتِيْ | بِيَدِكَ | مَاضٍ |
| اَلْ لَاہُ مْ مَ | اِنْ نِ یْ | عَ بْ دُ کَ | وَ بْ نُ عَ بْ دِ کَ | وَ بْ نُ اَ مَ تِ کَ | نَا صِ یَ تِ یْ | بِ یَ دِ کَ | مَ اضِ نْ |
| اے اللہ! | یقیناً میں | تیرا بندہ ہوں | اور تیرے بندے کا بیٹا ہوں | اور تیری بندی کا بیٹا ہوں | میری پیشانی | تیرے ہاتھ میں ہے | جاری ہے |

اے اللہ! یقیناً میں تیرا بندہ ہوں، اور تیرے بندے کا بیٹا ہوں، اور تیری ہی بندی کا بیٹا ہوں، میری پیشانی تیرے قابو میں ہے،

فِيَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِيَّ قَضَائُكَ اَسْئَالُكَ بِكُلِّ اسْمٍ ھُوَ لَكَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فِيَّ | حُكْمُكَ | عَدْلٌ | فِيَّ | قَضَائُكَ | اَسْئَالُكَ | بِكُلِّ اسْمٍ | ھُوَلَكَ |
| فِ یْ یَ | حُ کْ مُ کَ | عَ دْ لُ نْ | فِ یْ یَ | قَ ضَ اءُ کَ | اَسْ ءَ لُ کَ | بِ کُ لْ لِ سْ مِ نْ | ہُ وَ لَ کَ |
| میرے حق میں | تیرا حکم | انصاف والا ہے | میرے بارے میں | تیرا فیصلہ | میں تجھ سے سوال کرتا ہوں | ہر اس نام کے واسطے سے | جو تیرے لئے ہے |

میرے حق میں تیرا حکم جاری ہے، تیرا فیصلہ میرے بارے میں انصاف کے ساتھ ہے، میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے ہر اُس نام کے

سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهُ فِيْ كِتَابِكَ اَوْ عَلَّمْتَهُ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سَمَّيْتَ بِهٖ | نَفْسَكَ | اَوْ | اَنْزَلْتَهُ | فِيْ كِتَابِكَ | اَوْ | عَلَّمْتَهُ | اَحَدًا | مِّنْ خَلْقِكَ |
| سَ مْ مَا یْ تَ بِ ہِیْ | نَ فْ سَ کَ | اَوْ | اَنْ زَلْ تَ ہُوْ | فِ یْ کِ تَا بِ کَ | اَوْ | عَ لْ لَ مْ تَ ہُوْ | اَ حَ دَ مْ | مِ نْ خَ لْ قِ کَ |
| تونے پسند کیا ہے جسے | اپنے لئے | یا | تونے اُتارا | اپنی کتاب میں | یا | تُونے سکھایا اُسے | کسی کو | اپنی مخلوق میں سے |

واسطے سے جو تُونے اپنے لئے پسند کیا، یا اپنی کتاب میں تُونے اُتارا، یا اپنی مخلوق میں سے کسی کو سکھایا ہے،

اَوِ اسْتَأْثَرْتَ بِهٖ فِيْ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ رَبِيْعَ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوِاسْتَأْثَرْتَ | بِهٖ | فِيْ عِلْمِ الْغَيْبِ | عِنْدَكَ | اَنْ | تَجْعَلَ | الْقُرْاٰنَ | رَبِيْعَ |
| اَوِسْ تَ x ثَ رْ تَ | بِ ہِیْ | فِیْ عِ لْ مِ لْ غَا یْ بِ | عِ نْ دَ کَ | اَنْ | تَ جْ عَ لَ | لْ قُ رْ آ نَ | رَ بِ یْ عَ |
| یا تونے اختیار کر رکھا ہے | اُس کو | علمِ غیب میں | اپنے پاس | یہ کہ | تُو بنا دے | قرآن کو | بہار |

یا اپنے علم غیب میں تُونے اُس کو اختیار کر رکھا ہے، اس بات کو کہ تُو قرآن مجید کو میرے دل کی بہار

قَلْبِيْ وَنُوْرَ صَدْرِيْ وَجَلَآءَ حُزْنِيْ وَذَهَابَ هَمِّيْ ۔ (مسند احمد ج ۱ ص ۳۹۱)

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| قَلْبِيْ | وَنُوْرَ صَدْرِيْ | وَجَلَآءَ حُزْنِيْ | وَذَهَابَ | هَمِّيْ |
| قَ لْ بِ یْ | وَنُ وْ رَ صَ دْ رِ یْ | وَجَ لَا... ءَ حُ زْ نِ یْ | وَذَ ہَ ا بَ | ہَ مْ مِ یْ |
| میرے دل کی | اور نُور میرے سینے کا | اور دُور کردے میرے رنج و غم کو | اور دُور کردے | میری فکر کو |

اور میرے سینے کا نُور بنا دے اور دُور کر میرے رنج و غم کو اور میری فکر و پریشانیوں کو دُور کرنے کا ذریعہ بنا دے۔

وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا (سورۃ مزمل:۴)

''اور قرآن کی تلاوت اطمینان سے صاف صاف کیا کرو۔''

## خاور صادق ''قرآن سمجھو تحریک''

کا یہ اہم اور منفرد منصوبہ فہمِ قرآن کے سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

- ☆ قرآن کریم کو سمجھانے کا یہ اسلوب پہلی دفعہ ہمارے ہی ادارے نے متعارف کروایا ہے۔
- ☆ قرآن فہمی کا یہ منصوبہ خالصتاً ''رضائے الٰہی'' کے حصول کیلئے ہے۔
- ☆ مزید بہتری کیلئے اس مفید کاوش کی ترویج و ترقی میں ادارہ سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

آیئے! اس منفرد کوشش میں شریک ہو کر
تعلیمِ قرآن کو عام کرنے میں اہم کردار ادا کریں۔


خاور صادق ''قرآن سمجھو تحریک''

صدقہ جاریہ محترم محمد صادق چوہدری/محترمہ خاور صادق/محترم امیر ارقم ضمیر

فرسٹ فلور، امیر ارقم ضمیر مسجد/اسلامک سنٹر، ڈاکٹرز سوسائٹی، کینال روڈ لاہور 0300-5445595

www.quran-samjho.org quran.samjho.tahreek@gmail.com